★ ABC CERTIFIED ★
Member APNS
روزنامہ تعمیر وطن کوئٹہ
Daily Tameer-e-Watan Quetta

جلد نمبر 27۔۔۔شمارہ نمبر 334 بروز ہفتہ 30 اگست 2025ء 6 ربیع الاول 1447ھ۔۔۔قیمت 7 روپے (صفحات 8) کوئٹہ اور اسلام آباد سے بیک وقت شائع ہونے والا قومی اردو روزنامہ چیف ایڈیٹر: محمد عاطف خان۔۔۔ایڈیٹر: ایم ایس خان

پاکستان سمیت دنیا بھر میں حجاب کا عالمی دن 4 ستمبر کو منایا جائے گا

اسلام آباد (آن لائن) پاکستان سمیت دنیا بھر میں حجاب کا عالمی دن 4 ستمبر کو منایا جائے گا اس دن کے منانے کا مقصد اسلامی تعلیمات میں پردے کی اہمیت کو اجاگر کرنا ہے حجاب کے عالمی دن کے موقع پر خواتین کے زیر اہتمام مختلف تقاریب کا اہتمام کیا جائے گا حجاب کے عالمی دن کی بنیاد فرانس کی جانب سے پردے کے خلاف پابندیاں بنیں یورپ کے شہر فرانس میں مسلم خواتین کے پردہ کرنے کے تنازع پر وہاں کی ایک یونیورسٹی کے طلباء و طالبات نے حجاب ڈے منایا

پاکستان سمیت دنیا بھر میں ایٹمی ہتھیاروں کے تجربات کے خلاف عالمی دن ہفتہ کو منایا گیا

اسلام آباد (آن لائن) پاکستان سمیت دنیا بھر میں ایٹمی ہتھیاروں کے تجربات کے خلاف عالمی دن 29 اگست ہفتہ کو منایا گیا اس دن کے منانے کا مقصد ایٹمی ہتھیاروں کے تجربات کے نسل انسانی پر مرتب ہونے والے منفی اثرات اور ماحول کو آلودگی سے بچانے سے متعلق شعور بھی پیدا کرنا ہے۔ اس دن کے حوالے سے مختلف سماجی تنظیموں کے زیر اہتمام تقریبات منعقد کی گئیں

ایک خاندان کے 8 سے 10 لوگوں کو موت کے گھاٹ اتار کران کی 16 سالہ کم عمر بیٹی زینب اور اس کی کزن فاطمہ سے خودکش حملہ کروانا چاہتے تھے، میر ضیاء اللہ لانگو

دہشتگردوں کی دو بچیوں کے اغوا کی کوشش ناکام، انٹیلی جنس اداروں نے بحفاظت بازیاب کرا لیا

سیکورٹی اداروں نے حساس معلومات پر جنوبی بلوچستان میں انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن کے ذریعے دونوں بچیوں کو بحفاظت بازیاب کرا لیا، صوبائی وزیر داخلہ کی پریس کانفرنس

کوئٹہ (آن لائن) صوبائی وزیر داخلہ میر ضیاء اللہ لانگو نے کہا کہ فتنہ الہندوستان اسلامی اور قبائلی روایات کو مسخ کرکے کم عمر بچیوں کو ورغلا کر ان کی ذہن سازی کرکے خودکش حملے کروا رہی ہے۔ جس سے ان کی ناکامی صاف نظر آ رہی ہے ایک خاندان کے 8 سے 10 لوگوں کو موت کے گھاٹ اتار کران کی 16 سالہ کم عمر بیٹی زینب اور اس کی کزن فاطمہ سے خودکش حملہ کروانا چاہتے تھے کہ سیکورٹی اداروں نے حساس معلومات پر جنوبی بلوچستان میں انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن کے ذریعے دونوں بچیوں کو بحفاظت بازیاب کرا لیا یہ بات انہوں نے گزشتہ روز کوئٹہ میں پریس کانفرنس میں دونوں بچیوں کے ہمراہ کہی میر ضیاء اللہ لانگو نے کہا کہ فتنہ الہندوستان کے ناپاک کردار اور کارروائیاں سب کے سامنے ہیں اگر کوئی دہشت گردی کا بقیہ نمبر 1 صفحہ نمبر 2 پر

سانحہ پمز کی ابتدائی تحقیقاتی رپورٹ وزیراعظم کو پیش، ذمہ داروں کے خلاف فوری کارروائی کی سفارش

اسلام آباد (آن لائن) پمز میں پیش آنے والے سانحے کی ابتدائی تحقیقاتی رپورٹ وزیراعظم کو پیش کر دی گئی۔ ذرائع کے مطابق انکوائری کمیٹی کے سربراہ سابق سیکرٹری داخلہ شاہد خان نے رپورٹ رات گئے وزیراعظم کے مشیر توقیر شاہ کے دفتر میں جمع کرائی، جس کے بعد توقیر شاہ نے رپورٹ وزیراعظم کو بھجوائی اور اس کے اہم مندرجات اور سفارشات سے بھی آگاہ کر دیا۔ ذرائع کے مطابق رپورٹ پر انکوائری کمیٹی بقیہ نمبر 2 صفحہ نمبر 2 پر

کسی نے ہمیں دھرنے سے اٹھانے کی کوشش کی تو وہ اپنا شوق پورا کرلے، حافظ نعیم الرحمن

لاہور (آن لائن) امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمان کا کہنا ہے اگر کسی نے ہمیں دھرنے سے اٹھانے کی کوشش کی تو وہ اپنا شوق پورا کرلے لاہور میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے حافظ نعیم الرحمان کا کہنا تھا اپنا ٹیکس لیوی کی صورت میں غریبوں سے لیا جا رہا ہے دھرنوں اور احتجاج کی صورت میں تاریخی جدوجہد پورے ملک میں شروع ہو گئی ہے، سیکڑوں مقامات پر دھرنے سے بیداری و شعور پیدا ہوا ہے انہوں نے کہا کہ عالمی بقیہ نمبر 3 صفحہ نمبر 2 پر

ہمیں محض بیانات اور اعلانات سے آگے بڑھ کر عملی اقدامات کرنا ہوں گے، سید یوسف رضا گیلانی

نوم پنہ (آن لائن) پاکستان کے چیئرمین سینیٹ اور انٹر پارلیمنٹری اسپیکرز کانفرنس (آئی ایس سی) کے بانی چیئرمین سید یوسف رضا گیلانی نے عالمی امن اور مشترکہ خوشحالی کے فروغ کے لیے مضبوط پارلیمانی سفارت کاری، بین الاقوامی قانون کے یکساں اطلاق اور تنازعات کے پرامن حل کی ضرورت پر زور دیا ہے۔ چیئرمین سینیٹ نے نوم پنہ میں منعقدہ دوسری انٹر پارلیمنٹری بقیہ نمبر 4 صفحہ نمبر 2 پر

لاہور، وزیراعظم محمد شہباز شریف پمز (PIMS) میں آتشزدگی کے واقعے پر اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

یہ معاہدہ بھی عالمی سطح پر پاکستان کے بہترین مفاد میں اہم کردار ادا کرے گا ہمارا دین بھی امن، برداشت اور مثبت رویے کا درس دیتا ہے، نائب وزیراعظم

معاشی استحکام حاصل کرلیا، اب توجہ ترقی اور شرح نمو پر ہے، پاکستان ڈیفالٹ کے خطرے سے نکل گیا ہے، معیشت کا پہیہ چل پڑا، اوورسیز پاکستانی کمیونٹی سے خطاب

پاکستان کو دنیا کی 24 ویں بڑی معیشت اور جی 20 کا رکن بنانا ہدف ہے

اسحاق ڈار

برطانوی حکام کے ساتھ ہونے والی ملاقاتیں انتہائی سودمند ثابت ہوئیں۔ پاکستان اور برطانیہ کے تعلقات کو نئی بلندیوں پر لے جانے کے لیے کام جاری ہے

لندن (آن لائن) نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ اسحاق ڈار نے کہا ہے کہ پاکستان معاشی استحکام کی جانب تیزی سے بڑھ رہا ہے، ڈیفالٹ کا خطرہ ٹل رہا ہے اور معیشت کا پہیہ چل پڑا ہے، اب حکومت کی توجہ معاشی ترقی، شرح نمو، روزگار اور عوام کے معیار زندگی میں بہتری پر مرکوز ہے۔ پاکستان کو دنیا کی 24 ویں بڑی معیشت اور جی 20 کا حصہ بنانا حکومت کا ہدف ہے اور یہ ہدف ناممکن نہیں۔ لندن میں اوورسیز پاکستانی کمیونٹی سے خطاب کرتے ہوئے اسحاق ڈار نے کہا کہ بقیہ نمبر 5 صفحہ نمبر 2 پر

ایران کا امریکی پابندیوں کیخلاف ڈٹ جانے کا اعلان

سفارت کاری اور دفاع دونوں محاذوں پر بیک وقت کام جاری رکھیں گے، ایرانی میڈیا

سفارت کاری اور دفاع دونوں محاذوں پر بیک وقت کام جاری رکھیں گے، ایرانی حکومت

تہران (آن لائن) ایرانی حکومت نے امریکی پابندیوں اور امریکی و اسرائیلی سازشوں کے خلاف ڈٹ جانے کے عزم کا اظہار کیا ہے۔ ایران نے اپنے موقف میں کہا ہے کہ ملکی مفادات، سلامتی اور علاقائی سالمیت کے تحفظ کے لیے سفارت کاری اور دفاع ایک دوسرے کے لیے معاون، مربوط اور لازم و ملزوم ہیں۔ ایرانی سرکاری میڈیا پر جاری بقیہ نمبر 8 صفحہ نمبر 2 پر

امریکی جج نے 9/11 ماسٹر مائنڈ خالد شیخ محمد کے اعترافات مسترد کر دیے

واشنگٹن (آن لائن) امریکی فوجی عدالت کے جج نے خالد شیخ محمد کے اہم اعترافات کو مقدمے میں ثبوت کے طور پر مسترد کر دیا ہے۔ خالد شیخ محمد کو 11 ستمبر 2001 کے حملوں کا مبینہ ماسٹر مائنڈ سمجھا جاتا ہے۔ جج لیفٹیننٹ کرنل مائیکل شرامنے قرار دیا کہ 2007 میں ایف بی آئی کے سامنے دیے گئے بیانات رضا کارانہ نہیں بقیہ نمبر 7 صفحہ نمبر 2 پر

ایف 10 کشمیر مظاہرہ کیس، 59 ملزمان جوڈیشل ریمانڈ پر جیل منتقل

انسداد دہشتگردی عدالت نے 59 ملزمان کی ضمانت کی درخواستوں پر فریقین کو نوٹس جاری کر دیے

اسلام آباد (آن لائن) وفاقی دارالحکومت کے سیکٹر ایف 10 میں کشمیر کے حوالے سے ہونے والے مظاہرے کے دوران درج دہشتگردی کے مقدمے میں اہم پیش رفت سامنے آئی ہے، ریمانڈ مکمل ہونے پر پیش کیے گئے 59 ملزمان کو جوڈیشل ریمانڈ پر جیل بھیجنے کا حکم دے دیا، جبکہ ملزمان کی ضمانت کی درخواستوں پر سماعت کے دوران انسداد دہشتگردی عدالت نے چار روزہ جسمانی ریمانڈ کے بعد ڈیوٹی جج جواد بقیہ نمبر 6 صفحہ نمبر 2 پر

طالبان رجیم میں افغان معیشت کی تباہی، عام شہری شدید معاشی بحران کا شکار

کابل (آن لائن) طالبان رجیم میں افغان معیشت کی تباہی، عام شہری شدید معاشی بحران کا شکار ہیں۔ طالبان رجیم کی ناقص اقتصادی پالیسیوں کے باعث افغانستان کا معاشی بحران ہر گزرتے دن کے ساتھ مزید ابتر ہوتا جا رہا بقیہ نمبر 31 صفحہ نمبر 2 پر

متنازعہ آئی ٹی بل کی واپسی عوام کے بنیادی اور آئینی حقوق کی فتح ہے، سینیٹر پلوشہ

پی پی آئندہ بھی عوام کے حقوق کے تحفظ کیلئے ہر فورم پر آواز اٹھاتی رہے گی، پریس کانفرنس

اسلام آباد (آن لائن) پاکستان پیپلز پارٹی کی رہنما سینیٹر پلوشہ خان نے کہا ہے کہ متنازعہ آئی ٹی بل کی واپسی عوام کے بنیادی اور آئینی حقوق کی فتح ہے، جس کا کریڈٹ ان عوام کو جاتا ہے جنہوں نے اپنے حقوق پر سمجھوتہ کرنے سے انکار کیا۔ پیپلز پارٹی نے بھی اس متنازعہ قانون سازی کو روکنے کے لیے بھرپور کردار ادا کیا اور آئندہ بھی عوام کے حقوق کے تحفظ کے لیے بقیہ نمبر 30 صفحہ نمبر 2 پر

لورالائی یونیورسٹی آف ... وائس چانسلر ... کی زیر صدارت اجلاس ہو رہا ہے

پی او ایف دفاعی پیداوار میں جدت، خود انحصاری اور ملکی صلاحیتوں میں اضافے کے لیے پرعزم ہے

فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کا واہ میں دفاعی صنعتی کمپلیکس پاکستان آرڈیننس فیکٹریز کا دورہ

پی او ایف کی پیداواری صلاحیت، برآمدی استعداد اور ملکی دفاعی صنعتی بنیاد میں کردار کا جائزہ لیا، آئی ایس پی آر

فیلڈ مارشل سید عاصم منیر نے مقامی طور پر تیار کردہ اسلحے اور گولہ بارود کے تجربات اور آزمائشوں کا مشاہدہ کیا

راولپنڈی (آن لائن) آرمی چیف و چیف آف ڈیفنس فورسز فیلڈ مارشل سید عاصم منیر نے واہ میں پاکستان کے سب سے بڑے دفاعی صنعتی کمپلیکس پاکستان آرڈیننس فیکٹریز (پی او ایف) کا دورہ کیا، اور پی او ایف کی پیداواری صلاحیت، برآمدی استعداد اور ملکی دفاعی صنعتی بنیاد میں کردار کا جائزہ لیا۔ آئی ایس پی آر کے مطابق فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کو پی او ایف کے امور کار اور مقامی سطح پر مختلف دفاعی ساز و سامان کی تیاری کے حوالے سے بریفنگ دی گئی۔ فیلڈ مارشل سید عاصم منیر نے مقامی طور پر تیار کردہ اسلحے اور گولہ بارود کے تجربات اور آزمائشوں کا مشاہدہ کیا بقیہ نمبر 9 صفحہ نمبر 2 پر

کراچی۔ وزیر مملکت برائے خزانہ بلال اظہر کیانی کراچی چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری میں "آسان ٹیکس اسکیم" کے حوالے سے چھوٹے تاجروں کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں۔

وفاقی وزیر منصوبہ بندی احسن اقبال جامعہ الرشید کراچی کے مفتی عبدالرحیم سے ملاقات کر رہے ہیں

گوادر فرینڈشپ ہسپتال 300 بستروں تک توسیع، میڈیکل و نرسنگ کالج اور جدید فش ہاربر سمیت نئے منصوبے زیر غور

سی پیک کے تحت گوادر کی ترقی، پاک چین مشترکہ ورکنگ گروپ کا نواں اجلاس

گوادر پورٹ کی ملکی اقتصادی مراکز سے رابطہ کاری، ایم ایٹ موٹروے، گوادر تربت رابطہ سڑک سمیت متعدد منصوبوں کی پیشرفت کا جائزہ

بیجنگ / اسلام آباد / کوئٹہ (آن لائن) پاک چین اقتصادی راہداری (سی پیک) کے تحت گوادر کی ترقی سے متعلق جوائنٹ ورکنگ گروپ (JWG) کا نواں اجلاس بیجنگ اور اسلام آباد میں منعقد ہوا، جس میں گوادر میں جاری، مکمل اور مستقبل کے ترقیاتی منصوبوں کی پیشرفت بقیہ نمبر 10 صفحہ نمبر 2 پر

ایران جنگ، ٹرمپ کی دوسری مدت صدارت کیلئے سیاسی و عسکری چیلنج بن گئی

واشنگٹن (آن لائن) ایران کے ساتھ جنگ ڈونلڈ ٹرمپ کی دوسری مدت صدارت کے لیے بڑا سیاسی اور عسکری چیلنج بن گئی، امریکی اخبار کے مطابق ایران حکومت اب بھی قائم ہے بقیہ نمبر 12 صفحہ نمبر 2 پر

عوامی مسائل حل کرنا ہماری اولین ترجیحات میں شامل ہے، محمد خان لہڑی

ہم نے کبھی عوام کو کبھی بھی مایوس کیا اور نہ ہی ان کے مسائل حل کرنے پر کمپرومائز کیا ہے، پارلیمانی سیکرٹری

کوئٹہ (اے این این) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے مرکزی رہنما و پارلیمانی سیکرٹری برائے ایکسائز حاجی محمد خان لہڑی نے کہا ہے کہ عوامی مسائل حل کرنا ہماری اولین ترجیح ہے ہم کو عوام نے اس لیے منتخب کیا ہے ہم اسمبلی فلور پر آ کر ان کے مسائل قانون سازی کے ذریعے بقیہ نمبر 11 صفحہ نمبر 2 پر

پشتون علاقوں میں بدامنی، بھتہ خوری اور وسائل پر مقامی حقوق کی خلاف ورزیاں ناقابل قبول ہیں، نواب ایاز جوگیزئی

ڈیورنڈ لائن پر قانونی تجارت اور آمد و رفت میں مسلسل رکاوٹیں پیدا کی جا رہی ہیں

محمود خان اچکزئی

جنوبی پشتونخوا کے سیاسی، آئینی، معاشی اور امن و امان کے مسائل پر کوئٹہ میں جرگہ 30 اگست سے یکم ستمبر تک ہوگا، خطاب

کوئٹہ (آن لائن) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے چیئرمین تحریک تحفظ آئین پاکستان کے سربراہ اور قومی اسمبلی میں قائد حزب اختلاف محمود خان اچکزئی اور پارٹی کے مرکزی سیکرٹری نواب ایاز خان جوگیزئی نے مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ جنوبی پشتونخوا کے موجودہ سیاسی، آئینی، معاشی اور امن و امان کے سنگین حالات کے پیش نظر پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے زیر اہتمام 30 اگست تا یکم ستمبر 2026 کوئٹہ میں منعقد بقیہ نمبر 16 صفحہ نمبر 2 پر

آگ اور دھماکے کے وقت ڈاکٹرز، نرسنگ و سیکیورٹی اسٹاف کے فرار کا انکشاف

تحقیقاتی کمیٹی نے سی سی ٹی وی فوٹیج کی مدد سے واقعے کے وقت موجود عملے کی نقل و حرکت کا جائزہ لیا

اسلام آباد (آن لائن) پمز ہسپتال کی نرسری میں آتشزدگی اور دھماکے کے واقعے کی تحقیقات میں ہوشربا انکشافات سامنے آنے کا سلسلہ جاری ہے۔ ذرائع کے مطابق واقعے بقیہ نمبر 15 صفحہ نمبر 2 پر

مصطفیٰ کمال سے استعفے اور انکوائری پر سوال، جواب دینے سے گریز

اسلام آباد (آن لائن) وفاقی وزیر صحت مصطفیٰ کمال نے صحافی کے سوال کیا کہ "سنا ہے آپ نے استعفیٰ دے دیا ہے؟" مصطفیٰ بقیہ نمبر 14 صفحہ نمبر 2 پر

زمینداروں کے باغات کاٹنا حکومت کا سوچا سمجھا منصوبہ ہے، اسلم رئیسانی

بے دخلی اور جاری مسئلے کا حل ہوتیں تو وزیرستان میں مکمل امن ہوتا، بیان

کوئٹہ (آن لائن) چیف آف ساراوان سابق وزیر اعلیٰ بلوچستان رکن صوبائی اسمبلی نواب محمد اسلم رئیسانی نے کہا ہے کہ حکومت کی جانب سے مستونگ اور بلوچستان کے دوسرے علاقوں میں زمینداروں کے پھلدار باغات کاٹنا، لوگوں کو اپنے علاقوں سے بے دخل کرنا بقیہ نمبر 13 صفحہ نمبر 2 پر

سندھ طاس معاہدے میں یکطرفہ معطلی کی قطعاً کوئی گنجائش نہیں، رضوان سعید شیخ

سفیر پاکستان کا امریکہ میں بھارتی سفیر کے مضمون کا کرارا جواب، تمام الزامات کو بے بنیاد قرار دے کر مسترد کر دیا

واشنگٹن (آن لائن) امریکہ میں سفیر پاکستان رضوان سعید شیخ نے امریکہ میں بھارتی سفیر کے مضمون کا کرارا جواب دیتے ہوئے ان کے تمام الزامات کو بے بنیاد قرار بقیہ نمبر 19 صفحہ نمبر 2 پر

پاکستان و بلوچستان کیلئے ترقی و خوشحالی کے نئے مواقع پیدا ہو رہے ہیں، گورنر بلوچستان کی بات چیت

بلوچستان پاکستان کا مستقبل ہے، جعفر خان مندوخیل

قوموں کی پہچان مشکلات سے نہیں بلکہ مشکلات کا مقابلہ کرنے کے عزم، حوصلے اور مستقبل کی اسٹریٹجی سے ہوتی ہے

کوئٹہ (آن لائن) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے کہا کہ قوموں کی پہچان مشکلات سے نہیں بلکہ مشکلات کا مقابلہ کرنے کے عزم، حوصلے اور مستقبل کی اسٹریٹجی سے ہوتی ہے۔ موجودہ حکومت نے ایک ایسے وقت میں اقتدار سنبھالا جب ملک کو کئی پیچیدہ چیلنجز درپیش تھے۔ معاشی دباؤ، سیاسی کشیدگی، توانائی کے مسائل، عالمی سطح پر بدلتی ہوئی صورتحال اور عوام کے چیلنجز ہمارے سامنے تھے۔ وزیر اعظم بقیہ نمبر 21 صفحہ نمبر 2 پر

یوکرینی صدر زیلنسکی کا فوج کو روس پر روزانہ ایک ہزار ڈرون حملے کرنے کا حکم

روس کے خلاف طویل فاصلے تک مار کرنے والے ڈرون حملوں میں اضافہ کیا جائے، زیلنسکی کا خطاب

کیف (آن لائن) یوکرین کے صدر ولودیمیر زیلنسکی نے فوج کو روس کے خلاف روزانہ کم از کم ایک ہزار ڈرون حملے کرنے کا ہدف دے دیا۔ اپنے خطاب میں زیلنسکی نے یوکرینی فوج پر زور دیا کہ روس کے خلاف طویل فاصلے تک مار کرنے والے ڈرون حملوں میں اضافہ کیا جائے، موجودہ اندازوں کے مطابق یوکرین روزانہ تقریباً 300 ڈرون حملے کرتا ہے جبکہ زیلنسکی چاہتے ہیں یہ تعداد اس سے تین گنا سے بھی زیادہ ہو۔ زیلنسکی نے کہا کہ ایک واضح ہدف مقرر کیا گیا ہے اور یوکرین اسے مکمل کرے گا۔ دوسری جانب یوکرینی صدر نے امریکی انٹیلی جنس سربراہ کے ماسکو کے دورے اور روسی حکام سے ملاقاتوں سے متعلق رپورٹس کا بھی ذکر کیا اور کہا کہ کیف کو ماسکو میں حالیہ ملاقاتوں بقیہ نمبر 17 صفحہ نمبر 2 پر

ڈیرہ اسماعیل خان میں دہشتگرد حملہ، ڈی ایس پی سمیت 5 پولیس اہلکار زخمی

ڈیرہ اسماعیل خان (آن لائن) ٹانک روڈ پر سمال کے قریب دہشتگردوں کی فائرنگ سے ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ پولیس (ڈی ایس پی) بقیہ نمبر 18 صفحہ نمبر 2 پر

بلوچستان میں خوشحالی کی لہر شروع ہو چکی ہے، اراکین صوبائی اسمبلی

کوئٹہ (اے این این) اراکین صوبائی اسمبلی شیخ زرک خان مندوخیل، سردار مسعود لونی اور صمد گورگیج نے کہا ہے کہ بلوچستان میں خوشحالی کی لہر شروع ہو چکی ہے آنیوالا وقت بقیہ نمبر 20 صفحہ نمبر 2 پر

باغات کاٹنے کی دھمکی بلوچستان کے عوام کے خلاف ناقابل قبول تحقیقی رویہ ہے، انیل غوری

کوئٹہ (آن لائن) نیشنل پارٹی کے صوبائی سیکرٹری برائے انسانی حقوق انیل بقیہ نمبر 22 صفحہ نمبر 2 پر

کوئٹہ: میٹروپولیٹن کارپوریشن کے ایڈمنسٹریٹر بشیر احمد ... چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے دورے کے موقع پر خطاب کر رہے ہیں

اسلام آباد ہائی کورٹ میں فارنسک قوانین کے عدم نفاذ کے خلاف آئینی درخواست دائر

تعلیمی، طبی اور رفاہی اداروں کی رجسٹریشن کو فائر این او سی سے مشروط کرنے کی استدعا

اسلام آباد (آن لائن) اسلام آباد ہائی کورٹ میں فائر سیفٹی قوانین کے عدم نفاذ کے خلاف آئینی درخواست دائر کی گئی ہے جس میں تعلیمی، طبی اور رفاہی اداروں کی رجسٹریشن کو فائر این او سی سے مشروط کرنے کی استدعا کی گئی ہے درخواست احمد رانا کی وساطت سے اسلام آباد ہائی کورٹ میں دائر کی گئی، درخواست گزار کے مطابق پمز اسپتال میں 26 اگست کو آگ لگنے سے شیر خوار بچے زندہ جل گئے تھے، بعد میں پتہ چلا کہ اسپتال کے پاس فائر لائسنس کی این او سی ہی موجود نہیں تھی۔ متعلقہ چیئرمین سی ڈی اے، ہیلتھ ملک نوید عاشق اعوان نے لیڈ ویکٹ افراسیاب بقیہ نمبر 23 صفحہ نمبر 2 پر

نومنتخب کونسلر میر محمد نعیم خان عمرانی نے کامیابی کا نوٹیفکیشن جمع کرا دیا

ابجدا محمد (اے این این) جمعیت علمائے اسلام ضلع ابجدا محمد کے جنرل سیکرٹری اور میونسپل کارپوریشن ابجدا محمد کے وارڈ نمبر 23 سے نومنتخب کونسلر میر محمد نعیم خان عمرانی نے اپنی کامیابی کا بقیہ نمبر 24 صفحہ نمبر 2 پر

نئی کابینہ پر مشاورت، نواز شریف نے نومنتخب وزیراعظم آزاد کشمیر کو لاہور طلب کر لیا

لاہور (آن لائن) مسلم لیگ (ن) کے صدر میاں محمد نواز شریف سے نومنتخب وزیراعظم آزاد کشمیر سید افتخار گیلانی نے رابطہ کیا ہے۔ ذرائع کے مطابق میاں محمد نواز شریف نے نومنتخب وزیراعظم آزاد کشمیر کو آج لاہور ملاقات کے لیے بلا لیا ہے۔ ملاقات میں نومنتخب وزیراعظم سید افتخار گیلانی نئی کابینہ کے ناموں پر مشاورت کریں گے۔ مبارکباد دی اور ان کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔ اس موقع پر وزیراعظم پیر سید افتخار علی گیلانی نے کہا کہ آزاد کشمیر میں مسلم لیگ (ن) کی کامیابی میں شاہ غلام قادر کا کردار قابل تحسین ہے۔ انہوں نے کہا کہ شاہ غلام قادر نے مسلم لیگ (ن) کی کامیابی کے لیے کلیدی کردار ادا کیا۔ وزیراعظم آزاد کشمیر بقیہ نمبر 28 صفحہ نمبر 2 پر

وزیراعظم آزاد کشمیر پیر سید افتخار علی گیلانی کی شاہ غلام قادر سے ملاقات

شاہ غلام قادر گڈ گورننس کے فروغ کے لیے اپنی قیمتی آراء سے نوازتے رہیں گے، وزیراعظم

مظفرآباد (آن لائن) وزیراعظم آزاد کشمیر پیر سید افتخار علی گیلانی مسلم لیگ (ن) آزاد کشمیر کے صدر شاہ غلام قادر کی رہائش گاہ پہنچے، جہاں دونوں رہنماؤں کے درمیان ملاقات ہوئی۔ ملاقات میں باہمی دلچسپی کے امور اور آزاد کشمیر کی سیاسی صورتحال پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ شاہ غلام قادر نے پیر سید افتخار علی گیلانی کو وزیراعظم آزاد کشمیر منتخب ہونے پر مبارکباد دی۔ بقیہ نمبر 29 صفحہ نمبر 2 پر

حکومت بلوچستان کا معذور افراد میں ٹرائی سائیکلوں کی تقسیم جاری

معذور افراد کو درپیش نقل و حرکت کے مسائل کو کم کرنا اور انہیں زیادہ خود مختار، باوقار اور فعال زندگی گزارنے میں مدد فراہم کرنا ہے

حکومت بلوچستان کا معذور افراد کی فلاح و بہبود اور با اختیار بنانے کیلئے "کک پروگرام" کے تحت ٹرائی سائیکلیں تقسیم کرنے کا عمل جاری

کوئٹہ (آن لائن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز احمد بگٹی کی ہدایت اور خصوصی ہدایات جبکہ پارلیمانی سیکرٹری برائے سماجی بہبود حاجی ولی محمد نورزئی کی رہنمائی میں محکمہ سماجی بہبود حکومت بلوچستان کی جانب سے معذور افراد (PwDs) کی فلاح و بہبود، شمولیت اور با اختیار بنانے کے لیے عملی اقدامات کا سلسلہ جاری ہے اسی سلسلے میں "کک پروگرام" کے تحت معذور افراد میں ٹرائی سائیکلیں تقسیم کرنے کا عمل جاری بقیہ نمبر 26 صفحہ نمبر 2 پر

پیپلز پارٹی کا این اے 168 بہاولپور کے ضمنی انتخابات میں اپنا امیدوار نامزد کرنے کا اعلان

پاکستان پیپلز پارٹی نے ہمیشہ مثبت، اصولی اور جمہوری سیاست کو فروغ دیا

ملکی مفاد، سیاسی استحکام اور جمہوری سیاست کے تسلسل کو برقرار رکھنے کیلئے اپنی جماعتی ذمہ داریاں پوری کر رہے ہیں، سید نیر حسین بخاری

اسلام آباد (آن لائن) پاکستان پیپلز پارٹی پارلیمنٹیرینز کے مرکزی سیکرٹری جنرل سید نیر حسین بخاری نے اعلان کیا ہے کہ پاکستان پیپلز پارٹی این اے 168 بہاولپور کے ضمنی انتخابات میں اپنا امیدوار نامزد نہیں کرے گی سید نیر حسین بخاری نے کہا کہ پاکستان پیپلز پارٹی ہمیشہ اصولی سیاست، جمہوری اقدار اور سیاسی معاہدوں کی پاسداری پر یقین رکھتی ہے۔ پاکستان بقیہ نمبر 25 صفحہ نمبر 2 پر

جعلی اور نامکمل دستاویزات پر سفر کی اجازت نہیں دی جائے گی، وفاقی وزیر داخلہ

نامکمل اور بغیر تصدیق شدہ دستاویزات کے حامل کسی مسافر کو ہرگز سفر کی اجازت نہیں دی جائے گی

محسن نقوی کا دورہ کراچی ایئرپورٹ پر امیگریشن سسٹم ڈاؤن، فوری متبادل انتظام یقینی بنانے کا حکم

کراچی (آن لائن) وزیر داخلہ محسن نقوی نے جناح انٹرنیشنل ایئرپورٹ کا دورہ کیا جہاں انہوں نے امیگریشن کاؤنٹرز پر مسافروں کے لیے جاری عمل اور انہیں درپیش مشکلات کے بارے میں دریافت کیا۔ دورے کے دوران امیگریشن سسٹم میں خرابی سامنے آنے پر وفاقی وزیر نے فوری نوٹس لیتے ہوئے متعلقہ حکام بقیہ نمبر 27 صفحہ نمبر 2 پر

• ABC CERTIFIED •
روزنامہ
تعمیر وطن
TAMEER-E-WATAN

برادرانہ تعلقات سے مضبوط اقتصادی شراکت داری تک

پاکستان اور سعودی عرب کے تعلقات محض دو ریاستوں کے درمیان سفارتی روابط کا نام نہیں بلکہ یہ تاریخ، مذہب، عوامی جذبات، باہمی اعتماد اور مشکل وقت میں ایک دوسرے کے ساتھ کھڑے ہونے کی طویل روایت سے جڑے ہوئے ہیں۔ دونوں ممالک کے درمیان تعلقات نے مختلف ادوار میں کئی نشیب و فراز دیکھے مگر بنیادی رشتہ ہمیشہ اپنی مضبوطی برقرار رکھتا رہا۔ وزیر اعظم محمد شہباز شریف کا سعودی عرب کے وزیر ماحولیات، پانی و زراعت انجینئر عبدالرحمن بن عبدالمحسن الفضلی سے ملاقات کے دوران یہ کہنا کہ پاکستان اور سعودی عرب ترقی کے شراکت دار ہیں، دراصل ان تعلقات کے ایک نئے مرحلے کی نشاندہی کرتا ہے۔ اب ضرورت اس امر کی ہے کہ دیرینہ برادرانہ تعلقات کو جدید دور کے تقاضوں سے ہم آہنگ کرتے ہوئے مضبوط تجارتی، سرمایہ کاری، زرعی اور معاشی شراکت داری میں تبدیل کیا جائے۔ پاکستان اور سعودی عرب کے تعلقات میں مذہبی وابستگی بنیادی اہمیت رکھتی ہے۔ سعودی عرب مسلمانوں کے مقدس ترین مقامات کا مرکز ہے اور پاکستان کے عوام کے دلوں میں سعودی عرب کے لیے ایک خصوصی احترام پایا جاتا ہے۔ دوسری جانب سعودی قیادت بھی پاکستان کو ایک اہم برادر اسلامی ملک، علاقائی شراکت دار اور قابل اعتماد دوست سمجھتی ہے۔ یہی وجہ ہے کہ دونوں ممالک کے اعلیٰ حکام کے درمیان مسلسل رابطے نہ صرف سفارتی سطح پر اعتماد کو مضبوط کرتے ہیں بلکہ باہمی تعاون کے نئے امکانات بھی پیدا کرتے ہیں۔ وزیر اعظم کی جانب سے خادم الحرمین الشریفین شاہ سلمان بن عبدالعزیز اور ولی عہد شہزادہ محمد بن سلمان کے لیے نیک خواہشات کا اظہار بھی اسی برادرانہ تعلق کی عکاسی کرتا ہے۔ مگر موجودہ عالمی حالات نے یہ تقاضا مزید بڑھا دیا ہے کہ روایتی سفارتی تعلقات کو عملی اقتصادی شراکت داری میں تبدیل کیا جائے۔ دنیا میں معیشت، تجارت، سرمایہ کاری، ٹیکنالوجی، توانائی اور غذائی تحفظ ریاستوں کے درمیان تعلقات کی نئی بنیادیں بن چکے ہیں۔ ایسے میں پاکستان اور سعودی عرب کے لیے بھی ضروری ہے کہ وہ اپنے تاریخی تعلقات کو معاشی مواقع میں تبدیل کریں۔ وزیر اعظم شہباز شریف کا یہ موقف کہ دونوں ممالک کو اقتصادی اور زرعی شعبوں میں تعاون مزید بڑھانا چاہیے، اسی ضرورت کی طرف ایک واضح اشارہ ہے۔ مکہ مکرمہ مشترکہ دفاعی معاہدہ اس نئے علاقائی تناظر میں ایک اہم پیش رفت ہے۔ پاکستان، سعودی عرب اور ترکیہ کے درمیان طے پانے والے اس دفاعی معاہدے نے تینوں ممالک کے باہمی تعلقات کو مزید قریب لانے کے ساتھ ساتھ علاقائی سطح پر بھی ایک اہم پیغام دیا ہے۔ وزیر اعظم کے مطابق اس معاہدے نے پورے خطے میں اتحاد اور امن کا پیغام دیا ہے۔ دفاعی تعاون اگر ذمہ داری، باہمی احترام اور امن کے اصولوں کے تحت آگے بڑھایا جائے تو یہ خطے میں استحکام پیدا کرنے کا ذریعہ بن سکتا ہے۔ پاکستان کی پالیسی بھی یہی رہی ہے کہ خطے میں تنازعات کا حل تصادم کے بجائے مذاکرات، سفارت کاری اور باہمی تعاون کے ذریعے تلاش کیا جائے۔ تاہم دفاعی تعاون کے ساتھ اقتصادی تعاون کو بھی اسی اہمیت کے ساتھ آگے بڑھانے کی ضرورت ہے۔ اگر سیاسی اور دفاعی تعلقات مضبوط ہوں لیکن تجارت اور سرمایہ کاری محدود رہیں تو دونوں ممالک اپنی شراکت داری کی مکمل صلاحیت سے فائدہ نہیں اٹھا سکتے۔ پاکستان ایک بڑی افرادی قوت، وسیع زرعی رقبے، قدرتی وسائل اور متعدد معاشی شعبوں میں ترقی کی گنجائش رکھتا ہے، جبکہ سعودی عرب وژن 2030 کے تحت اپنی معیشت کو تیل پر انحصار سے نکال کر سیاحت، زراعت، ٹیکنالوجی، صنعت، انفراسٹرکچر اور دیگر شعبوں کی طرف لے جا رہا ہے۔ اس لیے دونوں ممالک کے معاشی مفادات میں کئی مقامات پر قدرتی ہم آہنگی موجود ہے۔ زراعت اس شراکت داری کا ایک انتہائی اہم میدان بن سکتی ہے۔ پاکستان ایک زرعی ملک ہے جہاں گندم، چاول، پھل، سبزیاں، گوشت اور دیگر زرعی اجناس کی پیداوار کے وسیع امکانات موجود ہیں۔ سعودی عرب کو غذائی تحفظ کے لیے مستقل اور قابل اعتماد زرعی مصنوعات کی ضرورت ہے۔ پاکستان اگر اپنی زرعی پیداوار کے معیار، پیکیجنگ، کولڈ چین، ذخیرہ اندوزی اور برآمدی نظام کو جدید خطوط پر استوار کرے تو سعودی منڈی پاکستان کے لیے ایک بڑی اور مستحکم مارکیٹ ثابت ہو سکتی ہے۔ وزیر اعظم نے پاکستان سے سعودی عرب کو زرعی مصنوعات کی برآمد کے حوالے سے جاری مثبت تعاون پر اطمینان کا اظہار کر کے اسی امکان کو اجاگر کیا ہے۔ محض خام زرعی پیداوار برآمد کرنے کے بجائے پاکستان کو ویلیو ایڈڈ زرعی مصنوعات کی طرف بڑھنا ہوگا۔ پھلوں کے جوس، خشک پھل، پراسیسڈ فوڈ، ڈبہ بند سبزیاں، گوشت اور دیگر معیاری مصنوعات سعودی مارکیٹ میں بہتر مقام حاصل کر سکتی ہیں۔ اس کے لیے پاکستانی برآمد کنندگان کو عالمی معیار، فوڈ سیفٹی اور بین الاقوامی سرٹیفکیشن کے تقاضے پورے کرنا ہوں گے۔ پاکستان کے لیے سعودی سرمایہ کاری بھی غیر معمولی اہمیت رکھتی ہے۔ پاکستانی معیشت کو ایسے غیر ملکی سرمایہ کاری منصوبوں کی ضرورت ہے جو صرف سرمایہ نہ لائیں بلکہ ٹیکنالوجی، روزگار، مہارت اور نئی منڈیاں بھی پیدا کریں۔ سعودی سرمایہ کار پاکستان کے زرعی شعبے، فوڈ پروسیسنگ، آبپاشی، لائیو اسٹاک، ڈیری، کولڈ اسٹوریج، زرعی مشینری اور قابل تجدید توانائی جیسے شعبوں میں سرمایہ کاری کر سکتے ہیں۔ اس کے نتیجے میں پاکستان کی زرعی معیشت کو جدید خطوط پر استوار کرنے میں مدد مل سکتی ہے۔ وزیر اعظم کی جانب سے پاکستانی زرعی ماہرین کا وفد جلد ریاض بھیجنے کا اعلان اس سلسلے میں ایک عملی قدم ہے۔ ایسے وفود محض ملاقاتوں تک محدود نہیں رہنے چاہئیں بلکہ انہیں واضح اہداف، منصوبوں اور قابل عمل تجاویز کے ساتھ آگے بڑھایا جانا چاہیے۔ پاکستان کے زرعی ماہرین سعودی اداروں کے ساتھ مل کر یہ جائزہ لے سکتے ہیں کہ کم پانی والے علاقوں میں جدید زراعت، ڈرپ اریگیشن، آبپاشی کے مؤثر نظام، جدید بیج، زرعی تحقیق اور موسمیاتی تبدیلی کے اثرات سے نمٹنے کے لیے کون سی مشترکہ حکمت عملی اختیار کی جا سکتی ہے۔ پانی کا مسئلہ بھی اس شراکت داری میں بنیادی اہمیت رکھتا ہے۔ پاکستان میں زرعی پیداوار کا ایک بڑا حصہ آبپاشی کے نظام پر منحصر ہے، مگر پانی کے ضیاع، فرسودہ آبپاشی کے طریقوں اور موسمیاتی تبدیلی کے باعث پانی کے وسائل پر دباؤ بڑھ رہا ہے۔ سعودی عرب بھی محدود آبی وسائل کے باعث پانی کے مؤثر استعمال اور جدید زرعی ٹیکنالوجی پر توجہ دے رہا ہے۔ دونوں ممالک ایک دوسرے کے تجربات سے فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔ پانی کے کم استعمال سے زیادہ پیداوار حاصل کرنے والی ٹیکنالوجی، جدید آبپاشی اور تحقیق کے شعبوں میں مشترکہ منصوبے مستقبل میں انتہائی مفید ثابت ہو سکتے ہیں۔ تحقیق و ترقی کا شعبہ بھی نظر انداز نہیں کیا جا سکتا۔ پاکستان کی جامعات، زرعی تحقیقی ادارے اور ماہرین اگر سعودی اداروں کے ساتھ مشترکہ تحقیق کریں تو خشک سالی، پانی کی کمی، بہتر بیج، زیادہ پیداوار، بیماریوں سے محفوظ فصلوں اور جدید زرعی ٹیکنالوجی کے حوالے سے اہم پیش رفت ممکن ہے۔ اس تعاون کو صرف حکومتی سطح تک محدود رکھنے کے بجائے نجی شعبے، جامعات، تحقیقی اداروں اور کاروباری تنظیموں تک پھیلایا جانا چاہیے۔ سعودی وزیر کا پاکستان کے ساتھ زراعت، پانی اور غذائی تحفظ کے شعبوں میں تعاون بڑھانے کے عزم کا اعادہ امید افزا امر ہے۔ غذائی تحفظ آنے والے برسوں میں دنیا کے اہم ترین مسائل میں شامل ہوگا۔ آبادی میں اضافہ، موسمیاتی تبدیلی، پانی کی کمی اور عالمی تنازعات نے غذائی سپلائی چین کو پہلے سے زیادہ حساس بنا دیا ہے۔ پاکستان اور سعودی عرب اگر مشترکہ طور پر غذائی تحفظ کے منصوبے تشکیل دیتے ہیں تو یہ تعاون دونوں ممالک کے لیے طویل مدتی اہمیت کا حامل ہوگا۔ ضرورت اس بات کی بھی ہے کہ پاکستان اپنی داخلی معاشی اصلاحات کو تیز کرے۔ غیر ملکی سرمایہ کار صرف مواقع نہیں دیکھتے بلکہ پالیسی کا تسلسل، شفافیت، آسان کاروباری ماحول، ٹیکس نظام، توانائی کی دستیابی اور قانونی تحفظ بھی دیکھتے ہیں۔ اگر پاکستان سعودی سرمایہ کاری کے لیے سازگار ماحول پیدا کرتا ہے تو برادرانہ تعلقات کو حقیقی معاشی فوائد میں تبدیل کیا جا سکتا ہے۔ پاکستان اور سعودی عرب کے تعلقات میں ایک اور اہم عنصر پاکستانی افرادی قوت ہے۔ لاکھوں پاکستانی سعودی عرب میں خدمات انجام دے رہے ہیں اور دونوں ممالک کی معیشتوں میں اپنا کردار ادا کر رہے ہیں۔ مستقبل میں ہنر مند افرادی قوت، جدید ٹیکنالوجی، انجینئرنگ، صحت، آئی ٹی، زراعت اور دیگر شعبوں میں پاکستانی ماہرین کے لیے مزید مواقع پیدا کیے جا سکتے ہیں۔ اس طرح انسانی رابطے بھی اقتصادی شراکت داری کا مضبوط ذریعہ بن سکتے ہیں۔ مجموعی طور پر وزیر اعظم شہباز شریف اور سعودی وزیر ماحولیات، پانی و زراعت کے درمیان ملاقات اس امر کی واضح علامت ہے کہ پاکستان اور سعودی عرب اپنے تعلقات کو ایک نئے عملی مرحلے میں داخل کرنا چاہتے ہیں۔ مکہ مکرمہ مشترکہ دفاعی معاہدے نے سیاسی اور دفاعی اعتماد کو نئی سطح دی ہے، جبکہ اب اقتصادی، تجارتی اور زرعی تعاون اس شراکت داری کا اگلا اہم ستون بن سکتا ہے۔ دونوں ممالک کے درمیان موجود تاریخی اعتماد کو اگر جدید اقتصادی منصوبہ بندی، سرمایہ کاری، تجارت، ٹیکنالوجی اور زرعی تعاون سے جوڑ دیا جائے تو یہ تعلقات نہ صرف دونوں ممالک کے لیے معاشی فوائد پیدا کر سکتے ہیں بلکہ پورے خطے میں امن، استحکام اور خوشحالی کے امکانات بھی بڑھا سکتے ہیں۔ پاکستان کے لیے اصل چیلنج یہ ہے کہ وہ برادرانہ تعلقات کو صرف جذباتی نعروں تک محدود رکھنے کے بجائے انہیں ٹھوس معاشی نتائج میں تبدیل کرے۔ سعودی عرب کے ساتھ تعلقات پہلے ہی مضبوط بنیادوں پر قائم ہیں، اب وقت ان بنیادوں پر ایک وسیع اور پائیدار اقتصادی عمارت تعمیر کرنے کا ہے۔ اگر دونوں ممالک اپنی صلاحیتوں، وسائل، تجربات اور سرمایہ کو مشترکہ مقاصد کے لیے بروئے کار لائیں تو زراعت، پانی، غذائی تحفظ، تجارت اور سرمایہ کاری کے شعبوں میں ایک نئی تاریخ رقم کی جا سکتی ہے۔ یہی وہ راستہ ہے جس کے ذریعے پاکستان اور سعودی عرب کی دیرینہ دوستی ایک مضبوط، بااعتماد اور باہمی مفادات پر مبنی تزویراتی اقتصادی شراکت داری میں تبدیل ہو سکتی ہے۔

بقیہ 01

واقعہ رونما ہو تو اس پر انگلی اٹھائی جاتی ہے کہ سیکورٹی فورسز کیا کر رہی ہے حالانکہ ایک واقعہ رونما ہوتا ہے تو اس کے بدلے میں سیکورٹی ادارے ایسے 10 واقعات کو ناکام بھی بناتی ہے۔ انہوں نے بتایا کہ فتنہ الہندوستان اپنے ناپاک عزائم کی تکمیل کیلئے جنوبی بلوچستان میں کم عمر بچیوں کو ورغلا کر انکو خودکش حملہ کرانے کی کوشش کی۔ فتنہ الہندوستان کی جانب سے زینب کے شوہر سمیت خاندان کے دیگر 8 سے 10 افراد کو قتل کر کے مقامی کمانڈر نے زینب کے شوہر سے رابطہ کیا اور تنظیم کیلئے کام کرنے پر آمادہ کرنے کی کوشش کی۔ بی ایل اے کے کمانڈر کو تنظیم کے ناپاک کاموں سے انکار پر فتنہ الہندوستان کی جانب سے سیف کو قتل کر دیا گیا۔ انہوں نے بتایا کہ نامعلوم مقام سے دوسری جگہ منتقل کرنے کے دوران سیکورٹی فورسز نے خفیہ اطلاع پر کارروائی کی جسکے دوران زینب اور فاطمہ کو حراست میں لیا گیا۔ سیکورٹی فورسز کی خفیہ اطلاع پر کی گئی کارروائی میں کم عمر بچیوں کو خودکش حملے میں استعمال کرنے کا بی ایل اے کا منصوبہ ناکام بنا دیا۔ بی ایل اے کی جانب سے خودکش حملے کیلئے تیار کی گئیں زینب اور فاطمہ نامی دو خودکش بچیاں پکڑی گئیں، دونوں بچیوں سے دوران تفتیش انکشافات نے بی ایل اے کا مکروہ اور ناپاک عزائم سے پردہ اٹھا دیا۔ اس موقع پر پکڑی گئیں خودکش بچیوں میں 16 سالہ زینب اور 12 سالہ فاطمہ نے کہا کہ میرے والد کا نام نثار ہے ہم جنوبی بلوچستان کی رہنے والی ہیں میرے والد کو دہشتگردوں نے مارا تھا پھر میرا ذہن بنایا گیا کہ آپکے والد کو سرکار نے مارا ہے تم آؤ ہمارے پاس اور سرکار پر خودکش حملہ کرو پھر میں اور زینب تیار ہو گئیں ہم نے کہا کہ ہم گھر جانا چاہتی ہیں پھر ہمیں مارا اور تنگ کیا گیا ہم نے کہا ہمیں نہیں لے جاؤ گے تو ہم خود کو مار لیں گی اس کے بعد بھی مقامی کمانڈر نے کال کا سلسلہ جاری رکھا بالآخر رابطہ مقتول کی بیوی زینب سے ہوا جس میں اس نے میرے شوہر کے قتل کا الزام اداروں پر لگایا اور بدلہ لینے پر مجھ کو آمادہ کیا۔ انہوں نے بتایا کہ کم عمر فاطمہ میری کزن اور ہر وقت ساتھ موجود ہونے کی وجہ سے کمانڈر سے رابطے میں رہی، فاطمہ کے والد کو بھی بی ایل اے نے دہشتگردی کا نشانہ بنایا اور زینب کی طرح جذباتی بنا کر بی ایل اے کا حصہ بننے پر راضی کیا گیا۔ زینب اور فاطمہ نے سیکورٹی فورسز کی بروقت کارروائی کے دوران اپنی جان بچانے پر فورسز کا شکریہ ادا کیا پکڑی گئی کم عمر بچیوں کی جانب سے حکومت اور قوم سے عام معافی کی بھی استدعا کی۔

بقیہ 02

کے تمام اراکین کے دستخط موجود ہیں جبکہ کمیٹی نے ساتھ ہی [illegible] کی وجوہات اور مبینہ ذمہ داروں کا بھی تعین کیا ہے۔ رپورٹ میں واقعے کے دوران ریسکیو ٹیموں کو امدادی کارروائیوں میں پیش آنے والی مشکلات اور رکاوٹوں کا بھی تفصیلی ذکر کیا گیا ہے۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ سانحے کے وقت پلازہ کا متعلقہ عملہ غیر حاضر تھا، ان کے خلاف کارروائی کی سفارش بھی رپورٹ میں شامل ہے۔ انکوائری کمیٹی نے مستقبل میں ایسے واقعات کی روک تھام کے لیے متعدد سفارشات بھی پیش کی ہیں۔ رپورٹ میں پلازہ انتظامیہ اور ڈاکٹروں کے انٹرویوز کو بھی شامل کیا گیا ہے، جبکہ فائر بریگیڈ اور ریسکیو ٹیموں کے بیانات بھی تحقیقاتی رپورٹ کا حصہ ہیں۔ ذرائع کے مطابق رپورٹ میں ہسپتال میں علاج معالجے کے نظام اور دستیاب سہولیات کا بھی جائزہ لیا گیا ہے۔ رپورٹ میں ہسپتال کی سہولیات کے حوالے سے سنگین نوعیت کے مشاہدات سامنے آئے ہیں اور کہا گیا ہے کہ متعدد معاملات عالمی معیار کے مطابق نہیں۔ ذرائع کے مطابق انکوائری کمیٹی نے وزیر اعظم سے ذمہ دار قرار دیے گئے افراد کے خلاف فوری کارروائی کی سفارش کی ہے۔ وزیر اعظم نے بھی رپورٹ کی روشنی میں فوری ایکشن لینے کا فیصلہ کیا ہے، جس کے بعد متعلقہ ذمہ داروں کے خلاف جلد کارروائی کا امکان ہے۔ رپورٹ کو منظر عام پر لانے یا پبلک کرنے کا اختیار بھی وزیر اعظم کو دے دیا گیا ہے۔ تاہم رپورٹ کے مندرجات عوام کے سامنے کب لائے جائیں گے، اس کا فیصلہ وزیر اعظم کریں گے۔ انکوائری کمیٹی کے ذرائع نے رپورٹ وزیر اعظم آفس بھجوائے جانے کی تصدیق کردی ہے۔

بقیہ 03

مارکیٹ میں فرق آنے کے باوجود پیٹرول سستا نہیں کیا جا رہا، یہ عوام کی نمائندہ حکومت نہیں بلکہ فارم 47 والے ہیں، بھتہ ٹیکس لیوی کی صورت میں غریبوں سے لیا جا رہا ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ وفاقی حکومت کے اپنے اخراجات ایک ٹریلین روپے تک پہنچ گئے ہیں جبکہ ملک میں لوڈشیڈنگ عروج پر ہے، سرکاری گاڑی 1300 سی سی سے زیادہ نہیں ہونی چاہیے۔ امیر جماعت اسلامی نے کہا کہ ہم لاہور میں طویل دھرنے بھی دے سکتے ہیں، تمام سیاسی جماعتوں کو دھرنے میں شرکت کی دعوت دیتے ہیں، اگر کسی نے ہمیں دھرنے سے اٹھانے کی کوشش کی تو اپنا شوق پورا کر لے۔ خیال رہے کہ جماعت اسلامی کی جانب سے پیٹرولیم لیوی کے خلاف کراچی اور لاہور سمیت ملک کے مختلف شہروں میں احتجاجی دھرنے دیے جا رہے ہیں۔

بقیہ 04

اسپیکرز کانفرنس جنرل ڈیبیٹ سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ کانفرنس کا موضوع امن اور مشترکہ خوشحالی کے لیے پارلیمنٹ محض ایک تصور نہیں بلکہ اسے عملی اقدامات میں تبدیل کرنا ہوگا۔ ہمیں محض بیانات اور اعلانات سے آگے بڑھ کر عملی اقدامات کرنا ہوں گے۔ سید یوسف رضا گیلانی نے کہا کہ پاکستان نے امریکہ اور ایران کے درمیان مذاکرات کے لیے سہولت کاری میں اپنا کردار ادا کیا ہے، جو اس امر کا ثبوت ہے کہ اختلافات کے حل کے لیے مکالمہ، سفارت کاری اور پل کا کردار ادا کرنا ناگزیر ہے۔ انہوں نے کہا کہ بین الاقوامی قانون کا تمام ریاستوں پر بلا امتیاز اور یکساں اطلاق ہونا چاہیے۔ عالمی قوانین اور اصولوں کی تشکیل میں گلوبل ساؤتھ کو زیادہ موثر نمائندگی دی جائے۔ پارلیمانیں معاہدوں کی توثیق، احتساب کے فروغ اور منصفانہ بین الاقوامی اصولوں کے قیام میں اہم کردار ادا کر سکتی ہیں۔ چیئرمین سینیٹ نے کہا کہ پاکستان دہشت گردی سے شدید متاثر ہوا ہے اور لاکھوں پناہ گزینوں کی میزبانی کر چکا ہے، اس لیے پاکستان تنازعات کی قیمت سے بخوبی آگاہ ہے اور امن کے انتخاب پر یقین رکھتا ہے۔ انہوں نے دوسری آئی ایس سی کی کامیاب میزبانی پر کمبوڈیا کی حکومت اور پارلیمان کو مبارکباد پیش کی جبکہ حالیہ قدرتی آفت پر نیپال کے عوام اور پارلیمان کے ساتھ یکجہتی کا اظہار کیا۔ سید یوسف رضا گیلانی نے آئندہ تیسری انٹر پارلیمنٹری اسپیکرز کانفرنس کی میزبانی کے لیے انڈونیشیا کا خیر مقدم کرتے ہوئے کہا کہ پارلیمانی روابط کو مزید عزم اور نتیجہ خیز بنانا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ چیئرمین سینیٹ نے آئی ایس سی کو ایک مستقل ادارے میں تبدیل کرنے کی تجویز پیش کرتے ہوئے کہا کہ اس میں فوری ردعمل کے طریقہ کار، حقائق جاننے کے لیے تھنک ٹینک / فورم اور امن و سلامتی کے معاملات پر مسلسل پارلیمانی روابط کا موثر نظام شامل ہونا چاہیے۔ اجلاس کی مشترکہ صدارت کمبوڈیا کی سینیٹ کے فرسٹ وائس پریذیڈنٹ معزز [illegible] نے کی۔

بقیہ 05

برطانیہ کا حالیہ دورہ انتہائی مثبت رہا اور برطانوی حکام کے ساتھ ہونے والی ملاقاتیں انتہائی سودمند ثابت ہوئیں۔ پاکستان اور برطانیہ کے تعلقات کو نئی بلندیوں پر لے جانے کے لیے کام جاری ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان نے گزشتہ عرصے میں معاشی استحکام کے حصول کے لیے اہم اقدامات کیے ہیں۔ پالیسی ریٹ 22 فیصد سے کم ہو کر 11 فیصد تک آچکا ہے جبکہ مہنگائی 30 فیصد سے کم ہو کر سنگل ڈیجٹ میں آ گئی ہے۔ زرمبادلہ کے ذخائر میں بھی نمایاں بہتری آئی ہے۔ وزیر خارجہ نے کہا کہ معاشی استحکام کے بعد اب حکومت کی توجہ ترقی اور شرح نمو بڑھانے پر ہے۔ پاکستان کو دوبارہ 2017ء کے بہتر معاشی اشاریوں کی سطح تک لے جانا چاہتے ہیں۔ معاشی ترقی کے نتیجے میں ٹیکس آمدن میں اضافہ، روزگار کے مواقع اور عوام کے معیار زندگی میں بہتری آئے گی۔ اسحاق ڈار نے کہا کہ پاکستان نے دولت مشترکہ میں اصلاحات کی ضرورت پر زور دیا ہے اور موسمیاتی تبدیلیوں سے نمٹنے کے لیے دولت مشترکہ کے رکن ممالک کو تعاون کی پیشکش بھی کی ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کی مسلح افواج نے گزشتہ سال معرکہ حق میں شاندار کامیابی حاصل کی جبکہ عالمی سطح پر پاکستان کی سفارتی کوششوں کو بھی سراہا جا رہا ہے۔ پاکستان عالمی سطح پر اپنی سفارتی ذمہ داریاں بھرپور انداز میں ادا کر رہا ہے۔ وزیر خارجہ نے کہا کہ ایران اور امریکا کے درمیان جنگ رکوانے اور دونوں فریقوں کو مذاکرات کی میز پر لانے میں پاکستان نے انتہائی اہم کردار ادا کیا۔ اسلام آباد ہم آہنگی معاہدے کے مطابق تنازع کے حل اور دونوں فریقوں کو مذاکرات کی میز پر لانے کے لیے پاکستان کی کوششیں اب بھی جاری ہیں۔ پاکستان مسائل کے حل کے لیے مذاکرات اور سفارت کاری کو ہی بہترین راستہ سمجھتا ہے۔ اسحاق ڈار نے کہا کہ اللہ تعالیٰ نے پاکستان کو ایک طرف معاشی مشکلات سے نکالا تو دوسری جانب عالمی سطح پر ملک کا وقار بھی بلند ہوا ہے۔ آج دنیا پاکستان کو ایک ابھرتی ہوئی "مڈل پاور" کے طور پر دیکھ رہی ہے۔ اوورسیز پاکستانیوں کے کردار کو سراہتے ہوئے انہوں نے کہا کہ بیرون ملک مقیم پاکستانی ملکی معیشت کی بہتری میں نمایاں کردار ادا کر رہے ہیں اور یہ پاکستان کا قومی اثاثہ ہیں۔ سالانہ ترسیلات زر میں تقریباً 40 ارب ڈالر کا اضافہ ہو رہا ہے۔ انہوں نے اوورسیز پاکستانیوں پر زور دیا کہ وہ پاکستان میں سرمایہ کاری کریں اور روشن ڈیجیٹل اکاؤنٹ کے ذریعے رقوم پاکستان بھیجیں تاکہ ملکی معیشت کو مزید مضبوط بنایا جا سکے۔ وزیر خارجہ نے کہا کہ ناچ گانے اور موسیقی سے مسائل حل نہیں ہوتے، ہمیں مثبت کام کرنا چاہیے اور کسی سے لڑنے جھگڑنے کی ضرورت نہیں۔ ہمارا دین بھی امن، برداشت اور مثبت رویے کا درس دیتا ہے۔ اسحاق ڈار نے گزشتہ دنوں پاکستان، سعودی عرب اور ترکیہ کے درمیان طے پانے والے مکہ دفاعی معاہدے کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ یہ معاہدہ کسی ملک کے خلاف جارحیت یا اشتعال انگیزی کے لیے نہیں بلکہ خطے میں امن و امان برقرار رکھنے کے لیے ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ معاہدہ بھی عالمی سطح پر پاکستان کے بہترین مفاد میں اہم کردار ادا کرے گا۔

بقیہ 06

نے کیس کی سماعت کی۔ پولیس کی جانب سے 59 ملزمان کو چار روزہ جسمانی ریمانڈ مکمل ہونے پر عدالت میں پیش کیا گیا، تاہم پولیس نے ملزمان کے مزید جسمانی ریمانڈ کی استدعا نہیں کی۔ عدالت نے تمام 59 ملزمان کو جوڈیشل ریمانڈ پر جیل بھیجنے کا حکم دے دیا۔ دوران سماعت ملزمان کی جانب سے دائر ضمانت کی درخواستوں پر عدالت نے فریقین کو نوٹس جاری کر دیے۔ سینیٹر مشتاق احمد سمیت 37 ملزمان کی ضمانت کی درخواستوں پر آج دلائل نہ ہو سکے، جس کے باعث عدالت نے مجموعی طور پر دائر 96 ضمانت کی درخواستوں پر سماعت کل تک ملتوی کر دی۔ پولیس کے مطابق واقعے کا مقدمہ تھانہ شالیمار میں دہشتگردی سمیت دیگر دفعات کے تحت درج کیا گیا ہے۔ کیس میں مزید قانونی کارروائی آئندہ سماعت پر جاری رہے گی۔

بقیہ 07

تھے۔ عدالت کے مطابق یہ اعترافات سی آئی اے کی حراست کے دوران ہونے والے جبر اور نفسیاتی دباؤ سے متاثر تھے، اس لیے انہیں مقدمے میں استعمال نہیں کیا جا سکتا۔ یہ فیصلہ استغاثہ کے لیے بڑا دھچکا ہے کیونکہ خالد شیخ محمد کے یہ بیانات مقدمے میں اہم ثبوت سمجھے جاتے تھے۔ خالد شیخ محمد اور تین دیگر ملزمان کا مقدمہ اب 5 جون 2028 سے گوانتاناموبے میں شروع ہونے کا شیڈول ہے، اگر مزید قانونی رکاوٹیں نہ آئیں۔ امریکی فوجی استغاثہ اس فیصلے کے خلاف اپیل کرنے پر غور کر رہا ہے۔

بقیہ 08

بیان میں ایرانی حکومت نے کہا ہے کہ سفارت کاری اور دفاع دونوں محاذوں پر بیک وقت کام جاری رکھیں گے۔ بیان کے مطابق حکومت کی ترجیحات میں مہنگائی پر قابو پانا، روزگار کے مواقع پیدا کرنا، مقامی پیداوار کو فروغ دینا اور بتدریج امریکی ڈالر پر انحصار کم کرنا شامل ہے۔ ایرانی حکومت نے واضح کیا ہے کہ ایران ملکی معیشت کے استحکام کے ساتھ ساتھ قومی سلامتی اور خودمختاری کے تحفظ کے لیے بھی اپنی پالیسی جاری رکھے گا۔

بقیہ 09

ترجمان کے مطابق پی او ایف دفاعی پیداوار میں جدت، خود انحصاری اور ملکی صلاحیتوں میں اضافے کے لیے پرعزم ہے۔ فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کو [illegible] آرڈیننس کے تقاضوں کے بعد پی او ایف کی کارپوریٹائزیشن کے بارے میں بھی پیش رفت پر بریفنگ دی گئی۔ پی او ایف میں مقامی پیداوار اور استعداد کار بڑھانے کے لیے دو نئے صنعتی پلانٹس کی تنصیب جاری ہے، دونوں نئے صنعتی پلانٹس سے رواں سال کے اختتام تک پیداوار متوقع ہے۔ فیلڈ مارشل کا دورہ دفاعی شعبے میں خود انحصاری، مقامی پیداوار اور تکنیکی جدت کے فروغ کے عزم کا عکاس ہے۔

بقیہ 10

فت، ترجیحات اور آئندہ کے لائحہ عمل کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس کی مشترکہ صدارت پاکستان کی جانب سے سیکرٹری وزارت منصوبہ بندی، ترقی و خصوصی اقدامات ڈاکٹر محمد طاہر نور جبکہ چینی جانب سے نیشنل ڈیولپمنٹ اینڈ ریفارم کمیشن (NDRC) کے ڈائریکٹر جنرل مسٹر ہان جیانگ نے کی۔ اجلاس میں متعلقہ وفاقی وزارتوں، اداروں اور چینی حکام و ماہرین نے شرکت کی، جبکہ ڈائریکٹر جنرل گوادر ڈیولپمنٹ اتھارٹی معین الرحمن خان اور ڈائریکٹر جنرل آپریشنز گوادر پورٹ اتھارٹی [illegible] نے ویڈیو لنک کے ذریعے اجلاس میں شرکت کی۔ اسلام آباد میں قائم چینی سفارتخانے کے کمرشل ونگ کے اعلیٰ حکام بھی اجلاس میں شریک تھے۔ اجلاس کے دوران پاکستانی اور چینی حکام کی جانب سے اپنے اپنے متعلقہ شعبوں اور منصوبوں پر تفصیلی بریفنگ دی گئی جبکہ گوادر میں سی پیک کے تحت مکمل ہونے والے منصوبوں، زیر تعمیر منصوبوں اور مستقبل کے لیے تجویز کردہ منصوبوں کی پیشرفت کا بھی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں گوادر کے اہم سماجی و معاشی منصوبوں، بالخصوص پاک چین ٹیکنیکل اینڈ ووکیشنل انسٹی ٹیوٹ (PCTVI)، جی ڈی اے پاک چین فرینڈشپ ہسپتال اور 1.2 ملین گیلن یومیہ (MGD) سمندری پانی کے ڈیسالینیشن پلانٹ کی پیشرفت اور افادیت کا بھی جائزہ لیا گیا۔ چینی حکام نے گوادر میں مکمل کیے گئے سماجی و معاشی منصوبوں کی کارکردگی اور ان سے مقامی آبادی کو براہ راست حاصل ہونے والے فوائد پر اطمینان کا اظہار کیا۔ چینی حکام نے اس امر پر خوشی کا اظہار کیا کہ ٹیکنیکل اینڈ ووکیشنل انسٹی ٹیوٹ، پاک چین فرینڈشپ ہسپتال اور 1.2 MGD ڈیسالینیشن پلانٹ سمیت چین کے تعاون سے مکمل کیے گئے منصوبے گوادر کے شہریوں کو عملی اور براہ راست سہولیات فراہم کر رہے ہیں۔ چینی حکام نے اس عزم کا اظہار کیا کہ گوادر کی سماجی و معاشی ترقی کے لیے چین کا تعاون آئندہ بھی جاری رہے گا اور مقامی آبادی کی ضروریات کو مدنظر رکھتے ہوئے نئے منصوبوں پر بھی تعاون اور غور و خوض کا سلسلہ جاری رکھا جائے گا۔ اجلاس میں جی ڈی اے کی جانب سے مستقبل کے لیے پیش کی جانے والی مختلف تجاویز پر بھی تفصیلی غور کیا گیا۔ پاک چین فرینڈشپ ہسپتال کی توسیع، اس کی استعداد کو ایک سو سے 300 بستروں تک بڑھانے، میڈیکل اور نرسنگ کالج کے قیام سمیت گوادر کے صحت اور تعلیم کے شعبوں سے متعلق تجاویز بھی زیر بحث آئیں۔ اسی طرح گوادر کے ویسٹ [illegible] میں جدید فش لینڈنگ جیٹی، فش ہاربر اور بوٹ میکنگ انڈسٹری کے قیام کی تجاویز پر بھی غور کیا گیا، جن کا مقصد ماہی گیری کے شعبے کو جدید سہولیات فراہم کرنا، مقامی ماہی گیروں کے لیے روزگار و کاروبار کے نئے مواقع پیدا کرنا اور گوادر کی مقامی معیشت کو مزید مستحکم کرنا ہے۔ اسی طرح گوادر [illegible] سسٹم اینڈ لینڈ فل پروجیکٹ کی تجویز شامل کیا گیا۔ اجلاس میں گوادر پورٹ اور فری زون، ایسٹ بے ایکسپریس وے فیز 2، بریک واٹر کی تعمیر، برتھنگ ایریاز اور چینلز کی ڈریجنگ، گوادر پورٹ کی ملکی اقتصادی مراکز سے رابطہ کاری، ایم ایٹ موٹروے اور سنٹرل کوریڈور سے گوادر تک رابطہ سڑکوں سمیت متعدد منصوبوں کی پیشرفت کا بھی جائزہ لیا گیا۔

بقیہ 11

حل کرنے گئے عوام نے جس طرح ہم پر اعتماد کا اظہار کرتے ہیں یہ اس بات کی دلیل ہے کہ ہم نے بھی عوام کو کبھی مایوس نہیں کیا اور نہ ہی ان کے مسائل حل کرنے پر کمپرومائز کیا ہے۔ آئندہ بجٹ میں علاقے کی بہتر مفاد کیلئے ایسے اسکیمات شامل کریں گے جس کے اثرات عام لوگوں تک پہنچائی جا سکے۔ یہ بات انہوں نے وفد سے بات چیت کرتے ہوئے کہی۔ انہوں نے کہا کہ مجھے اس بات پر فخر ہے کہ میں عوام کا نمائندہ ہوں اور ہمیشہ دفتر میں آ کر عوام کے مسائل نہ صرف سنے بلکہ ان کو حل کرنے کی بھی کوشش کی۔ میرے علاقے کے عوام نے کبھی بھی ذاتی مفادات یا ذاتی مسائل حل کرنے پر توجہ نہیں دی بلکہ اجتماعی مسائل لا کر جو میں نے حل کرنے کی بھرپور کوشش کی ہے۔ میرا علاقہ پسماندہ ضرور ہے لیکن گزشتہ کئی سالوں سے جو کام ہوا ان کی تقدیر بدلنے والا ہے اور آنے والے وقت میں بھی اپنی جدوجہد کو جاری رکھیں گے۔ انہوں نے کہا کہ عوام میرا سرمایہ ہے اور عوام کے مسائل حل کرنے کو ترجیح دوں گا۔

بقیہ 12

اٹھائے ہرمز بڑی حد تک بند ہے اور امریکا کے ہتھیاروں کے ذخائر بھی کم ہو رہے ہیں۔ امریکی اخبار کا کہنا ہے کہ امریکا کے اندر ووٹرز میں ٹرمپ کی ساکھ متاثر اور مشرق وسطیٰ میں امریکا کی پوزیشن کمزور ہوئی ہے۔ رپورٹ کے مطابق امریکی صدر ٹرمپ نے ایران کے ساتھ جنگ کو مختصر قرار دیا تھا لیکن جنگ کے آغاز کے 6 ماہ بعد بھی اس کے خاتمے کے کوئی واضح آثار نظر نہیں آ رہے۔ رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ جنگ کے نتائج کو اپنے حق میں موڑنے کی امریکی صدر کی صلاحیت بھی شدید محدود دکھائی دیتی ہے، خاص طور پر جب ایرانی قیادت یہ جان چکی ہے کہ وہ شدید بمباری کا مقابلہ اور بارودی سرنگوں، ڈرونز جیسے کم لاگت ہتھیاروں کے ذریعے دنیا کی طاقتور ترین فوج کی صلاحیتوں کو بتدریج کمزور کرنے کی سکت رکھتی ہے۔

بقیہ 13

ان کے گھروں سمیت معاشی ذرائع کو تباہ کرنا، قبائل اور عام آدمی کو تنگ کرنے کا سوچا سمجھا منصوبہ محسوس ہوتا ہے۔ سماجی رابطے کی سائٹ ایکس پر ٹویٹ میں انہوں نے کہا کہ اگر یہ عمل اور جارحیت ہی مسئلے کا حل ہوتا تو شمالی اور جنوبی وزیرستان، تیراہ، باڑہ، دیر زیریں، شانگلہ اور دیگر علاقوں میں گھروں اور کاروباری مراکز کو مسمار کرنے کے بعد آج مکمل امن قائم ہو چکا ہوتا۔ ماضی کی ایسی فوج کشیوں کا نتیجہ امن کی بجائے تباہی، بے دخلی اور قبائل کی طویل دربدری کی صورت میں نکلا۔ فوج اپنے بارود سے جنگیں بھی جیت لے اور بربادی برپا کر دے، اپنی بندوق کے زور پر خاموشی تو پیدا کر سکتی ہے لیکن امن نہیں۔ امن اور آشتی کا ماحول صرف سیاسی سوچ، سیاسی عمل، مذاکرات اور باوقار رابطوں سے تشکیل پاتا ہے۔

بقیہ 14

کمال نے جواب دیا کہ میرے استعفے کے بارے میں وزیر اعظم سے پوچھیں۔ انکوائری رپورٹ سے متعلق سوال پر مصطفیٰ کمال کا کہنا تھا کہ رپورٹ آ جائے گی تو سب پتا چل جائے گا، رپورٹ کا انتظار کر لیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ "انکوائری مکمل ہوتی ہے تو سب پتا چل جائے گا۔"

بقیہ 15

کے وقت نرسری میں موجود انچارج ڈاکٹرز، نرسنگ اسٹاف اور سیکیورٹی اہلکار مبینہ طور پر بچوں کو بچانے یا صورتحال کا سامنا کرنے کے بجائے جائے وقوعہ سے بھاگ گئے۔ تحقیقاتی کمیٹی نے سی سی ٹی وی فوٹیج کی مدد سے واقعے کے وقت موجود عملے کی نقل و حرکت کا جائزہ لیا۔ ذرائع کے مطابق نرسری میں آگ لگنے اور دھماکے کے وقت نرسنگ اسٹاف اور ڈاکٹرز کے جائے وقوعہ سے فرار ہونے کا انکشاف سی سی ٹی وی فوٹیج سے ہوا۔ تحقیقات میں سامنے آیا کہ نرسری میں ڈیوٹی پر موجود نائٹ سپروائزر [illegible]، اسٹاف نرس نسرین اور آیا [illegible] واقعے کے فوراً بعد مبینہ طور پر جائے وقوعہ سے بھاگ گئے۔ ذرائع کے مطابق نرسری میں ڈیوٹی پر تعینات خاتون سیکیورٹی گارڈ بھی دھماکے کی آواز سنتے ہی موقع سے فرار ہو گئی۔ مذکورہ سیکیورٹی گارڈ کے پاس نرسری روم کی چابیاں موجود تھیں اور تحقیقات کے مطابق وہ چابیاں لے کر ہی وہاں سے چلی گئی۔ ذرائع کا مزید کہنا ہے کہ دھماکے کی آواز سنتے ہی ڈیوٹی پر موجود ایک سینئر ڈاکٹر اور ایک نرس بھی موقع سے بھاگتے ہوئے سی سی ٹی وی فوٹیج میں دکھائی دیے۔ تحقیقاتی کمیٹی کی رپورٹ کے مطابق نرسری سمیت ہسپتال کے دیگر مقامات پر نصب سی سی ٹی وی کیمروں نے واقعے کی تحقیقات میں اہم معاونت فراہم کی۔ فوٹیج کے ذریعے واقعے کے وقت ڈیوٹی پر موجود عملے کی موجودگی اور نقل و حرکت کا جائزہ لیا گیا۔ ذرائع کے مطابق سی سی ٹی وی فوٹیج اور دیگر شواہد کی روشنی میں ذمہ دار اہلکاروں کے کردار کا تعین کیا جا رہا ہے، جبکہ تحقیقات میں سامنے آنے والے حقائق کی بنیاد پر متعلقہ افسران اور ملازمین کے خلاف محکمانہ کارروائی کا امکان بھی ظاہر کیا جا رہا ہے۔ نرسری میں آگ لگی تو چابیاں لے کر سیکیورٹی گارڈ بھی بھاگ گئی۔

بقیہ 16

ہونے والا جرگہ انتہائی اہمیت کا حامل ہے۔ جرگہ جنوبی پشتونخوا کے عوام کو درپیش بنیادی مسائل، ان کے آئینی و سیاسی حقوق اور خطے میں پائیدار امن و استحکام کے لیے آئندہ کا لائحہ عمل طے کرے گا۔ انہوں نے کہا کہ جنوبی پشتونخوا سمیت پشتون علاقوں میں دہشت گردی، بدامنی، اغوا برائے تاوان، چوری، ڈکیتی اور دیگر جرائم نے عوام کی زندگی، جان و مال اور کاروباری سرگرمیوں کو شدید متاثر کیا ہے۔ بین الصوبائی اور بین الاقوامی آمدورفت کی شاہراہیں غیر محفوظ بنا دی گئی ہیں جبکہ ڈیورنڈ لائن پر قانونی تجارت اور آمدورفت میں مسلسل رکاوٹیں پیدا کی جا رہی ہیں۔ ریاست کی بنیادی ذمہ داری شہریوں کو تحفظ، آزادانہ آمدورفت اور معاشی سرگرمیوں کے لیے محفوظ ماحول فراہم کرنا ہے، جس میں موجودہ صورتحال ناقابل قبول ہے۔ انہوں نے کہا کہ قدرتی وسائل سے متعلق پالیسیوں اور مائنز اینڈ منرلز قوانین میں ایسی تبدیلیاں کی گئی ہیں جن کے نتیجے میں معدنی وسائل سے مالا مال علاقوں کی وسیع اراضی کی الاٹمنٹ مقامی اقوام و قبائل کے آئینی و قانونی حقوق اور بطور حقیقی اسٹیک ہولڈران کی رضامندی کو نظر انداز کرتے ہوئے کی جا رہی ہے۔ اسی طرح محکمہ جنگلات کے ریزرو علاقوں میں لاکھوں ایکڑ اراضی کے انتقالات بھی مقامی اقوام و قبائل کی رضامندی کے برخلاف کیے گئے ہیں۔ ان تمام اقدامات کا فوری جائزہ لے کر غیر قانونی انتقالات منسوخ اور مقامی آبادی کے آئینی، قانونی اور اجتماعی حقوق کا تحفظ یقینی بنایا جائے۔ مشترکہ بیان میں کہا گیا کہ کول مائنز کے علاقوں میں گزشتہ کئی برس سے جاری مبینہ جبری بھتہ خوری، مائن اونرز اور مزدوروں کو درپیش خطرات، بھتہ خوری کے خلاف مزاحمت پر قتل، [illegible] کے ذرائع کو جلانے اور متاثرین کو عدم ریاستی تحفظ فراہم نہ کرنے کا سلسلہ فوری طور پر ختم کیا جائے۔ زیارت، [illegible] اور ہنہ اوڑک سمیت مختلف واقعات میں انسانی جانوں کے ضیاع کے محرکات اور ذمہ دار عناصر کا تعین کرنے کے لیے شفاف اور غیر جانبدارانہ تحقیقات کرائی جائیں اور ذمہ داروں کو قانون کے مطابق قرار واقعی سزا دی جائے۔ دونوں رہنماؤں نے کہا کہ ملک میں فارم 47 کے ذریعے قائم غیر نمائندہ پارلیمانی بندوبست کے نتیجے میں عوامی مینڈیٹ اور جمہوری نمائندگی کو شدید نقصان پہنچا ہے۔ اس کے بعد کی جانے والی آئینی ترامیم نے صوبائی خودمختاری، عدلیہ کی آزادی، میڈیا کی آزادی اور پارلیمنٹ کے حقیقی آئینی کردار کو کمزور کیا ہے۔ جمہوری ریاست میں اقتدار کا سرچشمہ عوام ہیں اور پارلیمنٹ کو عوامی مینڈیٹ کا حقیقی اور بااختیار نمائندہ ہونا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ سیاسی عدم استحکام، آئینی انحراف اور کمزور حکمرانی نے ملک کے معاشی بحران کو بھی مزید گہرا کر دیا ہے۔ گزشتہ چند برسوں میں قرضوں میں غیر معمولی اضافہ، بڑھتا ہوا مالی دباؤ اور ادارہ جاتی عدم استحکام اس امر کا تقاضا کرتے ہیں کہ ملک کو آئین کی بالادستی، پارلیمانی جمہوریت، وفاقی اصولوں اور شفاف حکمرانی کی بنیاد پر دوبارہ استوار کیا جائے۔ انہوں نے مزید کہا کہ ناکام داخلی و خارجی پالیسیوں کے نتیجے میں ملک کو داخلی عدم استحکام، امن و امان کی بگڑتی صورتحال اور عالمی سطح پر بڑھتی ہوئی تنہائی کا سامنا ہے۔ اضلاع، ڈویژنوں اور صوبوں میں سول انتظامیہ اور منتخب نمائندہ اداروں کے آئینی اختیار کو محدود کر کے انتظامی معاملات کو غیر منتخب قوتوں کے حوالے کرنا وفاقی پارلیمانی نظام کے بنیادی اصولوں سے متصادم ہے۔ امن و امان کا پائیدار حل طاقت کے بجائے آئین، قانون، سیاسی مذاکرات، سول انتظامیہ اور عوامی اعتماد کی بحالی میں ہے۔ محمود خان اچکزئی اور نواب ایاز خان جوگیزئی نے کہا کہ جرگہ جنوبی پشتونخوا ان تمام مسائل پر سنجیدہ سیاسی اور اجتماعی غور کے بعد عوام کے حقوق، آئینی بالادستی، امن و امان، وسائل پر مقامی اقوام کی ملکیت و شراکت، سرحدی تجارت اور جمہوری و پارلیمانی نظام کے استحکام کے لیے واضح اور قابل عمل سفارشات پیش کرے گا۔

بقیہ 17

سے متعلق معلومات موصول ہوئی ہیں، تاہم انہوں نے مزید تفصیلات فراہم نہیں کیں۔ کریملن نے بھی امریکی ایلچی [illegible] کے ماسکو میں روسی [illegible] حکام سے ملاقات کی تصدیق کی ہے، تاہم روسی حکام کے مطابق ان کی صدر ولادیمیر پیوٹن سے کوئی ملاقات نہیں ہوئی۔

بقیہ 18

پی) سمیت 5 پولیس اہلکار زخمی ہوگئے۔ پولیس کے مطابق واقعہ تھانہ [illegible] کی حدود میں الحسن گنڈاپور فارم کے قریب پیش آیا، جہاں دہشتگردوں نے ڈی ایس پی کلاچی کی گاڑی کو نشانہ بنایا۔ پولیس ترجمان کے مطابق اہلکاروں نے جوابی کارروائی کی، جس کے نتیجے میں دونوں جانب سے فائرنگ کا تبادلہ ہوا، فائرنگ کے دوران پولیس کی گاڑی الٹ گئی، جس کے باعث متعدد اہلکار زخمی ہوگئے۔ حملے میں ڈی ایس پی کفایت اللہ مروت سمیت 5 پولیس اہلکار زخمی ہوئے، زخمیوں میں اے ایس آئی محمد نعمان اور لیڈی کانسٹیبل امبر بھی شامل ہیں۔ پولیس کے مطابق حملے کے نتیجے میں پولیس کی گاڑی کو بھی نقصان پہنچا، زخمی اہلکاروں کو فوری طور پر ٹراما سینٹر اور ڈی ایچ کیو ہسپتال منتقل کر دیا گیا، جہاں انہیں طبی امداد فراہم کی جا رہی ہے۔ واقعے کے بعد پولیس نے علاقے میں سیکیورٹی مزید سخت کر دی ہے، جبکہ حملہ آوروں کی تلاش کے لیے کارروائی شروع کر دی گئی ہے۔

بقیہ 19

دیتے ہوئے مسترد کر دیا ہے اور کہا ہے کہ سندھ طاس معاہدے کے حوالے سے بھارتی یکطرفہ اقدامات جنوبی ایشیا میں امن و سلامتی کیلئے سنگین خطرہ ہیں۔ امریکہ میں تعینات پاکستانی سفیر رضوان سعید شیخ نے نیوز ویک میں سندھ طاس معاہدے پر مضمون تحریر کیا ہے۔ رضوان سعید شیخ نے اپنے مضمون میں امریکہ میں متعین بھارتی سفیر کے یکم اگست، 2026 میں شائع ہونے والے آرٹیکل میں تمام بے بنیاد الزامات کی تردید کرتے ہوئے اُسے حقیقت سے منافی قرار دیا۔ ان کا کہنا ہے کہ بھارت مسلسل سندھ طاس معاہدے کی ساخت، تاریخ، مقصد اور افادیت کو مسخ کرنے کی ناکام کوشش کر رہا ہے۔ سندھ طاس معاہدہ ایک بین الاقوامی معاہدہ ہے جس کی پاسداری دونوں فریقین پر لازمی ہے۔ سندھ طاس معاہدے میں یکطرفہ معطلی کی قطعاً کوئی گنجائش نہیں۔ پاکستان کے سفیر کے مطابق کوئی ریاست / فریق کسی بین الاقوامی معاہدے کے تحت اپنی ذمہ داریوں سے بری الذمہ نہیں ہو سکتا۔ سندھ طاس معاہدہ بدستور موثر، نافذ العمل اور قانونی طور پر دونوں فریقین پر لاگو ہے۔ پاکستان سندھ طاس معاہدے کی روح کے مطابق مکمل عملدرآمد کیلئے پرعزم ہے۔ سفیر رضوان شیخ نے مزید کہا کہ سندھ طاس معاہدے کے حوالے سے بھارتی یکطرفہ اقدامات جنوبی ایشیا میں امن و سلامتی کیلئے سنگین خطرہ ہیں۔ بھارت اپنے یکطرفہ اقدامات کو منسوخ کر کے بین الاقوامی قوانین کے مطابق اپنی ذمہ داریوں کی مکمل پاسداری کرے۔

بقیہ 20

ہمارے خوشحالی اور کامیابی کا [illegible] لوگ عوامی مسائل کے حل کرنے میں مزید مشکلات پیدا کرنے کے لئے پروپیگنڈا کریں لیکن ہم ہر صورت قائم رکھنے کیلئے جدوجہد جاری رکھیں گے۔ یہ بات انہوں نے مشترکہ بیان جاری کرتے ہوئے کہی۔ انہوں نے کہا کہ وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی قیادت میں عوامی مسائل حل کرنے کیلئے اقدامات شروع ہیں اور آنیوالے وقت میں ان کے اثرات عام عوام تک پہنچیں گے۔ حکومت نے ترقی کا تیز رفتار سفر شروع کر رکھا ہے لیکن بعض ترقی مخالف قوتیں اس پہیہ کو روکنے کیلئے مزید سطح پر سازشیں کر رہی ہیں جس کی ہم اجازت نہیں دیں گے بلکہ ان تمام رکاوٹوں کو عبور کر کے ترقی کے سفر کو مزید جاری رکھیں گے اور اس میں تیزی لائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان ہم سب کا مشترکہ گھر ہے، اس گھر کی کامیابی اور خوشحالی ہم سب کی مشترکہ ذمہ داری ہے۔ عوام ایسے نعرے بازوں میں نہ آئیں جو [illegible] کی سازشوں کا حصہ بنتے ہیں، ہم عوام کے نمائندے ہیں اور عوام کو جواب دہ ہیں۔

بقیہ 21

ن میاں محمد شہباز شریف کی قیادت میں حکومت نے ان مشکل حالات میں کئی بحرانوں پر قابو پانے کیلئے عملی اقدامات کیے اور ملک کو استحکام کی طرف لے جانے کیلئے کوششیں کیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے مختلف اراکین اسمبلی سے علیحدہ علیحدہ ملاقات میں گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے کہا کہ ہمیں یہ حقیقت سمجھنی ہوگی کہ پاکستان کی سیاسی اور معاشی صورتحال صرف ہمارے اندرونی فیصلوں سے متاثر نہیں ہوتی بلکہ عالمی اور خطے کے تیزی سے بدلتے حالات بھی ہم پر گہرے اثرات مرتب کرتے ہیں۔ جب ہم ایک مسئلے کے حل کی طرف بڑھتے ہیں تو خطے میں پیدا ہونے والی نئی صورتحال بعض اوقات نئے چیلنجز سامنے لے آتی ہے۔ اس لیے ہمیں مستقل مزاجی، دانشمندی اور دور اندیشی کے ساتھ آگے بڑھنا ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ یہ بات حوصلہ افزا ہے کہ ہم مایوسی اور ناامیدی کے اندھیروں سے نکل کر امید اور ترقی کے راستے پر گامزن ہو چکے ہیں۔ مشکلات کی طویل رات ختم ہونے کے قریب ہے اور ایک نئی صبح طلوع ہونے والی ہے۔ پورے خطے میں سیاسی، تجارتی اور معاشی تبدیلیاں رونما ہو رہی ہیں اور پاکستان و بلوچستان کیلئے ترقی و خوشحالی کے نئے مواقع پیدا ہو رہے ہیں۔ ان رونما ہونے والے مواقعوں اور دستیاب سہولیات سے فائدہ اٹھانے کیلئے ہم سب کا کردار نہایت اہم ہے۔ گورنر جعفر خان مندوخیل نے کہا کہ بلوچستان پاکستان کا مستقبل ہے۔ پاکستان کی ترقی و خوشحالی کا راستہ بلوچستان کی ترقی سے وابستہ ہے۔ اپنے منفرد جغرافیائی محل وقوع، وسیع ساحلی پٹی، قدرتی وسائل، معدنی ذخائر اور جنوبی ایشیا اور مشرق وسطیٰ کے رابطے کی صلاحیت کے باعث بلوچستان پورے خطے کے معاشی محور کو تبدیل کرنے کی بھرپور صلاحیت رکھتا ہے۔ حالات ہمارے اجتماعی مفاد میں بدل رہے ہیں، نئے مواقع پیدا ہو رہے ہیں اور ہمیں ان مواقع کو حقیقت میں تبدیل کرنے کیلئے متحد ہو کر کردار ادا کرنا ہوگا۔

بقیہ 22

غوری نے وزیر اعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی کی جانب سے مستونگ میں امن و امان کے نام پر باغات ختم کرنے یا آبادی منتقل کرنے کے بیان پر شدید ردعمل کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ باغات اور فصلیں کاٹنے کی بات مسئلے کا حل نہیں بلکہ حکومت کی انتظامی اور سیکورٹی ناکامی کا اعتراف ہے۔ مائیل غوری نے کہا کہ مستونگ علاقہ اور بلوچستان کے دیگر علاقوں کے باغات صرف درختوں کا مجموعہ نہیں بلکہ ہزاروں خاندانوں کی روزی، کسانوں کی محنت، بلوچستان کی زرعی معیشت اور آنے والی نسلوں کا مستقبل ہیں۔ کسی علاقے میں بدامنی یا مسلح عناصر کی موجودگی کو جواز بنا کر پورے علاقے کے لوگوں کو نقل مکانی پر مجبور کرنا یا ان کے باغات تباہ کرنے کی بات کرنا انتہائی تشویشناک اور قابل مذمت ہے۔ انہوں نے کہا کہ اگر ریاست شہریوں کو تحفظ فراہم کرنے میں ناکام ہو جائے اور پھر اسی ناکامی کا بوجھ عوام، زمینداروں اور کسانوں پر ڈال دے تو یہ حکمرانی نہیں بلکہ ذمہ داری سے فرار ہے۔ امن و امان قائم کرنا ریاست اور حکومت کی آئینی ذمہ داری ہے، جبکہ اپنی زمینوں اور باغات کی حفاظت کرنا [illegible]۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان پہلے ہی پانی کی شدید قلت، خشک سالی، ماحولیاتی تبدیلی اور زرعی بحران کا سامنا کر رہا ہے۔ ایسے حالات میں باغات کو کاٹنے یا تباہ کرنے کی بات کرنا ماحولیاتی اور معاشی دونوں اعتبار سے انتہائی خطرناک سوچ ہے۔ جو درخت اور باغات برسوں کی محنت سے پروان چڑھتے ہیں، انہیں چند لمحوں کے حکومتی حکم سے ختم نہیں کیا جا سکتا۔ انہوں نے مزید کہا کہ حکومت کو چاہیے کہ باغات ختم کرنے کی بات کرنے کے بجائے مستونگ اور علاقے میں مؤثر سیکیورٹی، قانون کی بالادستی اور شہریوں کے جان و مال کا تحفظ یقینی بنائے۔

بقیہ 23

چیف کمشنر اور [illegible] سمیت آئی سی ٹی، ایف ڈی اے اور اسلام آباد فوڈ اتھارٹی کو بھی فریق بنایا گیا ہے۔ درخواست کے متن میں کہا گیا ہے کہ اسلام آباد میں تجارتی، تعلیمی اور طبی عمارتیں بغیر فائر این او سی کے فعال ہیں، شہر کی عمارتوں میں فائر فائٹنگ آلات، ایمرجنسی راستے اور فائر الارم تک موجود نہیں ہیں۔ استدعا کی گئی ہے کہ اسلام آباد فائر پریوینشن اینڈ لائف سیفٹی ریگولیشنز 2010ء پر عملدرآمد کا حکم دیا جائے، وفاقی دارالحکومت کی تمام عمارتوں کا فوری فائر سیفٹی آڈٹ کروانے اور بغیر فائر این او سی کام کرنے والی تمام عمارتوں کو فوری طور پر سیل کرنے کا حکم دیا جائے۔ درخواست گزار کے مطابق فائر سیفٹی این او سی نہ رکھنے والی عمارتوں کی اپ ڈیٹ شدہ فہرست عام کی جائے، تعلیمی اور طبی اداروں کی رجسٹریشن کو فائر این او سی سے مشروط کرنے کی استدعا کی گئی ہے اور کہا گیا ہے کہ غیر قانونی اور غیر محفوظ عمارتوں کے خلاف باقاعدہ [illegible] کیا جائے۔

بقیہ 24

نوٹیفکیشن وائس چیئرمین میونسپل کارپوریشن [illegible] حاجی خان پلال کے پاس جمع کروا دیا۔ اس موقع پر کونسلرز، جمعیت علمائے اسلام کے رہنماؤں اور سیاسی و سماجی شخصیات سمیت صحافیوں کی بڑی تعداد موجود تھی۔ اس موقع پر [illegible] پریس کلب کے صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے منتخب کونسلر میر محمد نعیم خان عمرانی نے کہا کہ وارڈ نمبر 23 کے عوام نے جس اعتماد اور محبت کا اظہار کرتے ہوئے انہیں کامیاب کرایا ہے، وہ اس پر تہہ دل سے ان کے شکر گزار ہیں۔ عوام کا یہ اعتماد ان کے لیے اعزاز کے ساتھ ساتھ ایک بڑی ذمہ داری بھی ہے جسے وہ ہر صورت پورا کرنے کی کوشش کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ وہ اپنے بھائی شہید محمد اسلم خان عمرانی کے نقش قدم پر چلتے ہوئے عوامی خدمت کے مشن کو جاری رکھیں گے۔ ان کی سیاست کا محور ذاتی مفادات نہیں بلکہ عوام کی خدمت، علاقے کی تعمیر و ترقی اور بنیادی مسائل کا حل ہے۔ انہوں نے کہا کہ وارڈ نمبر 23 کے عوام کو درپیش مسائل کے حل کے لیے بلدیاتی اداروں سمیت متعلقہ محکموں کے حکام سے موثر رابطہ کیا جائے گا۔ میر محمد نعیم خان عمرانی کا کہنا تھا کہ وارڈ میں صفائی ستھرائی کا نظام، پینے کے صاف پانی کی فراہمی، ٹوٹی پھوٹی سڑکوں اور گلیوں کی تعمیر و مرمت، اسٹریٹ لائٹس اور دیگر بنیادی سہولیات کی فراہمی ان کی اولین ترجیحات میں شامل ہیں۔ عوامی مسائل کو اجاگر کرنے اور ان کے حل کے لیے ہر ممکن فورم پر آواز بلند کی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ بلدیاتی نمائندے عوام اور سرکاری اداروں کے درمیان پل کا کردار ادا کرتے ہیں، اس لیے وہ اپنے وارڈ کے ہر شہری کو ساتھ لے کر چلیں گے اور بلا امتیاز عوامی خدمت کو یقینی بنانے کے لیے اپنی تمام صلاحیتیں بروئے کار لائیں گے۔ انہوں نے امید ظاہر کی کہ متعلقہ حکام بھی علاقے کے دیرینہ مسائل کے حل کے لیے ان کے ساتھ بھرپور تعاون کریں گے۔ انہوں نے مزید کہا کہ عوام نے جو مینڈیٹ دیا ہے اسے امانت سمجھتے ہوئے دیانت داری، خلوص اور ذمہ داری کے ساتھ اپنی ذمہ داریاں ادا کریں گے اور وارڈ نمبر 23 کو بنیادی سہولیات کی فراہمی اور ترقی کے حوالے سے ایک مثالی وارڈ بنانے کے لیے عملی اقدامات کیے جائیں گے۔ اس موقع پر کونسلر عطاء اللہ [illegible]، عبدالرزاق [illegible]، رئیس محمد جان پلال، لیاقت علی بلیدی، جمعیت علمائے اسلام کے رہنما غلام مصطفیٰ بلوچ سمیت دیگر سیاسی و سماجی شخصیات اور معززین بھی موجود تھے۔

بقیہ 25

مسلم لیگ (ن) کا پاکستان پیپلز پارٹی کی قیادت کے درمیان طے شدہ سیاسی ضابطہ اخلاق کے مطابق یہ فیصلہ کیا گیا تھا کہ جن حلقوں میں گزشتہ عام انتخابات میں کسی جماعت کا امیدوار کامیاب ہوا ہو یا دوسرے نمبر پر رہا ہو، وہاں دوسری اتحادی جماعت اپنا امیدوار نامزد نہیں کرے گی۔ انہوں نے کہا کہ اسی اصول اور سیاسی رواداری کو برقرار رکھتے ہوئے پاکستان پیپلز پارٹی نے فیصلہ کیا ہے کہ این اے 168 بہاولپور کے ضمنی انتخاب میں پارٹی اپنا امیدوار کھڑا نہیں کرے گی۔ مرکزی سیکرٹری جنرل پیپلز پارٹی پارلیمنٹیرینز نے مزید کہا کہ پاکستان پیپلز پارٹی واضح کرتی ہے کہ ملکی مفاد، سیاسی استحکام اور اتحادی سیاست کے حسن کو برقرار رکھنے کے لیے سیاسی معاہدوں پر ان کی روح کے مطابق عملدرآمد ناگزیر ہے۔ سید نیر حسین بخاری نے کہا کہ پاکستان پیپلز پارٹی نے ہمیشہ جمہوریت، اصولی اور جمہوری سیاست کو فروغ دیا ہے اور آئندہ بھی باہمی احترام، جمہوری اقدار اور طے شدہ اصولوں کی مکمل پاسداری کرتی رہے گی۔

بقیہ 26

ہے جس کا مقصد انہیں نقل و حرکت کی سہولت فراہم کرنا، خودمختاری کو فروغ دینا اور معاشرتی و معاشی سرگرمیوں میں ان کی زیادہ سے زیادہ شرکت کو یقینی بنانا ہے۔ ڈائریکٹر جنرل سماجی بہبود بلوچستان میر سیف اللہ کھیتران نے سرکاری ذرائع ابلاغ کے نمائندے سے بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ صوبائی حکومت معذور افراد کو عملی معاونت اور مساوی مواقع فراہم کرنے اور انہیں معاشرے کا فعال حصہ بنانے کے لیے پرعزم ہے۔ انہوں نے کہا کہ "تک پروگرام" کے تحت ٹرائی سائیکلوں کی تقسیم ایک اہم اقدام ہے، جس کا مقصد معذور افراد کو درپیش نقل و حرکت کے مسائل کو کم کرنا اور انہیں زیادہ خود مختار، باوقار اور فعال زندگی گزارنے میں مدد فراہم کرنا ہے۔ ڈی جی سماجی بہبود نے کہا کہ ٹرائی سائیکلوں کی تقسیم کے عمل کی کڑی نگرانی کی جا رہی ہے تاکہ یہ سہولت شفاف انداز میں مستحق اور اہل معذور افراد تک پہنچائی جا سکے۔ انہوں نے مزید کہا کہ معذور افراد معاشرے کا اہم حصہ ہیں اور حکومت ان کی رسائی، نقل و حرکت، تعلیم، بحالی اور معاشی و سماجی مواقع میں بہتری کے لیے مزید اقدامات جاری رکھے گی۔ میر سیف اللہ کھیتران نے کہا کہ محکمہ سماجی بہبود وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز احمد بگٹی کے وژن اور پارلیمانی سیکرٹری حاجی ولی محمد نورزئی کی رہنمائی کو عملی اقدامات میں تبدیل کرنے کے لیے کوشاں ہے تاکہ بلوچستان بھر میں معذور افراد کی فلاح و بہبود اور انہیں بااختیار بنانے کے عمل کو مزید موثر بنایا جا سکے۔ انہوں نے امید ظاہر کی کہ "تک پروگرام" ایک ایسے جامع معاشرے کے قیام میں معاون ثابت ہوگا جہاں معذور افراد کو عزت، مساوی مواقع اور معاشرتی و معاشی سرگرمیوں میں بھرپور شرکت کے یکساں مواقع میسر ہوں گے۔ "تک پروگرام" — معذور افراد کو بااختیار بنانے اور ایک جامع بلوچستان کی تعمیر کی جانب اہم قدم ہے۔

بقیہ 27

سے ٹیلیفونک رابطہ کیا اور سسٹم کی [illegible] کی ہدایت کردی۔ محسن نقوی نے ہدایت کی کہ امیگریشن سسٹم ڈاؤن ہونے کی صورت میں فوری طور پر متبادل انتظام موجود ہونا چاہیے تاکہ مسافروں کو مشکلات کا سامنا نہ کرنا پڑے۔ ان کا کہنا تھا کہ امیگریشن پر انہیں کسی صورت رکنا نہیں چاہیے۔ وزیر داخلہ نے ایئرپورٹ پر حکام کو جعلی دستاویزات پر سفر کرنے کی کوشش کرنے والے افراد کے خلاف سخت ایکشن لینے کا حکم بھی دیا۔ انہوں نے واضح کیا کہ نامکمل اور بغیر تصدیق شدہ دستاویزات کے حامل کسی مسافر کو ہرگز سفر کی اجازت نہیں دی جائے گی۔ انہوں نے امیگریشن حکام کو دستاویزات کی مکمل جانچ پڑتال اور قواعد و ضوابط پر سختی سے عملدرآمد یقینی بنانے کی ہدایت کی۔ وفاقی وزیر نے لاہور ایئرپورٹ پر امیگریشن کاؤنٹرز کا معائنہ کیا اور مسافروں کو فراہم کی جانے والی سہولیات کا بھی جائزہ لیا۔ انہوں نے متعلقہ حکام کو ہدایت کی کہ مسافروں کے لیے امیگریشن کا عمل مؤثر، تیز اور بلا تعطل بنانے کے لیے تمام ضروری اقدامات کیے جائیں۔

بقیہ 28

میاں محمد نواز شریف کا شکریہ ادا کیا جائے گا۔ ذرائع کے مطابق ملاقات میں آزاد کشمیر کی کابینہ کی تشکیل، مشیران اور ان کے قلمدانوں کے حوالے سے بھی تفصیلی مشاورت ہوگی۔

بقیہ 29

کی کہ شاہ غلام قادر آزاد کشمیر کی [illegible] کے لیے اپنی تجاویز سے نوازتے رہیں گے۔ بیرسٹر افتخار علی گیلانی نے کہا کہ آزاد کشمیر میں قائد پاکستان محمد نواز شریف کے وژن کے مطابق گڈ گورننس کو فروغ دیا جائے گا اور عوام کی فلاح و بہبود کے لیے موثر اقدامات کیے جائیں گے۔

بقیہ 30

ہر فورم پر آواز اٹھاتے رہیں گے۔ بعدازاں اسلام آباد میں رکن قومی اسمبلی سحر کامران اور سید [illegible] بخاری کے ہمراہ پریس کانفرنس کرتے ہوئے سینیٹر پلوشہ خان [illegible] بل کو تسلیم کرتے ہوئے واپس لے لیا

بقیہ 01

ہے جس میں علاقائی ممالک اپنی سلامتی کیلئے باہمی تعاون اور مکالمے کو فروغ دیں۔ یہاں جاری ہونے والے ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ پاکستان کیلئے اس تجویز کی اہمیت غیر معمولی ہے۔ پاکستان، سعودی عرب اور ترکیہ پہلے ہی 17 اگست 2026 کو مکہ جوائنٹ ڈیفنس اگریمنٹ کے ذریعے دفاعی تعاون اور اجتماعی سلامتی کے ایک نئے فریم ورک کی بنیاد رکھ چکے ہیں۔ معاہدے کی روح بھی دفاعی نوعیت کی ہے اور اسے کسی ملک کے خلاف قرار نہیں دیا گیا۔ سینیٹر محمد عبدالقادر نے کہا کہ اگر ایران بھی کسی وسیع تر علاقائی سلامتی کے نظام کا حصہ بنتا ہے تو پاکستان کیلئے سعودی عرب اور ترکیہ کے ساتھ اپنے دفاعی روابط برقرار رکھتے ہوئے ایران کے ساتھ بھی سکیورٹی تعاون بڑھانے کا ایک منفرد موقع پیدا ہوگا۔ یوں پاکستان مختلف مسلم ممالک کے درمیان ایک عملی پل اور علاقائی امن و استحکام کے اہم ضامن کے طور پر اپنا کردار مزید مضبوط کر سکتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کو کسی ایسے انتظام سے گریز کرنا ہوگا جسے ایران، سعودی عرب، ترکیہ، امریکہ یا خلیج کے کسی بھی دوسرے ملک کے خلاف محاذ تصور کیا جائے۔ بہترین راستہ ایک دفاعی، غیر جارحانہ، شفاف اور باہمی خودمختاری کا احترام کرنے والا علاقائی سکیورٹی نظام ہے، جس کا مقصد کسی ملک کو نشانہ بنانا نہیں بلکہ بیرونی جارحیت، دہشت گردی اور عدم استحکام کے خطرات کا اجتماعی طور پر مقابلہ کرنا ہو۔ چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے دفاعی پیداوار نے کہا کہ ایسے علاقائی سکیورٹی نظام کو صرف فوجی تعاون تک محدود نہیں ہونا چاہیے بلکہ اس میں سرحدی سلامتی، انسداد دہشت گردی، انٹیلی جنس شیئرنگ، سائبر سکیورٹی، بحری تحفظ، دفاعی ٹیکنالوجی، توانائی کے تحفظ، ہنگامی حالات میں رابطہ کاری اور بحران کے دوران سفارتی مشاورت بھی شامل ہونی چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان اور ایران کی طویل مشترکہ سرحد، خصوصاً بلوچستان کی حساس سکیورٹی صورتحال، دونوں ممالک کے درمیان عملی سکیورٹی تعاون کو پاکستان کے قومی مفاد کیلئے نہایت اہم بناتی ہے۔ اسی طرح سعودی عرب اور ترکیہ کے ساتھ پاکستان کے تاریخی، دفاعی اور معاشی تعلقات بھی اس علاقائی فریم ورک کو زیادہ مؤثر بنانے میں اہم کردار ادا کر سکتے ہیں۔ سینیٹر محمد عبدالقادر نے کہا کہ ایران کی تجویز اور پاکستان، سعودی عرب، ترکیہ کے درمیان قائم ہونے والا دفاعی تعاون اگر ایک دوسرے کے متوازی محاذ بننے کے بجائے وسیع تر علاقائی امن کے مقصد سے آگے بڑھتا ہے تو پاکستان کو اس میں ایک منفرد سفارتی کردار مل سکتا ہے۔ ایران اور خلیجی ممالک کے درمیان اعتماد سازی، باہمی سلامتی اور کشیدگی میں کمی کیلئے پاکستان ایک قابل اعتماد رابطہ کار بن سکتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس طرح پاکستان نہ صرف اپنی دفاعی اور سفارتی پوزیشن مضبوط کر سکتا ہے بلکہ خطے میں تجارت، توانائی، سرمایہ کاری اور معاشی راہداریوں کیلئے بھی زیادہ سازگار ماحول پیدا کر سکتا ہے۔ ایران، سعودی عرب اور ترکیہ کے ساتھ بیک وقت مضبوط اور متوازن تعلقات پاکستان کی ایک اہم اسٹریٹجک طاقت بن سکتے ہیں۔ چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے دفاعی پیداوار نے مزید کہا کہ کسی بھی نئے علاقائی سکیورٹی نظام کی کامیابی کا انحصار اس بات پر ہوگا کہ اسے کسی مخصوص ملک کے خلاف اتحاد بنانے کے بجائے امن، خودمختاری، عدم جارحیت اور اجتماعی سلامتی کے اصولوں پر قائم کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ اگر پاکستان اس عمل میں متوازن، فعال اور تعمیری کردار ادا کرتا ہے تو وہ محض کسی دفاعی فریم ورک کا رکن نہیں رہے گا بلکہ مختلف مسلم ممالک کے درمیان پل، اعتماد سازی کے مرکز اور علاقائی امن کے اہم ضامن کے طور پر ابھر سکتا ہے۔ یہی پاکستان کیلئے اس پوری پیش رفت کا سب سے بڑا اسٹریٹجک فائدہ ہوگا۔ یہ ورژن اصل بیان کے مقابلے میں زیادہ ریاستی اور سفارتی tone رکھتا ہے، جبکہ پاکستان کی پوزیشن کو ایران کے ساتھ قربت اور سعودی عرب اور ترکیہ کے ساتھ موجود دفاعی معاہدے کے درمیان متوازن دکھاتا ہے۔ ایران کے صدر کی تازہ تجویز میں بھی مسلم ممالک کی سرزمین کو ایک دوسرے کے خلاف استعمال نہ ہونے دینے اور اجتماعی سلامتی پر زور دیا گیا ہے، جبکہ قطر کے وزیر اعظم اور ایرانی پارلیمانی اسپیکر کی 27 اگست کی ملاقات میں کشیدگی کم کرنے اور سفارتی عمل کی بحالی پر بات ہوئی

بقیہ 02

مطابق ایم سی ایچ کے فرسٹ فلور پر برقی آلات کی اکھاڑ پچھاڑ اور تنصیبات میں تبدیلی کا کام بھی جاری تھا۔ اسی دوران شارٹ سرکٹ کا واقعہ پیش آنے سے مرمتی کام کے دوران اختیار کیے جانے والے حفاظتی انتظامات اور نگرانی کے نظام پر سوالات اٹھنے لگے ہیں۔ ذرائع نے دعویٰ کیا ہے کہ مریضوں کی موجودگی میں مرمتی کام کا شروع کروانا انتظامی غفلت کے زمرے میں آتا ہے، جبکہ ایسے کاموں کے لیے مریضوں اور عملے کی حفاظت کو یقینی بنانے کے لیے خصوصی حفاظتی اقدامات اور ایس او پیز پر عملدرآمد ضروری ہوتا ہے۔ واقعے کے بعد یہ سوال بھی سامنے آیا ہے کہ مرمتی کام کے دوران برقی نظام میں کی جانے والی تبدیلیوں کی نگرانی کس سطح پر کی گئی اور حفاظتی ضوابط پر عملدرآمد یقینی بنانے کی ذمہ داری کس افسر یا شعبے کی تھی۔ ذرائع کے مطابق معاملے کی مکمل تحقیقات سے یہ تعین کیا جا سکے گا کہ شارٹ سرکٹ کی اصل وجہ کیا تھی اور آیا مرمتی کام کے دوران حفاظتی اصولوں کو نظر انداز کیے جانے کا واقعے سے کوئی تعلق ہے

بقیہ 03

دعویٰ کالعدم قرار دینے کی استدعا کی ہے۔ واضح رہے کہ ایڈیشنل ڈسٹرکٹ جج اسلام آباد نے مراد سعید کو حسن اقبال کو ہرجانہ ادا کرنے کا حکم دیا تھا۔

بقیہ 04

سے گریز کریں۔ وزارت خارجہ کے مطابق نئی امریکی پابندیاں لاکھوں ایرانی شہریوں کی صحت اور روزگار کے لیے سنگین خطرہ ہیں۔ ایرانی صدر مسعود پزشکیان نے بھی کہا ہے کہ سعودی عرب [illegible] سمیت خطے کے دیگر ممالک کے ساتھ تعاون کے لیے تیار ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ ایران نے عبوری معاہدے کے نفاذ کے دوران تقریباً 9 کروڑ بیرل تیل فروخت کیا۔ اس سے قبل تہران میں انٹرنیشنل اسلامک یونٹی کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے ایرانی صدر نے کہا تھا کہ اسلامی ممالک کو خطے کی سلامتی خود سنبھالنی چاہیے اور ایک دوسرے کی سلامتی کو نقصان نہ پہنچانے کا عہد کرنا چاہیے۔ دوسری جانب ایران کے سپریم لیڈر آیت اللہ مجتبیٰ خامنہ ای نے ملک میں قومی اتحاد اور سماجی ہم آہنگی برقرار رکھنے پر زور دیتے ہوئے ایسی تمام سرگرمیوں اور بیانات سے گریز کرنے کی ہدایت کی ہے جو عوامی حوصلے کو کمزور یا معاشرتی یکجہتی کو نقصان پہنچا سکتے ہیں۔ ایرانی سپریم لیڈر نے کہا کہ ہم ڈالر پر انحصار ختم کریں گے اور دشمن کو اپنے قومی اتحاد سے شکست دیں گے

بقیہ 05

اسمبلی میں اپوزیشن لیڈر کا منصب مل گیا۔ چوہدری محمد یاسین نے آزاد کشمیر اسمبلی میں اپوزیشن لیڈر کی ذمہ داریاں سنبھال لیں

بقیہ 06

سے متعلق ریمارکس کی بھی سختی سے مسترد کرتے ہوئے کہا ہے کہ دہشت گردی کے کسی واقعے کو بنیاد بنا کر پوری آبادی، زمینداروں اور محنت کشوں کو کٹہرے میں کھڑا کرنا نہ سیاسی بصیرت ہے اور نہ ہی قانون و انصاف کے تقاضوں سے مطابقت رکھتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ کسی بھی جائیداد میں دہشت گردوں کی موجودگی یا کسی حملے کے مبینہ طور پر وہاں سے کیے جانے کی صورت میں جائیداد کے مالک کو محض ملکیت کی بنیاد پر دہشت گردوں کا سہولت کار قرار دینا قانونی اصولوں کی صریح خلاف ورزی اور شہریوں کے بنیادی حقوق کے منافی طرز عمل ہے۔ جرم کا تعین شواہد اور تحقیقات سے ہوتا ہے، حکومتی بیانات یا مفروضوں سے نہیں۔ انہوں نے کہا کہ مستونگ کے عوام کو دوسری جگہ منتقل کرنے اور باغات ختم کرنے جیسے بیانات انتہائی غیر ذمہ دارانہ اور قابل مذمت ہیں۔ چند افراد کی مبینہ کارروائیوں کی سزا ہزاروں بے گناہ شہریوں، زمینداروں، کسانوں اور محنت کشوں کو دینا اجتماعی سزا کے مترادف ہے جسے کسی مہذب، جمہوری اور آئینی معاشرے میں قبول نہیں کیا جا سکتا۔ انہوں نے کہا کہ حکومت اگر دہشت گردوں اور ان کے سہولت کاروں کے خلاف کارروائی کرنا چاہتی ہے تو شواہد اکٹھے کرے، ذمہ دار افراد کی نشاندہی کرے اور قانون کے مطابق انہیں عدالت کے کٹہرے میں لائے۔ عوام کے باغات، گھروں اور معاش کا خاتمہ مسئلے کا حل نہیں بلکہ ریاست اور عوام کے درمیان فاصلے بڑھانے کا باعث بنے گا۔ انہوں نے کہا کہ مستونگ کے زمیندار اور عوام ملک و صوبے کے معاشی ڈھانچے کا حصہ ہیں، انہیں مشکوک اور مجرم ثابت کرنے کی کوشش قابل افسوس ہے۔ حکومت کو چاہیے کہ ایسے بیانات سے گریز کرے جو پہلے سے بدامنی اور محرومی کا شکار بلوچستان کے عوام میں مزید بے اعتمادی پیدا کریں۔ انہوں نے کہا کہ وزیر اعلیٰ بلوچستان مستونگ سے متعلق اپنے متنازع ریمارکس کی فوری وضاحت کریں اور واضح کریں کہ حکومت کسی بھی صورت بے گناہ شہریوں، زمینداروں اور محنت کشوں کو اجتماعی طور پر سزا دینے یا ان کی املاک کو نقصان پہنچانے کی پالیسی اختیار نہیں کرے گی۔ جمعیت علماء اسلام یہ واضح کرتی ہے کہ دہشت گردی کے خلاف کارروائی کے نام پر عوام کو دبانا، ان کی املاک کو نشانہ بنانا اور اجتماعی سزا کی دھمکی دینا کسی صورت قابل قبول نہیں۔ حکومت دہشت گردوں کا تعاقب کرے، عوام کا نہیں۔ مجرموں کو قانون کے کٹہرے میں لائے، پوری آبادی کو کٹہرے میں کھڑا نہ کرے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے عوام امن، تحفظ اور انصاف چاہتے ہیں، دھمکیاں نہیں۔ حکومت اپنی ذمہ داری پوری کرے، عوام کو خوفزدہ کرنے کے بجائے ان کا اعتماد بحال کرے اور ریاستی اختیار کو قانون، انصاف اور آئینی حقوق کی حدود میں استعمال کرے۔

بقیہ 07

پر انتہائی شکریہ ادا کریں گے۔ ملاقات میں کابینہ کی تشکیل، مشیران اور دیگر عہدوں پر بات چیت ہوگی۔ ذرائع کے مطابق آزاد کشمیر کی کابینہ بڑی یا سنگل کو بنائے جانے کا امکان ہے، قائم مقام صدر آزاد کشمیر نئے کابینہ ممبران سے حلف لیں گے۔

بقیہ 08

رہائش کا کوئی انتظام بھی نہیں ہے۔ حکومت کا یہ رویہ ظلم اور زیادتی ہے کہ جو بھی پیچھے چھوڑ رہا ہے۔ وزیر اعلیٰ شیش محل میں بیٹھ کر بے گناہ بلوچ عوام کو دھمکیاں دے رہے ہیں۔ ان کو یہ یاد رکھنا چاہیے کہ یہ عہدے اور منصب کسی کے ساتھ وفادار نہیں رہتے، ان کو پھر اسی عوام کے ساتھ رہنا ہے۔ انہوں نے کہا کہ میں نے قومی اسمبلی کے اسپیکر کے ذریعے چیف سیکرٹری تک یہ بات پہنچائی ہے کہ حکومت جبری طور پر لوگوں کو گھر چھوڑنے پر مجبور کر رہی ہے، جبکہ متبادل طور پر کوئی انتظام نہیں ہے، نہ کوئی خیمہ ہے اور نہ ہی کوئی دیگر سہولیات۔ بلوچستان کے عوام کے ساتھ یہ ناقابل برداشت رویہ اختیار کیا جا رہا ہے، جو انتہائی غلط ہے۔ لہٰذا حکومت پہلے کھڈ کوچہ کے عوام کو گھر چھوڑنے پر مجبور کرنے کے بجائے کسی مناسب جگہ پر خیمہ بستی قائم کرے، لوگوں کے کھانے پینے کا انتظام کرے اور اس کے بعد لوگوں کو خیمہ بستی میں منتقل کرے۔

بقیہ 09

یو پارٹی کے مرکزی سیکرٹری نواب محمد ایاز خان جوگیزئی کی صدارت میں تین روزہ گرینڈ جرگہ منعقدہ 31،30 اگست اور یکم ستمبر 2026 کو منعقد ہوگا جس میں پشتونخوا وطن اور اس کے عوام کو درپیش صورتحال سے نجات کے لیے اجتماعی دانش کے ذریعے آئندہ کا لائحہ عمل طے کیا جائے گا۔ جرگہ میں جنوبی پشتونخوا کے ہر مکتبہ فکر کے نمائندگان کو دعوت دی گئی ہے اور ان کی قیمتی رائے کو جرگہ کے شرکاء انتہائی سنجیدگی سے لیں گے۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ آج ملک اور پشتونخوا وطن میں پشتونوں کو جینے کا حق نہیں دیا جا رہا ہے، کاروبار، روزگار، تجارت کے دروازے بند کر دیے گئے ہیں، جاری خشک سالی، زراعت کی تباہی، ڈیمز کی عدم تعمیر، صاف پانی کی قلت، تعلیم، صحت، روزگار، بجلی و گیس سے عوام کو محروم رکھنے کا سلسلہ جاری ہے، جس نے عوام کی زندگی اجیرن بنا دی ہے، جبکہ دوسری جانب قتل و غارت، اغوا برائے تاوان، چوری ڈکیتی، لاقانونیت، بدامنی، دہشت گردی کے واقعات، شاہراہوں کی بندش، ٹرکوں وغیرہ کو جلانے، نقصانات پہنچانے، گاڑیوں سے لوگوں کو اتار کر گاڑیوں چھیننے، گاڑیوں پر فائرنگ کے واقعات کا نہ ختم ہونے والا سلسلہ جاری ہے اس تمام صورتحال میں ایک جانب پشتونوں کا معاشی قتل عام دوسری جانب نسل کشی جاری ہے جس کی ذمہ دار موجودہ حکومت ہے جو ہر وقت حکومتی رٹ کے بیانات سے عوام کی آنکھوں میں دھول جھونک رہی ہیں۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ پشتون قبائلی معاشرتی زندگی میں جرگہ کو اس لیے بھی اہمیت حاصل ہے کہ یہ ہمارے آباؤ اجداد کے زمانے سے چلا آ رہا ہے اور تاریخی طور پر جرگہ کے فیصلوں کو ہمیشہ فوقیت حاصل رہی ہے۔ جرگہ موجودہ حالات میں نہ صرف پشتون قوم قبیلوں کے مابین رنجشوں، اختلافات کو دور کرنے بلکہ باہمی مشاورت، اسلامی اور قبائلی اعلیٰ روایات، دود دستور کو مدنظر رکھتے ہوئے انصاف پر مبنی فیصلوں اور دانشمندی کے تحت قوم کے مستقبل کی تعین کے فیصلوں میں اہم کردار ادا کرے گی۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ پشتونخوا ملی عوامی پارٹی اور گرینڈ جرگہ منعقدہ مارچ 2022 کے فیصلوں کی روشنی میں جنوبی پشتونخوا کے تمام اضلاع ڈویژنز اور مختلف اضلاع میں جرگے منعقد کر چکی ہیں اور یہ اسی تناظر میں جنوبی پشتونخوا کے عوام کا عبوری روزہ جرگہ کا انعقاد کو یقینی بنانے کرنے جا رہی ہے جس میں پشتون قوم کے تمام قبیلوں اور پشتونخوا وطن میں رہنے والے تمام اقوام و عوام کے نمائندگان اس میں شرکت کریں گے۔

بقیہ 10

بہ سے ہے جو مختلف شکایات سامنے آ رہی ہیں، جن میں مبینہ بدانتظامی، غیر حاضری، اختیارات کے ناجائز استعمال اور مالی بے ضابطگیوں کے الزامات شامل ہیں فوری نوٹس لے کر چمن کے عوام کے شکایات کا ازالہ کیا جائے تعلیمی ادارے قوموں کی امانت ہوتے ہیں، اور اگر کسی ادارے میں شفافیت پر سوالات اٹھ رہے ہوں تو ان کا غیر جانبدارانہ اور فوری نوٹس لینا حکومت کی ذمہ داری بنتی ہے۔ افسوس کے ساتھ کہنا پڑتا ہے کہ اگر ان شکایات میں صداقت موجود ہے تو یہ نہ صرف تعلیمی نظام بلکہ طلبہ کے مستقبل کے ساتھ بھی زیادتی ہے۔ ہم وزیر اعلیٰ بلوچستان، نیب، اینٹی کرپشن، محکمہ تعلیم اور دیگر متعلقہ اداروں کی توجہ ایک بار پھر دلانا چاہتے ہیں کہ ڈگری کالج چمن کے معاملات کی آزادانہ اور شفاف تحقیقات کی جائیں، مبینہ بے ضابطگیوں کی مکمل جانچ کر کے حقائق عوام کے سامنے لائے جائیں۔ اگر کوئی فرد قانون شکنی یا کرپشن میں ملوث پایا جائے تو اس کے خلاف قانون کے مطابق سخت کارروائی کی جائے۔ تعلیمی اداروں کو ذاتی مفادات سے پاک کر کے طلبہ کے مستقبل کو محفوظ بنایا جائے۔ جمعیت علماء اسلام نظریاتی اداروں میں شفافیت، انصاف اور احتساب کے لیے ہر آئینی، قانونی آواز میں بھرپور ساتھ دے گا۔ اگر متعلقہ اداروں نے عوامی تحفظات کا سنجیدہ نوٹس نہ لیا تو عوامی سطح پر قانونی، آئینی اور جمہوری طریقے سے مسئلہ اجاگر کیا جائے گا اور چمن کے عوام احتجاج پر مجبور ہوں گے۔

بقیہ 11

معاذ الرحمان نے نئے موٹر سائیکل مختلف تھانوں کے ایس ایچ اوز اور متعلقہ انچارجز کے سپرد کیے۔ اس موقع پر پولیس کے دیگر افسران بھی موجود تھے۔ اس موقع پر ایس پی اوستہ محمد حافظ معاذ الرحمان نے کہا ہے کہ نئے موٹر سائیکلوں کی فراہمی سے شہر اور گرد و نواح میں پولیس گشت کا نظام مزید فعال اور مؤثر ہوگا، جبکہ جرائم پیشہ عناصر کی نگرانی، جرائم کی روک تھام اور کسی بھی ہنگامی صورتحال میں پولیس کی بروقت رسائی ممکن بنائی جا سکے گی۔ نئے موٹر سائیکلوں کے ذریعے پولیس اہلکار حساس اور دور دراز علاقوں میں بھی باقاعدگی سے گشت کر سکیں گے۔ ایس پی حافظ معاذ الرحمان نے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ فراہم کیے گئے نئے وسائل کو عوام کے جان و مال کے تحفظ، جرائم کی بیخ کنی اور امن و امان کے قیام کے لیے بھرپور انداز میں استعمال کیا جائے۔ انہوں نے پولیس افسران کو ہدایت کی کہ گشت کے نظام کو مزید مربوط بنایا جائے اور شہریوں کی شکایات پر فوری کارروائی کو یقینی بنایا جائے۔ انہوں نے کہا ہے کہ جدید و مؤثر وسائل کی فراہمی سے اوستہ محمد میں پولیس کی کارکردگی، گشت اور عوامی تحفظ کے اقدامات میں مزید بہتری آئے گی۔ واضح رہے کہ اوستہ محمد پولیس کو 15 نئے موٹر سائیکل صوبائی وزیر لائیو اسٹاک سردار زادہ فیصل خان جمالی کی کوششوں اور آئی جی بلوچستان کے محکمانہ انتظامات کے تحت فراہم کیے گئے ہیں۔

بقیہ 12

دھرنے کا آغاز، راولپنڈی، پشاور، کراچی میں بڑے جلسے ہوں گے۔ جماعت اسلامی کے دھرنے کے مقام پر جلسہ عام سے خطاب کرتے ہوئے حافظ نعیم الرحمن نے کہا کہ فیصل آباد اور گرد و نواح سے عوام کی بڑی تعداد میں شرکت اس بات کا ثبوت ہے کہ جماعت اسلامی کی تحریک میں عوامی شمولیت مسلسل بڑھ رہی ہے۔ حکمران سن لیں، دھرنے جاری رہیں گے اور انہیں پیچھے ہٹنے پر مجبور کیا جائے گا۔ جلسہ عام سے امیر پنجاب وسطی جاوید قصوری، امیر ضلع پروفیسر محبوب الزمان بٹ، سیکرٹری جنرل پنجاب وسطی بابر رشید، صدر این ایل ایف شمس الرحمن سواتی، صدر کسان بورڈ سردار ظفر حسین، سابق صدر فیصل آباد چیمبر رانا سکندر اعظم نے بھی خطاب کیا۔ امیر جماعت اسلامی کا خطاب لاہور، کراچی، پشاور، حیدر آباد اور دیگر شہروں میں جاری دھرنوں میں بڑی سکرین پر براہ راست سنا گیا۔ پٹرولیم لیوی، آئی پی پیز معاہدوں اور مہنگائی کے خلاف جاری دھرنوں کے تیرھویں روز شدید گرمی اور حبس کے باوجود مرد و خواتین کی کثیر تعداد شریک ہوئی۔ شرکاء نے حکومت اور عوام دشمن پالیسیوں کے خلاف شدید نعرے بازی کی اور مطالبات کی منظوری تک احتجاج جاری رکھنے کے عہد کا اعادہ کیا۔ حافظ نعیم الرحمن نے کہا کہ عوام بجلی، گیس، پٹرول، آٹا اور چینی سمیت بنیادی ضروریات کی بڑھتی قیمتوں سے تنگ آ چکے ہیں، لوگ گھروں کے کرائے اور بچوں کی فیسیں ادا کرنے کے قابل نہیں رہے۔ انہوں نے پٹرولیم لیوی کو "بھتہ ٹیکس" قرار دیتے ہوئے کہا کہ عالمی منڈی میں پٹرولیم مصنوعات کی قیمتیں کم ہونے کے باوجود پاکستان میں عوام کو ریلیف نہیں دیا گیا۔ ظالم حکمرانوں نے پٹرول مہنگا کر کے اور لیوی عائد کر کے عوام کو ذہنی اذیت میں مبتلا کر دیا ہے۔ امیر جماعت اسلامی نے کہا کہ جماعت اسلامی وڈیروں اور جاگیرداروں کی جماعت نہیں بلکہ عوام کے حقوق کی جنگ لڑ رہی ہے۔ ملک پر ایک مخصوص طبقہ طویل عرصے سے مسلط ہے جو عوام کے پیسوں پر عیاشیاں کر رہا ہے، جبکہ عام آدمی بنیادی ضروریات پوری کرنے کے لیے پریشان ہے۔ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز کو تنقید کا نشانہ بناتے ہوئے حافظ نعیم الرحمن نے کہا کہ ان کی حکومت نے پنجاب کو یرغمال بنا رکھا ہے۔ وزیر اعظم شہباز شریف کی پالیسیاں عوام کو بے وقوف بنانے کے سوا کچھ نہیں کر رہیں۔ حیدر آباد میں ہسپتال کے حالیہ واقعے کا حوالہ دیتے ہوئے انہوں نے کہا کہ لوگوں نے اپنے بچوں کے نام رکھنے سے پہلے ہی ان کی لاشیں اٹھائیں، ہسپتال میں بنیادی سہولیات تک موجود نہیں تھیں۔ اگر اسلام آباد کے ہسپتال کا یہ حال ہے تو باقی شہروں کے سرکاری ہسپتالوں کی صورتحال کا اندازہ لگایا جا سکتا ہے۔ پنجاب حکومت صحت کے بنیادی مراکز تک بھی ٹھیکیداروں میں چلانے میں ناکام ہو چکی ہے۔ حافظ نعیم الرحمن نے کہا کہ جماعت اسلامی نے دو سال قبل بھی آئی پی پیز کے خلاف دھرنا دیا تھا اور پرامن جدوجہد میں اس کے 1,300 کارکن گرفتار ہوئے۔ اس وقت حکمران کہتے تھے کہ وہ آئی پی پیز سے بات نہیں کر سکتے، جب تحریک آگے بڑھی تو انہیں آئی پی پیز سے مذاکرات کرنا پڑے۔ جماعت اسلامی کے دھرنے کے نتیجے میں بجلی فی یونٹ 10 سے 16 روپے تک سستی ہوئی جبکہ ڈیزل کی قیمت میں بھی 32 روپے فی لیٹر کمی ہوئی۔ اب بھی ہمارا مطالبہ واضح ہے کہ پٹرولیم لیوی کا بھتہ ختم کیا جائے اور آئی پی پیز مافیا کو لگام دی جائے۔ انہوں نے اپوزیشن جماعتوں سے بھی احتجاجی تحریک کا ساتھ دینے کی اپیل کرتے ہوئے کہا کہ یہ کسی ایک جماعت کا نہیں بلکہ 25 کروڑ عوام کا مسئلہ ہے۔ ہم عوام کی طاقت سے اس ٹولے سے جان چھڑائیں گے۔ نوجوانوں کے مسائل کا ذکر کرتے ہوئے حافظ نعیم الرحمن نے کہا کہ پاکستان میں نوجوانوں کو یکساں مواقع میسر نہیں۔ مصنوعی ذہانت کے دور میں دنیا آگے بڑھ رہی ہے لیکن پاکستان میں ڈیٹا سینٹرز تک نہیں بن رہے۔ اگر نوجوانوں کو مواقع اور درست سمت فراہم کی جائے تو یہی نوجوان پاکستان کو امریکا اور یورپ کا مقابلہ کرنے کے قابل بنا سکتے ہیں۔ انہوں نے خواتین کے تحفظ، منشیات اور معاشی نظام کی صورتحال پر بھی حکومت کو تنقید کا نشانہ بنایا۔ ان کا کہنا تھا کہ پنجاب میں خواتین محفوظ نہیں، نوجوانوں کو منشیات کی طرف دھکیلا جا رہا ہے جبکہ پولیس اور عدالتوں کا نظام بھی ناکام ہے۔ عدالتوں میں 24 لاکھ مقدمات زیر التوا ہیں اور ججز چھٹیوں پر ہیں۔ حافظ نعیم الرحمن نے کہا کہ ملک کو موجودہ فرسودہ نظام سے نجات دلانے کے لیے بڑی عوامی تحریک کی تیاری کرنا ہوگی۔ انہوں نے عوام کے مینڈیٹ کا احترام کرنے اور تمام سیاسی قیدیوں کی رہائی کا مطالبہ کیا۔ پیپلز پارٹی کو بھی شدید تنقید کا نشانہ بناتے ہوئے حافظ نعیم الرحمن نے اسے اسٹیبلشمنٹ کی اے ٹیم پارٹی قرار دیا اور کہا کہ پیپلز پارٹی نے ملک کو دو حصوں میں تقسیم کیا۔ آصف علی زرداری نے سندھ کو بیچ و فروخت کر دیا۔ پیپلز پارٹی، مسلم لیگ ن اور ایم کیو ایم سمیت مختلف سیاسی قوتیں ایک دوسرے کے خلاف نورا کشتی کرتی ہیں، جبکہ عوام کے حقیقی مسائل نظر انداز کیے جا رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ موجودہ نظام نے عوام کے مینڈیٹ پر ڈاکہ ڈالا ہے۔ ایم کیو ایم کی انتخابی نمائندگی پر سوال اٹھاتے ہوئے انہوں نے کہا کہ جس جماعت نے ہزاروں پولنگ اسٹیشنز میں سے ایک پر بھی کامیابی حاصل نہیں کی، اسے اس نظام نے قومی اسمبلی میں نشستیں دے دی گئیں۔ حافظ نعیم الرحمن نے کہا کہ آج وزراء کے استعفوں کی بات ہو رہی ہے، لیکن پہلے یہ سوال کیا جائے کہ یہ وزراء منتخب کیسے ہوئے۔ عوام کے مینڈیٹ کو پامال کرنے والوں کو جواب دینا ہوگا

بقیہ 13

میڈیا کے مطابق امریکا اور کرغستان کے درمیان سکیورٹی معاہدہ ستمبر میں ختم ہو رہا ہے۔ میڈیا رپورٹس میں بتایا گیا ہے کہ معاہدہ ختم ہونے سے متعلق امریکی محکمہ دفاع نے کرغز حکام کو آگاہ کر دیا کہ سکیورٹی معاہدے کی تجدید کا امکان نہیں۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق کرغز سکیورٹی فورسز کو سالانہ 6 کروڑ 10 لاکھ ڈالر امریکی امداد بھی ملتی تھی۔ اس حوالے سے کرغستان کا کہنا ہے کہ امداد بند ہونے سے خطے میں طاقت کا خلا پیدا ہوگا اور ایران کے اثر و رسوخ میں اضافہ ہو سکتا ہے

بقیہ 14

یوسف خان کاکڑ اور دیگر عہدیداروں نے پشین شہر میں گزشتہ تقریباً 30 گھنٹوں سے جاری بجلی کی بدترین بندش اور طویل بریک ڈاؤن کی شدید الفاظ میں مذمت کی ہے۔ انجمن تاجران کے رہنماؤں نے اپنے ایک مشترکہ بیان میں کہا کہ مسلسل بجلی کی بندش کے باعث پشین شہر کے ہزاروں دکاندار اور تاجر شدید مشکلات سے دوچار ہیں۔ بجلی نہ ہونے کی وجہ سے ہسپتالوں، الیکٹرک، ورکشاپس اور دیگر مختلف کاروبار سے وابستہ تاجروں اور مزدوروں کا روزگار بری طرح متاثر ہو رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ بجلی کی مسلسل بندش کے باعث شہریوں اور تاجر برادری میں سخت تشویش، غم و غصہ پایا جا رہا ہے، جبکہ کاروباری سرگرمیاں بھی شدید متاثر ہو رہی ہیں۔ انجمن تاجران کے عہدیداران نے کیسکو کے اعلیٰ حکام کی توجہ پشین شہر میں گزشتہ دو دنوں سے جاری بجلی کی مسلسل بندش کی جانب مبذول کراتے ہوئے مطالبہ کیا کہ تاجروں اور شہریوں کو درپیش مشکلات کا فوری نوٹس لیا جائے اور پشین شہر میں بجلی کی ترسیل کو بلا تعطل اور فوری طور پر بحال یقینی بنایا جائے۔ انہوں نے خبردار کیا کہ اگر بجلی کی فراہمی فوری طور پر بحال نہ کی گئی اور شہریوں و تاجروں کے مسائل حل نہ ہوئے تو پشین شہر کے ہزاروں تاجر اور دکاندار سخت احتجاج کرنے پر مجبور ہوں گے، جس کی تمام تر ذمہ داری کیسکو کے اعلیٰ حکام پر عائد ہوگی۔

بقیہ 15

مارکیٹس میں اصلاحات جاری ہیں، علی پرویز ملک نے کہا کہ بانڈڈ سٹوریج اور سٹریٹیجک پٹرولیم ریزروز توانائی کے تحفظ کے لیے حکومتی اقدامات کا حصہ ہیں، او جی ڈی سی ایل نے کہا کہ پالیسی اور ٹیکس فریم ورک میں تسلسل، شفافیت اور سکیورٹی سرمایہ کاروں کا اعتماد بڑھانے کے لیے اہم ہیں۔ حکومت اور صنعت کے درمیان مسلسل مکالمہ عملی مسائل کے حل اور سرمایہ کاری کے فروغ میں معاون ثابت ہو سکتا ہے۔ صدر او آئی سی سی آئی نے کہا کہ غیر ملکی سرمایہ کاری کے لیے ریگولیٹری اور تجارتی ماحول میں استحکام اور تسلسل ضروری ہے۔ پی ایس او اجلاس میں قومی توانائی کے تحفظ، سپلائی چین اور سٹریٹجک سٹوریج پر غور کیا گیا۔ پٹرولیم وزیر نے ملک میں بلا تعطل ایندھن کی فراہمی یقینی بنانے پر پی ایس او کی کوششوں کو سراہا۔ پٹرولیم وزیر نے کہا کہ سٹریٹجک سٹوریج کی استعداد بڑھانے اور سپلائی چین کو مزید مضبوط بنانے کی ضرورت ہے۔ پٹرولیم سیکٹر میں کارکردگی اور بروقت رد عمل بہتر بنانے کے لیے ڈیجیٹل ٹیکنالوجی سے استفادہ کیا جائے۔

بقیہ 16

کنٹرول حاصل کرنے کے لیے ایک معاہدہ کیا ہے۔ ٹرمپ نے سوشل میڈیا پوسٹ میں اس معاہدے کا اعلان کیا اور کہا کہ اس معاہدے پر وزیر خارجہ مارکو روبیو، وزیر دفاع پیٹ ہیگسیتھ اور وینزویلا کی عبوری صدر ڈیلسی روڈریگز نے مذاکرات کیے ہیں۔ ٹرمپ نے کہا کہ ریاستہائے متحدہ امریکہ نے ابھی وینزویلا کے ساتھ دنیا کی تاریخ کا سب سے بڑا تیل کا معاہدہ کیا ہے۔

بقیہ 17

نہیں کی جائیں۔ ایک تقریب سے خطاب کرتے ہوئے مصدق ملک نے کہا کہ ملک میں سماجی انصاف صرف نعروں اور باتوں سے ممکن نہیں، بلکہ اس کے لیے عام آدمی کو اس کے اپنے علاقے میں معیاری صحت، تعلیم اور صاف پانی کی سہولت فراہم کرنا ہوگی۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ اگر سیاستدانوں اور سرکاری افسران کے بچوں کا علاج بھی عام سرکاری ہسپتالوں میں لازمی قرار دے دیا جائے تو ملک کے سرکاری نظام صحت میں نمایاں بہتری آ سکتی ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ جن ہسپتالوں میں غریب خاندان اپنے بچوں کا علاج کرانے پر مجبور ہیں، وہاں حکمران طبقے اور سرکاری افسران کے بچوں کو بھی علاج کی سہولت ملنی چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ جب تک ہمارے اپنے بچے بھی انہی سرکاری ہسپتالوں میں علاج نہیں کروائیں گے جہاں عام شہری جاتے ہیں، صحت کے نظام میں بنیادی اصلاحات لانا مشکل ہوگا۔ مصدق ملک کا کہنا تھا کہ 14 بچوں کی ہلاکت کا واقعہ ہمیں اپنے نظام صحت کی خامیوں کو دور کرنے پر مجبور کرتا ہے۔ ہر غریب خاندان کو اپنے محلے میں ایسا بنیادی ہیلتھ سنٹر میسر ہونا چاہیے جہاں وہ اپنے والدین اور بچوں کا بروقت علاج کرا سکے۔ انہوں نے کہا کہ صحت اور تعلیم کے شعبوں میں بہتری حکومت کی ترجیحات میں شامل ہونی چاہیے۔ یہ صرف ان کا نہیں بلکہ وزیر اعظم کا بھی پیغام ہے کہ ملک میں صحت اور تعلیم کے نظام کو بہتر بنانا ہوگا۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ موجودہ دور میں نینو ٹیکنالوجی، حیاتیاتی ٹیکنالوجی، طبی علوم اور انفارمیشن ٹیکنالوجی ایک دوسرے سے جڑ چکے ہیں، اس لیے صحت اور تعلیم کو الگ الگ شعبوں کے طور پر نہیں دیکھا جا سکتا۔ پاکستان کی حقیقی ترقی کے لیے تحقیق، ٹیکنالوجی، صحت اور تعلیم کو بیک وقت آگے بڑھانا ہوگا۔ انہوں نے صاف پانی کی فراہمی کو بھی انسانی ترقی کا بنیادی جزو قرار دیتے ہوئے کہا کہ جس بچے کو صاف پانی میسر نہیں، وہ ترقی کے ثمرات سے محروم ہے۔ ہمارے بچے صاف پانی پیتے ہیں، لیکن ملک کے لاکھوں بچے آج بھی اس بنیادی سہولت سے محروم ہیں۔ مصدق ملک نے کہا کہ اگر ایک بچہ نل کھول کر صاف پانی نہیں پی سکتا تو ترقی کے دعوے ادھورے ہیں۔ غریب کے بچے کو صاف پانی، معیاری صحت اور تعلیم کی سہولت فراہم کرنا ہی حقیقی انسانی ترقی ہے۔

بقیہ 18

بلوچستان نیشنل پارٹی میں شمولیت کا اعلان کر دیا۔ ملک عبدالحمید مری نے بلوچستان نیشنل پارٹی کے مرکزی صدر اور قائد بلوچستان سردار اختر جان مینگل کی قیادت پر مکمل اعتماد کا اظہار کرتے ہوئے پارٹی میں شمولیت اختیار کی۔ انہوں نے شمولیت کا اعلان آج بی این پی ضلع کوئٹہ آرگنائزنگ کمیٹی کے زیر اہتمام جاری تنظیم سازی مہم کے سلسلے میں کلی بڑیچ میں منعقدہ پروگرام کے دوران کیا۔ اس موقع پر پارٹی کے مرکزی لیبر سیکرٹری موسیٰ بلوچ، بی ایس او کے مرکزی سیکرٹری جنرل واجہ صمد بلوچ، پارٹی کے مرکزی ایگزیکٹو کمیٹی کے اراکین غلام نبی مری اور میر غفور، ضلع کوئٹہ کے آرگنائزر حاجی میر وحید لہڑی، ضلع کوئٹہ آرگنائزنگ کمیٹی کے اراکین میر ناصر گرگناڑی، میر کہول خان مری، میر وائس مینگل، ملا عبدالغفار مینگل، ماما نور خان کھائی اور ملک نصیر احمد گرگناڑی، نظام شاہوانی، میر مصطفیٰ حاجی، میر بہاول خان مینگل، عامر خان لہڑی، ہیم لہڑی سمیت دیگر پارٹی رہنما اور کارکنان موجود تھے۔ پارٹی رہنماؤں نے ملک عبدالحمید مری اور ان کے ساتھیوں کو بلوچستان نیشنل پارٹی میں شمولیت پر خوش آمدید کہتے ہوئے مبارکباد پیش کی اور امید ظاہر کی کہ وہ پارٹی کی قومی، جمہوری اور سیاسی جدوجہد میں اپنا بھرپور کردار ادا کریں گے۔ اس موقع پر ملک عبدالحمید مری اور ان کے ساتھیوں کو پارٹی کا قومی پرچم پہنایا گیا۔

بقیہ 19

کیا۔ پاکستان ورچوئل ایسٹس ریگولیٹری اتھارٹی کے مطابق بلال بن ثاقب نے ہانگ کانگ مانیٹری اتھارٹی کے ڈپٹی چیف ایگزیکٹو، سیکرٹری خزانہ اور رکن اسمبلی سے الگ الگ ملاقاتیں کیں۔ ملاقاتوں کے دوران ٹوکنائزڈ کیپیٹل مارکیٹس، ڈیجیٹل بانڈز اور جدید سیٹلمنٹ انفراسٹرکچر کے امکانات کا جائزہ لیا گیا۔ بلاک چین لنک، ویب تھری، مصنوعی ذہانت اور سائبر سکیورٹی کے شعبوں میں تعاون کے مواقع پر بھی گفتگو ہوئی۔ فریقین نے پاکستان اور ہانگ کانگ کے درمیان ادارہ جاتی تعاون، تکنیکی تجربات کے تبادلے اور مالیاتی شعبے میں عملی اشتراک بڑھانے کے امکانات پر بھی تبادلہ خیال کیا۔ اس موقع پر چیئرمین پاکستان ورچوئل ایسٹس ریگولیٹری اتھارٹی بلال بن ثاقب نے کہا کہ ہانگ کانگ پاکستانی ٹیکنالوجی کمپنیوں اور عالمی سرمایہ کاروں کے درمیان ایک اہم پل کا کردار ادا کر سکتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان نے ورچوئل اثاثوں کے لیے ریگولیٹری بنیادیں قائم کر دی ہیں، جن کا مقصد اس شعبے سے معاشی فوائد حاصل کرنا اور سرمایہ کاری کے نئے مواقع پیدا کرنا ہے۔ بلال بن ثاقب کے مطابق پاکستان کا مقصد معتبر کمپنیوں کو سرمایہ کاری کی جانب راغب کرنا اور ورچوئل اثاثوں کے حقیقی مالیاتی استعمال کے مواقع پیدا کرنا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان میں ٹوکنائزڈ کیپیٹل مارکیٹس اور ریگولیٹری ٹیکنالوجی کے شعبوں میں عملی پیش رفت پر توجہ مرکوز کی جا رہی ہے، جبکہ عالمی تجربات اور جدید ٹیکنالوجی سے استفادہ کرتے ہوئے مالیاتی نظام کو مزید مؤثر بنانے کے لیے اقدامات جاری ہیں

بقیہ 20

دعویٰ کیا کہ انہوں نے کونسل سے رابطہ کر کے بھی تصدیق کی تھی کہ خط وہیں سے جاری ہوا ہے، [illegible] کونسل نے واضح کیا کہ [illegible] گھروں تک پہنچایا جانے والا یہ خط ان کی جانب سے جاری نہیں کیا گیا اور جعلی ہے۔ کونسل نے معاملہ لندن کی میٹروپولیٹن پولیس کے حوالے کر دیا ہے۔

بقیہ 21

مطابق گزشتہ روز خاران میں نامعلوم مسلح افراد فوڈ گودام میں داخل ہوئے جہاں پر بینظیر انکم سپورٹ پروگرام کے تحت مستحقین میں راشن تقسیم کی جاتی ہے، چوری کی نیت سے داخل ہوئے۔ پولیس نے اطلاع ملنے پر گودام کو چاروں اطراف سے گھیرے میں لے کر کارروائی کرتے ہوئے 3 مسلح ملزمان طارق، عمران حسین، غلام مصطفیٰ کو گرفتار کر کے ان کے قبضے سے 2 پستول بمعہ راؤنڈز برآمد کر کے ملزمان کے خلاف مقدمہ درج کر کے مزید تفتیش شروع کر دی۔

بقیہ 22

عوام کو دھمکیاں دے رہے ہیں۔ ان کو یہ یاد رکھنا چاہیے کہ یہ عہدے اور منصب کسی کے ساتھ وفادار نہیں رہتے، ان کو پھر اسی عوام کے ساتھ رہنا ہے۔ انہوں نے کہا کہ میں نے قومی اسمبلی کے اسپیکر کے ذریعے چیف سیکرٹری تک یہ بات پہنچائی ہے کہ حکومت جبری طور پر لوگوں کو گھر چھوڑنے پر مجبور کر رہی ہے، جبکہ متبادل طور پر کوئی انتظام نہیں ہے، نہ کوئی خیمہ ہے اور نہ ہی کوئی دیگر سہولیات۔ بلوچستان کے عوام کے ساتھ یہ ناقابل برداشت رویہ اختیار کیا جا رہا ہے، جو انتہائی غلط ہے۔ لہٰذا حکومت پہلے کھڈ کوچہ کے عوام کو گھر چھوڑنے پر مجبور کرنے کے بجائے کسی مناسب جگہ پر خیمہ بستی قائم کرے، لوگوں کے کھانے پینے کا انتظام کرے اور اس کے بعد لوگوں کو خیمہ بستی میں منتقل کرے۔

بقیہ 23

باگ ڈور پیپلز پارٹی کے ہاتھوں ہے۔ پیپلز پارٹی نے کورنگی میں متعدد پل تعمیر کر کے عوام کو بہتر سہولتیں دیں، ان کا کہنا ہے کہ کورنگی کاز وے، کورنگی نمبر 5 فلائی اوور اور پیپلز پارٹی نے تعمیر کیا اور آج افتتاح کر دیا، میئر کراچی نے کہا کہ کورنگی ڈھائی کا برج پیپلز پارٹی نے تعمیر کیا ہے، عظیم پورہ فلائی اوور بھی پیپلز پارٹی نے تعمیر کر کے شہریوں کو سہولت فراہم کی، مرتضیٰ وہاب نے کہا کہ شاہراہ بھٹو بھی پیپلز پارٹی نے تعمیر کر کے ٹریفک نظام کو بہتر بنایا، صنعتی علاقہ میں صنعتوں کے قیام کے لیے ہم نے 5 اقدامات کیے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ 2 ارب روپے لانڈھی اور 2 ارب روپے کورنگی انڈسٹریل ایریا میں لگا رہے ہیں، کراچی سمیت سندھ اور ملک کو ترقی دینے کے لیے سب کو مل کر کام کرنا ہوگا، میئر کراچی نے کہا کہ کراچی کو بدنام اور اسے متعصب عناصر سے محفوظ رکھنا ہمارا مشترکہ مقصد ہے۔

بقیہ 24

ہے کہ رات کے پیک آورز میں بجلی کے استعمال میں اعتدال برتیں تاکہ لوڈ مینجمنٹ کو کم سے کم رکھا جا سکے۔ ترجمان کے مطابق دن کے اوقات میں کوئی لوڈ مینجمنٹ نہیں کی جا رہی تاہم جن علاقوں میں بجلی کے زیادہ نقصانات کے باعث لوڈ مینجمنٹ ضروری ہوتی ہے، وہاں شیڈول کے مطابق بجلی فراہم کی جا رہی ہے۔ پاور ڈویژن نے آر ایل این جی کی عدم دستیابی کے باعث رات کے اوقات میں عارضی لوڈ مینجمنٹ پر صارفین سے معذرت بھی کی ہے۔

بقیہ 25

کھڑے تھے، انہوں نے درخواست کی کہ ملزمان کو کڑی سے کڑی سزا دی جائے اور معصوم بچی کے حقیقی ملزم کو سرعام پھانسی دی جائے۔ وزیر اعلیٰ سہیل آفریدی نے کہا کہ آپ کے غم میں خیبر پختونخوا کے عوام برابر کی شریک ہے، یہ آپ کی بچی نہیں، ہماری بچی ہے، بچی کے ساتھ جانوروں جیسا سلوک ہوا ہے۔ سہیل آفریدی بچی کی والدہ سے بات کرتے ہوئے آبدیدہ ہو گئے۔ انہوں نے کہا کہ ملزم کو عبرت کا نشان بنایا جائے گا، آئندہ یہ کام کرنے سے ملزمان ہزار بار سوچیں گے۔ حکومت کی فل سپورٹ آپ کے ساتھ ہے، کسی قسم کی کوتاہی نہیں ہوگی۔ وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا نے کہا کہ [illegible]۔ انہوں نے وعدہ کیا کہ ملوث افراد کو کڑی سے کڑی سزا دی جائے گی۔ سہیل آفریدی نے عدالتوں سے درخواست کی کہ کسی قسم کا ریلیف نہ دیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ چائلڈ پروٹیکشن بل کو آج پاس کروا لیں گے، جبکہ آیت نور کے علاقے کے پرائمری سکول کا نام بھی آیت نور کے نام سے رکھا جائے گا۔ خیال رہے کہ ہری پور میں پانچ سالہ بچی آیت نور کو اغوا کے بعد زیادتی کر کے قتل کر دیا گیا تھا اور اس کی بوری بند لاش کنویں میں پھینک دی گئی تھی۔ بچی کی لاش کئی روز بعد ملی تھی، بچی کی نماز جنازہ میں ہزاروں افراد نے شرکت کی اور غم و غصہ کا اظہار کیا تھا۔

بقیہ 26

ہے۔ وزیر مملکت نے خصوصی سرمایہ کاری سہولت کونسل کو قومی ترقی اور سرمایہ کاری کے لیے ایک اہم اور مؤثر پلیٹ فارم قرار دیتے ہوئے کہا کہ کونسل کے پلیٹ فارم سے قومی ترقی اور سرمایہ کاری کے لیے مؤثر اقدامات کیے جا رہے ہیں۔ انہوں نے یقین دلایا کہ متعلقہ ادارے خصوصی سرمایہ کاری سہولت کونسل کے ذریعے قومی ترقی کے لیے مل کر کام کر رہے ہیں۔

بقیہ 27

تعلق رکھنے والے لوگوں نے بڑی تعداد میں شرکت کی اور اپنے مسائل، مشکلات اور عوامی شکایات ڈپٹی کمشنر اور متعلقہ محکموں کے افسران کے سامنے پیش کیے۔ عوام نے مختلف شعبوں، جن میں تعلیم، صحت، آبنوشی، سڑکیں، بجلی، مواصلات، زراعت، بلدیاتی امور، ریونیو، جنگلات، پولیس اور دیگر سرکاری محکمہ جات شامل ہیں، سے متعلق اپنے مسائل بیان کیے۔ ڈپٹی کمشنر شیرانی حکیم اللہ کاکڑ نے عوام کی شکایات اور مسائل کو توجہ سے سنا اور متعلقہ محکموں کے افسران کو ہدایات دیں کہ عوامی مسائل کے حل کے لیے سنجیدگی اور ذمہ داری کے ساتھ اقدامات کیے جائیں۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ سرکاری اداروں کا بنیادی مقصد عوام کو سہولیات فراہم کرنا اور ان کی مشکلات کو کم کرنا ہے۔ کھلی کچہری میں تمام متعلقہ سرکاری محکموں کی موجودگی اس بات کا واضح ثبوت ہے کہ ضلعی انتظامیہ عوامی مسائل کو ترجیح دے رہی ہے اور مختلف محکموں کے درمیان بہتر رابطے کے ذریعے مسائل کے حل کی کوشش کی جا رہی ہے۔ عوامی حلقوں نے بھی کھلی کچہری کے انعقاد کو ایک مثبت اور خوش آئند اقدام قرار دیتے ہوئے ڈپٹی کمشنر شیرانی حکیم اللہ کاکڑ اور ضلعی انتظامیہ کا شکریہ ادا کیا۔ عوام کا کہنا تھا کہ اس طرح کی کھلی کچہریاں نہ صرف شہریوں کو اپنے مسائل براہ راست اعلیٰ انتظامی افسران تک پہنچانے کا موقع فراہم کرتی ہیں بلکہ سرکاری اداروں کو بھی زمینی حقائق اور عوامی مشکلات سے آگاہ ہونے میں مدد دیتی ہیں۔ شیرانی میں کھلی کچہری کا انعقاد عوام اور انتظامیہ کے درمیان فاصلے کم کرنے، مسائل کو براہ راست سننے اور ان کے حل کے لیے عملی اقدامات کی جانب ایک اہم قدم ہے۔ امید ہے کہ آج پیش کیے گئے عوامی مسائل پر متعلقہ محکمے جلد کارروائی کرتے ہوئے عوام کو ریلیف فراہم کریں گے۔ سرکاری ادارے عوام کے اصل خادم ہیں اور عوام کو ریلیف دینا ہی ہمارے عہدے کی اصل معراج ہے۔

بقیہ 28

نے کہا کہ عوام نے جس اعتماد کا اظہار کرتے ہوئے انہیں کامیاب کرایا ہے، وہ اس پر تہہ دل سے ان کے شکر گزار ہیں۔ انہوں نے کہا کہ وہ اپنے بھائی شہید محمد اسلم خان عمرانی کے نقش قدم پر چلتے ہوئے اپنے وارڈ کے عوام کی خدمت کو اپنا اولین مقصد بنائیں گے اور علاقے کی ترقی و خوشحالی کے لیے بھرپور کردار ادا کریں گے۔ نعیم خان عمرانی نے مزید کہا کہ ان کی ترجیح ذاتی مفادات نہیں بلکہ عوامی خدمت اور علاقے کی تعمیر و ترقی ہے۔ وارڈ میں صفائی ستھرائی، نکاسی آب، پینے کے صاف پانی، سڑکوں اور دیگر بنیادی سہولیات سے متعلق مسائل کے حل کے لیے متعلقہ اداروں اور حکام سے مؤثر انداز میں رابطہ کیا جائے گا۔ میر محمد نعیم خان عمرانی نے عزم ظاہر کیا کہ وہ عوام کے مسائل کے حل کے لیے ہر فورم پر آواز بلند کریں گے اور اپنے وارڈ کے عوام کے اعتماد پر پورا اترنے کی بھرپور کوشش کریں گے

بقیہ 29

اور عیسائیوں کے خلاف نفرت میں ملوث ہیں۔ عالمی میڈیا ڈی ڈبلیو کے مطابق نیو یارک کے میئر ظہران ممدانی نے بھی ہندو قوم پرست تنظیم آر ایس ایس کو تفرقہ پسند قرار دیا ہے۔

بقیہ 30

کے نمائندوں نے شرکت کی۔ اس موقع پر آسان ٹیکس اسکیم اور اس کی ایپ کے حوالے سے بریفنگ دی گئی۔ بلال اظفر کیانی نے بتایا کہ دکانداروں کے لیے آسان ٹیکس اسکیم کی ایپ لانچ ہو چکی ہے۔ انہوں نے کہا کہ تاجروں اور دکانداروں کے مطالبے پر یہ اسکیم متعارف کرائی گئی ہے، جس سے تاجروں کو سہولت ملے گی اور ملک میں ٹیکس نیٹ وسیع ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ آسان ٹیکس اسکیم کے حوالے سے ملک کے مختلف حصوں میں ایف بی آر اور تاجر نمائندوں کے فوکل پرسنز مقرر کر دیے گئے ہیں جو دکانداروں کی رہنمائی کریں گے۔ اردو زبان میں سادہ اور عام فہم فارم تیار کیا گیا ہے جسے وہ آن لائن بھی آسانی سے جمع کرا سکتے ہیں۔ وزیر مملکت کے مطابق اپنی سالانہ مالی فروخت پر دکاندار ایک فیصد ٹیکس ادا کرے گا، جبکہ اسکیم میں شامل دکانداروں کے بلوں سے کاٹے جانے والے ٹیکس بھی ایڈجسٹ کیے جائیں گے۔ انہوں نے بتایا کہ اسکیم کا حصہ بننے والے دکانداروں کو ایف بی آر کی جانب سے سبز رنگ کی رجسٹریشن پلیٹ دی جائے گی۔ جس دکان کے باہر پلیٹ لگی ہوگی وہاں ایف بی آر کا عملہ معمول کی پوچھ گچھ کے لیے دکان میں داخل نہیں ہو سکے گا۔ بلال اظفر کیانی نے مزید کہا کہ اسکیم میں شامل دکاندار کا خصوصی طور پر آڈٹ نہیں ہوگا، اسے پوائنٹ آف سیل (POS) مشین لگانے کی ضرورت نہیں ہوگی اور نہ ہی اسے روزمرہ کا لیجر بنانا پڑے گا۔ انہوں نے بتایا کہ وزیر اعظم شہباز شریف کی ہدایت پر ایف بی آر کے اعلیٰ حکام ہر ماہ ایک ہفتہ کراچی میں موجود رہیں گے تاکہ کاروباری افراد کے مسائل موقع پر حل کیے جا سکیں۔ اس عمل کا آغاز اگست میں ہو چکا ہے اور مستقبل میں بھی جاری رہے گا۔ تاجر تنظیموں اور کراچی چیمبر کے نمائندوں نے وزیر مملکت بلال اظفر کیانی کے مسلسل رابطے اور کاروباری برادری کے مسائل کے حل کے لیے وزیر اعظم شہباز شریف کی کاوشوں کو سراہا۔

بقیہ 31

پہلے ادا کیے گئے قرضوں کا مجموعی حجم 5,920 ارب روپے تھا، [illegible] گیا ہے، جو تقریباً 6,000 ارب روپے بنتا ہے۔ قبل از وقت قرض ادائیگیوں کی رفتار میں بھی نمایاں اضافہ ہوا ہے۔ مالی سال 2025، 1,800 ارب روپے، مالی سال 2026 — 2,900 ارب روپے، جو گزشتہ مالی سال کے مقابلے میں 62 فیصد زیادہ ہے، مالی سال 2027** اب تک مزید 1,200 ارب روپے۔ اس اقدام کو فعال قرض مینجمنٹ کی جانب اہم پیش رفت قرار دیا جا رہا ہے۔ قبل از وقت قرض ادائیگی سے مستقبل میں قرضوں کی ادائیگی کا دباؤ کم ہونے، سرکاری مالیات کو مضبوط بنانے اور معیشت کے لیے اضافی مالی گنجائش پیدا ہونے کی توقع ہے۔ تقریباً 6 ہزار ارب روپے کا قرض مقررہ وقت سے پہلے ادا کرنا ملکی مالیاتی نظم و نسق کے لیے اہم پیش رفت ہے

بقیہ 32

شعبوں میں دوطرفہ تعاون پر تبادلہ خیال کیا۔ پاکستان ورچوئل ایسٹس ریگولیٹری اتھارٹی کے مطابق بلال بن ثاقب نے ہانگ کانگ مانیٹری اتھارٹی کے ڈپٹی چیف ایگزیکٹو، سیکرٹری خزانہ اور رکن اسمبلی سے الگ الگ ملاقاتیں کیں۔ ملاقاتوں کے دوران ٹوکنائزڈ کیپیٹل مارکیٹس، ڈیجیٹل بانڈز اور جدید سیٹلمنٹ انفراسٹرکچر کے امکانات کا جائزہ لیا گیا۔ بلاک چین لنک، ویب تھری، مصنوعی ذہانت اور سائبر سکیورٹی کے شعبوں میں تعاون کے مواقع پر بھی گفتگو ہوئی۔ فریقین نے پاکستان اور ہانگ کانگ کے درمیان ادارہ جاتی تعاون، تکنیکی تجربات کے تبادلے اور مالیاتی شعبے میں عملی اشتراک بڑھانے کے امکانات پر بھی تبادلہ خیال کیا۔ اس موقع پر چیئرمین پاکستان ورچوئل ایسٹس ریگولیٹری اتھارٹی بلال بن ثاقب نے کہا کہ ہانگ کانگ پاکستانی ٹیکنالوجی کمپنیوں اور عالمی سرمایہ کاروں کے درمیان ایک اہم پل کا کردار ادا کر سکتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان نے ورچوئل اثاثوں کے لیے ریگولیٹری بنیادیں قائم کر دی ہیں، جن کا مقصد اس شعبے سے معاشی فوائد حاصل کرنا اور سرمایہ کاری کے نئے مواقع پیدا کرنا ہے۔ بلال بن ثاقب کے مطابق پاکستان کا مقصد معتبر کمپنیوں کو سرمایہ کاری کی جانب راغب کرنا اور ورچوئل اثاثوں کے حقیقی مالیاتی استعمال کے مواقع پیدا کرنا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان میں ٹوکنائزڈ کیپیٹل مارکیٹس اور ریگولیٹری ٹیکنالوجی کے شعبوں میں عملی پیش رفت پر توجہ مرکوز کی جا رہی ہے، جبکہ عالمی تجربات اور جدید ٹیکنالوجی سے استفادہ کرتے ہوئے مالیاتی نظام کو مزید مؤثر بنانے کے لیے اقدامات جاری ہیں۔

بقیہ 33

اور تاجر برادری کو ہر ممکن سہولیات فراہم کرنے کے لیے پرعزم ہے۔ سرمایہ کاری اور کاروباری سرگرمیوں کے فروغ کے لیے سازگار ماحول پیدا کرنا حکومت کی ترجیحات میں شامل ہے۔ انہوں نے کہا کہ معاشی استحکام کا براہ راست تعلق سیاسی استحکام سے ہے، اس لیے ملک کو معاشی ترقی کی راہ پر گامزن رکھنے کے لیے سیاسی استحکام کو برقرار رکھنا ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ حالیہ جنگ میں پاکستان کی کامیابی سے عالمی سطح پر ملک کا مقام بلند ہوا ہے، جبکہ گرین پاسپورٹ کی عزت میں بھی اضافہ ہوا ہے۔ انہوں نے کہا کہ خطے میں امن کے لیے پاکستان کے کردار کو عالمی سطح پر سراہا جا رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ وزیر اعظم اور فیلڈ مارشل کی قیادت میں پاکستان آگے بڑھ رہا ہے۔ ان کا کہنا تھا ایسے وقت میں جب خطے میں کشیدگی اور بے یقینی کی صورتحال تھی، پاکستان نے آگے بڑھ کر قائدانہ کردار ادا کیا۔ انہوں نے مزید کہا کہ پاکستان میں سرمایہ کاری کی خواہشمند کمپنیوں کی ایک بڑی تعداد موجود ہے اور حکومت سرمایہ کاروں و کاروباری طبقے کو سازگار ماحول فراہم کرنے کے لیے اقدامات کر رہی ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ ملکی معیشت کو مضبوط بنانے اور زرمبادلہ کے ذخائر میں اضافہ کرنے کے لیے برآمدات کا حجم بڑھانا ضروری ہے، تاہم اس مقصد کے حصول کے لیے نجی شعبے کو بھی فعال اور مؤثر کردار ادا کرنا ہوگا۔

بقیہ 34

اس سلسلے میں نکالا جانے والا پروقار جلوس جامعہ شمس العلوم نوکنڈی میں اختتام پذیر ہوا جہاں ایک عظیم الشان مرکزی جلسہ میلاد منعقد ہوا، جس میں سادات کرام، علماء عظام، قبائلی عمائدین اور عاشقان رسول نے کثیر تعداد میں شرکت کی، جبکہ فضا نعرہ رسالت اور سبز پرچموں کی لہلہاہٹ سے گونج رہی۔ استاذ العلماء حضرت علامہ مولانا شمس الدین، حافظ غلام فاروق نقشبندی، عبداللطیف رضوی، احمد خان حسینی، محمد جان، محمد اعظم رضوی، حافظ فخر الدین، حافظ امام دین اور دیگر جید علماء نے سیرت طیبہ اور آپ کی حیات مبارکہ پر روشنی ڈالی۔ جلسے میں قانون 295-C میں کسی بھی ممکنہ تبدیلی کی شدید مخالفت کا اظہار کرتے ہوئے عقیدہ ختم نبوت کے تحفظ کے عزم کو دہرایا گیا، اور تحریک لبیک کے قائدین کی فوری رہائی کے لیے بھی قرارداد پیش کی گئی۔ سید نذیر احمد شاہ [illegible] نے امت مسلمہ اور ملک و ملت کی سلامتی کے لیے خصوصی دعا فرمائی، جبکہ شرکاء کے لیے لنگر اور سبیل کا وسیع انتظام کیا گیا تھا۔

بقیہ 35

گفتگو کرتے ہوئے ڈی آئی جی پولیس قلات ریجن وزیر خان ناصر نے بتایا کہ پولیس نے اسمگلنگ کیس کی تحقیقات اور ملزمان کی گرفتاری کے لیے انجیرہ کے علاقے میں کارروائی کی، اس دوران متعدد مشتبہ افراد کو حراست میں لیا گیا جن کے قبضے سے بھاری مقدار میں اسلحہ، متعدد گاڑیاں اور منشیات برآمد کر کے قبضے میں لے لی گئی جنہیں پولیس نے تحویل میں لے لیا ہے، گرفتار افراد سے کیس اور دیگر ممکنہ جرائم سے متعلق مزید تفتیش کی جا رہی ہے۔ ڈی آئی جی پولیس نے بتایا کہ مرکزی ملزم ظہور بنگلزئی کارروائی کے دوران پولیس کے ہاتھ نہیں آ سکا، تاہم اس کی گرفتاری کے لیے کوششیں جاری ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ کارروائی کے حوالے سے مزید معلومات اور پیش رفت سے عوام کو آگاہ کیا جائے گا، پولیس کی جانب سے گرفتار افراد کے کردار اور برآمد ہونے والے سامان سے متعلق مزید تفتیش جاری ہے۔ ایک سوال کے جواب میں کیس کے مرکزی ملزم کے حوالے سے انہوں نے بتایا کہ اس کی گرفتاری کیلئے کوششیں جاری ہیں اور ملزم عدالت سے سزا یافتہ ہے، تمام کیس کا ریکارڈ اکٹھا کر کے مزید تفتیش جاری ہے۔

بقیہ 36

سیکرٹری برائے سماجی بہبود حاجی ولی محمد نورزئی کی رہنمائی میں محکمہ سماجی بہبود حکومت بلوچستان کی جانب سے معذور افراد (PwDs) کی فلاح و بہبود، شمولیت اور بااختیار بنانے کے لیے عملی اقدامات کا سلسلہ جاری ہے۔ اسی سلسلے میں "نک پروگرام" کے تحت معذور افراد میں ٹرائی سائیکلیں تقسیم کرنے کا عمل جاری ہے، جس کا مقصد انہیں نقل و حرکت کی سہولت فراہم کرنا، خود مختاری کو فروغ دینا اور معاشرتی و معاشی سرگرمیوں میں ان کی زیادہ سے زیادہ شرکت کو یقینی بنانا ہے۔ ڈائریکٹر جنرل سماجی بہبود بلوچستان میر سیف اللہ کھیتران نے سرکاری ذرائع ابلاغ کے نمائندے سے بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ صوبائی حکومت معذور افراد کو عملی معاونت اور مساوی مواقع فراہم کرنے اور انہیں معاشرے کا فعال حصہ بنانے کے لیے پرعزم ہے۔ انہوں نے کہا کہ "نک پروگرام" کے تحت ٹرائی سائیکلوں کی تقسیم ایک اہم اقدام ہے، جس کا مقصد معذور افراد کو درپیش نقل و حرکت کے مسائل کو کم کرنا اور انہیں زیادہ خود مختار، باوقار اور فعال زندگی گزارنے میں مدد فراہم کرنا ہے۔ ڈی جی سماجی بہبود نے کہا کہ ٹرائی سائیکلوں کی تقسیم کے عمل کی کڑی نگرانی کی جا رہی ہے تاکہ یہ سہولت شفاف انداز میں مستحق اور اہل معذور افراد تک پہنچائی جا سکے۔ انہوں نے مزید کہا کہ معذور افراد معاشرے کا اہم حصہ ہیں اور حکومت ان کی رسائی، نقل و حرکت، تعلیم، بحالی اور معاشی و سماجی مواقع میں بہتری کے لیے مزید اقدامات جاری رکھے گی۔ میر سیف اللہ کھیتران نے کہا کہ محکمہ سماجی بہبود وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز احمد بگٹی کے وژن اور پارلیمانی سیکرٹری حاجی ولی محمد نورزئی کی رہنمائی کو عملی اقدامات میں تبدیل کرنے کے لیے کوشاں ہے تاکہ بلوچستان بھر میں معذور افراد کی فلاح و بہبود اور انہیں بااختیار بنانے کے عمل کو مزید مؤثر بنایا جا سکے۔ انہوں نے امید ظاہر کی کہ "نک پروگرام" ایک ایسے جامع معاشرے کے قیام میں معاون ثابت ہوگا جہاں معذور افراد کو عزت، مساوی مواقع اور معاشرتی و معاشی سرگرمیوں میں بھرپور شرکت کے یکساں مواقع میسر ہوں گے۔ نک پروگرام — معذور افراد کو بااختیار بنانے اور ایک جامع بلوچستان کی تعمیر کی جانب اہم قدم ہے

بقیہ 37

مذمت کی ہے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان پبلک سروس کمیشن ایک خودمختار ادارہ ہے، مگر اس میں مسلسل سیاسی مداخلت کے باعث شفافیت اور میرٹ پر مبنی تقرریوں کا عمل شدید خدشات اور سوالات کی زد میں آ گیا ہے۔ تحصیلدار کی آسامیوں کے لیے 2022 میں اشتہار شائع کیا گیا تھا، جبکہ ان کے تحریری امتحانات کا انعقاد 2024 میں ہوا۔ چار سال کی طویل تاخیر کے بعد اگست 2026 میں انٹرویوز کا سلسلہ شروع ہی ہوا تھا کہ انہیں اچانک ملتوی کر دیا گیا۔ چار سال تک امیدواروں کو ایک ہی آسامی کے لیے لٹکائے رکھنا ان کے مستقبل کے ساتھ سراسر کھلواڑ ہے۔ بلوچستان اس وقت بے روزگاری کے شدید بحران سے گزر رہا ہے، سرکاری اداروں میں کرپشن، اقربا پروری اور غیر قانونی تعیناتیاں عروج پر ہیں، جس کی وجہ سے پبلک سروس کمیشن بے روزگار نوجوانوں کے لیے امید کی آخری کرن سمجھا جاتا ہے۔ اس ادارے میں سیاسی مداخلت سے ہزاروں باصلاحیت نوجوانوں میں شدید مایوسی پھیل رہی ہے۔ سیکرٹری محکمہ صحت کی جانب سے وزیر اعلیٰ بلوچستان کو دوسرے صوبوں کے لوکل/ڈومیسائل کے حامل افراد کو بلوچستان کے محکمہ صحت میں بھرتی کرنے سے متعلق مراسلہ بھیجنا، مقامی نوجوانوں کے حقوق پر ڈاکہ ڈالنے کے مترادف ہے۔ بلوچستان میں پہلے ہی سیکڑوں بے روزگار ڈاکٹرز، میڈیکل ٹیکنیشن اور ڈپلومہ ہولڈرز موجود ہیں۔ جامعات میں تقرریاں اٹھارویں ترمیم کے بعد تمام صوبے اپنی جامعات میں صرف مقامی ڈومیسائل کے حامل افراد کو ہی ملازمتیں دیتے ہیں، جبکہ بلوچستان کی مختلف جامعات میں سندھ، پنجاب اور خیبر پختونخوا کے ڈومیسائل پر بالواسطہ بھرتیوں کا سلسلہ جاری ہے جو کہ ناانصافی ہے۔ انہوں نے اپنے بیان میں کہا ہے کہ تحصیلدار کی آسامیوں کے ملتوی شدہ انٹرویوز کا فوری دوبارہ آغاز کیا جائے اور بلوچستان کے بے روزگار نوجوانوں کے لیے میرٹ پر شفاف تقرریوں کو یقینی بنایا جائے۔ بلوچستان پبلک سروس کمیشن میں ہر قسم کی سیاسی مداخلت کو فوری طور پر روکا جائے۔ محکمہ صحت اور بلوچستان کی تمام جامعات (ہائیر ایجوکیشن) میں دوسرے صوبوں کے ڈومیسائل پر کی جانے والی تمام غیر قانونی تقرریوں کے عمل کا سدباب کیا جائے اور صوبے کے حقدار نوجوانوں کو ان کا جائز حق دیا جائے۔

بقیہ 38

استعمال کرنے کا سلسلہ تاحال جاری ہے، جس کے باعث رات کے وقت سامنے سے آنے والے دیگر موٹر سائیکل سواروں کو شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔ تیز روشنی براہ راست آنکھوں پر پڑنے سے چند لمحوں کے لیے راستہ واضح نظر نہیں آتا، جس سے ٹریفک حادثات کا خدشہ بڑھ جاتا ہے۔ شہریوں نے ضلعی انتظامیہ سے مطالبہ کیا ہے کہ موٹر سائیکلوں پر غیر ضروری اور انتہائی تیز سرچ لائٹس کے استعمال کا نوٹس لیا جائے اور خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف قانون کے مطابق کارروائی کی جائے۔

بقیہ 39

میں کھڑا کرنا نہ سیاسی بصیرت ہے اور نہ ہی قانون و انصاف کے تقاضوں سے مطابقت رکھتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ کسی بھی جائیداد میں دہشت گردوں کی موجودگی یا کسی حملے کے مبینہ طور پر وہاں سے کیے جانے کی صورت میں جائیداد کے مالک کو محض ملکیت کی بنیاد پر دہشت گردوں کا سہولت کار قرار دینا قانونی اصولوں کی صریح خلاف ورزی اور شہریوں کے بنیادی حقوق کے منافی طرز عمل ہے۔ جرم کا تعین شواہد اور تحقیقات سے ہوتا ہے، حکومتی بیانات یا مفروضوں سے نہیں۔ انہوں نے کہا کہ مستونگ کے عوام کو دوسری جگہ منتقل کرنے اور باغات ختم کرنے جیسے بیانات انتہائی غیر ذمہ دارانہ اور قابل مذمت ہیں۔ چند افراد کی مبینہ کارروائیوں کی سزا ہزاروں بے گناہ شہریوں، زمینداروں، کسانوں اور محنت کشوں کو دینا اجتماعی سزا کے مترادف ہے جسے کسی مہذب، جمہوری اور آئینی معاشرے میں قبول نہیں کیا جا سکتا۔ انہوں نے کہا کہ حکومت اگر دہشت گردوں اور ان کے سہولت کاروں کے خلاف کارروائی کرنا چاہتی ہے تو شواہد اکٹھے کرے، ذمہ دار افراد کی نشاندہی کرے اور قانون کے مطابق انہیں عدالت کے کٹہرے میں لائے۔ عوام کے باغات، گھروں اور معاش کا خاتمہ مسئلے کا حل نہیں بلکہ ریاست اور عوام کے درمیان فاصلے بڑھانے کا باعث بنے گا۔ انہوں نے کہا کہ مستونگ کے زمیندار اور عوام ملک و صوبے کے معاشی ڈھانچے کا حصہ ہیں، انہیں مشکوک اور مجرم ثابت کرنے کی کوشش قابل افسوس ہے۔ حکومت کو چاہیے کہ ایسے بیانات سے گریز کرے جو پہلے سے بدامنی اور محرومی کا شکار بلوچستان کے عوام میں مزید بے اعتمادی پیدا کریں۔ انہوں نے کہا کہ وزیر اعلیٰ بلوچستان مستونگ سے متعلق اپنے متنازع ریمارکس کی فوری وضاحت کریں

مستونگ کے باغات اور شہریوں سے متعلق وزیراعلیٰ بلوچستان کے ریمارکس قابلِ تشویش ہیں

حکومت دہشت گردوں کا تعاقب کرے عوام کا نہیں، جمعیت (ف)

مستونگ کے عوام کو اجتماعی سزا دینے کی دھمکی ناقابلِ قبول ہے، مولانا عبدالرحمن رفیق، عین اللہ شمس

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ کے امیر شیخ الحدیث مولانا عبدالرحمن رفیق، جنرل سیکرٹری حاجی عین اللہ شمس، سینئر نائب امیر مولانا خورشید احمد، ڈپٹی سیکرٹری جنرل حاجی بشیر احمد کاکڑ، حافظ شبیر احمد مدنی، حاجی رحمت اللہ کاکڑ، سید حاجی عبدالواحد آغا، حافظ مسعود احمد، حاجی محمد قاسم خلجی، حاجی ولی محمد بڑیچ، ملک اللہ مینگل اور شاہ زاہد مشوانی نے وزیراعلیٰ بلوچستان کے مستونگ کے باغات (بقیہ 6 اندرونی صفحہ 3 پر)

حکومت کھڈ کوچہ کے عوام کو تکلیف دے رہی ہے، عبدالغفور حیدری

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علماء اسلام پاکستان کے مرکزی سیکرٹری جنرل مولانا عبدالغفور حیدری نے کہا ہے کہ مستونگ اور بالخصوص کھڈ کوچہ کے عام عوام کو حکومت تکلیف میں ڈال رہی ہے اور ان کو اپنے گھروں کو چھوڑنے کا کہہ رہی ہے، بچوں کے لیے (بقیہ 8 اندرونی صفحہ 3 پر)

نواز شریف نے نومنتخب وزیراعظم آزاد کشمیر سید افتخار گیلانی کو ملاقات کیلئے لاہور بلا لیا

کابینہ کیلئے مشاورت کا امکان، آزاد کشمیر کی نئی کابینہ جلد یا منگل کو حلف اٹھا سکتی ہے، ذرائع

اسلام آباد (آن لائن) مسلم لیگ (ن) کے صدر محمد نواز شریف نے نومنتخب وزیراعظم آزاد کشمیر سید افتخار گیلانی کو ملاقات کیلئے لاہور بلا لیا، کابینہ کیلئے مشاورت کا امکان ہے اور ذرائع کے مطابق امکان ہے کہ آزاد کشمیر کی نئی کابینہ جلد یا منگل کو حلف اٹھائے گی۔ ذرائع کے مطابق مسلم لیگ ن کے صدر میاں محمد نواز شریف سے نومنتخب وزیراعظم آزاد کشمیر سید افتخار گیلانی کا رابطہ ہوا ہے۔ میاں نواز شریف نے نومنتخب وزیراعظم آزاد کشمیر کو آج اتوار کو لاہور ملاقات کے لئے بلا لیا۔ ملاقات میں نومنتخب وزیراعظم میاں محمد نواز شریف کا وزیراعظم نامزدگی (بقیہ 7 اندرونی صفحہ 3 پر)

ایران کی مسلم ممالک کے درمیان عدم جارحیت و باہمی سلامتی معاہدے کی تجویز اہم پیش رفت ہے

پاکستان، ایران، سعودی عرب اور ترکیہ کے درمیان پل کا کردار ادا کرسکتا ہے، سینیٹر محمد عبدالقادر

علاقائی سکیورٹی نظام کو فوجی تعاون تک محدود نہ رکھا جائے، چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے دفاعی پیداوار

کوئٹہ (آن لائن) چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے دفاعی پیداوار سینیٹر محمد عبدالقادر نے کہا ہے کہ ایرانی صدر مسعود پزشکیان کی مسلم ممالک کے درمیان باہمی سلامتی اور عدم جارحیت کے معاہدے کی تجویز ایسے وقت سامنے آئی ہے جب مشرق وسطیٰ شدید کشیدگی، باہمی عدم اعتماد اور مسلسل سکیورٹی بحران کا سامنا کر رہا ہے۔ ایران کی یہ تجویز اگر عملی شکل اختیار کرتی ہے تو خطے میں ایک ایسے نئے سکیورٹی (بقیہ 4 اندرونی صفحہ 3 پر)

مراد سعید نے ہرجانے کیخلاف اسلام آباد ہائیکورٹ سے رجوع کرلیا

اسلام آباد (آن لائن) سابق وفاقی وزیر اور پی ٹی آئی کے رہنما مراد سعید نے ڈسٹرکٹ کورٹ کے ہرجانے کے فیصلے کے خلاف اسلام آباد ہائی کورٹ سے رجوع کرلیا۔ مراد سعید نے اپیل میں احسن اقبال کا 25 لاکھ روپے کے ہرجانے کا ڈگری شدہ (بقیہ 5 اندرونی صفحہ 3 پر)

پمز چلڈرن ہسپتال میں شارٹ سرکٹ کی وجوہات پر نئے سوالات اٹھ گئے

مرمتی کام کے دوران ایس او پیز نظر انداز ہونے کا انکشاف، مریض موجود رہے آلات کی اکھاڑ پچھاڑ جاری

اسلام آباد (آن لائن) پمز کے چلڈرن ہسپتال میں پیش آنے والے مبینہ شارٹ سرکٹ کے واقعے کی تحقیقات کے دوران معاملہ نیا رخ اختیار کر گیا ہے۔ ذرائع کے مطابق ہسپتال کے فرسٹ فلور پر واقع ایم سی ایچ میں گزشتہ ڈیڑھ ماہ سے مرمتی کام جاری تھا، جس کے دوران مبینہ طور پر حفاظتی اور انتظامی ایس او پیز کو نظر انداز کیا گیا۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ مرمتی کام کے باعث مریضوں اور ان کے لواحقین کو طویل عرصے سے مشکلات کا سامنا تھا، جبکہ مریضوں کی موجودگی میں تعمیر و مرمت کے کام کے دوران حفظانِ صحت کے اصولوں پر بھی مناسب (بقیہ 3 اندرونی صفحہ 3 پر)

کراچی: وفاقی وزیر ڈاکٹر مصطفیٰ کمال و دیگر ایک تقریب سے خطاب کر رہے ہیں۔

پابندیاں انسانیت کیخلاف جرم، تمام ممالک عمل درآمد سے گریز کریں، ایران

نئی امریکی پابندیاں لاکھوں ایرانی شہریوں کی صحت اور روزگار کے لیے سنگین خطرہ ہیں، وزارت خارجہ

تمام ممالک ایران کے خلاف امریکی پابندیوں پر عمل درآمد سے گریز کریں

تہران (آن لائن) ایران نے امریکا کی جانب سے عائد نئی اقتصادی پابندیوں کو ریاستی دہشت گردی اور انسانیت کے خلاف جرم قرار دے دیا۔ ایرانی وزارت خارجہ نے کہا ہے کہ امریکی پابندیوں میں شرکت غیر قانونی امریکی اقدامات میں معاونت کے مترادف ہے، لہٰذا تمام ممالک ایران کے خلاف امریکی پابندیوں پر عمل درآمد (بقیہ اندرونی صفحہ 3 پر)

پیپلز پارٹی آزاد کشمیر کو قانون ساز اسمبلی میں اپوزیشن لیڈر کا منصب مل گیا

پیپلز پارٹی آزاد کشمیر کے صدر چوہدری محمد یاسین اپوزیشن لیڈر بن گئے، منصب سنبھال لیا

مظفرآباد (آن لائن) پیپلز پارٹی آزاد کشمیر کے صدر چوہدری محمد یاسین اپوزیشن لیڈر بن گئے۔ چوہدری محمد یاسین آزاد کشمیر قانون ساز اسمبلی میں قائد حزب اختلاف مقرر کئے گئے ہیں۔ اس طرح پیپلز پارٹی آزاد کشمیر کو قانون ساز (بقیہ اندرونی صفحہ 3 پر)

ملک اور پشتونخوا وطن میں پشتونوں کو جینے کا حق نہیں دیا جا رہا ہے، پشتونخوا میپ

پشتون قبائلی، معاشرتی زندگی میں جرگہ کو اہمیت حاصل ہے، ڈاکٹر حامد خان اچکزئی و دیگر

کاروبار، روزگار، تجارت کے دروازے بند کردیئے گئے ہیں، جبار خان اتمانخیل، عبدالقہار خان ودان

کوئٹہ (آن لائن) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے مرکزی سیکرٹری ڈاکٹر حامد خان اچکزئی، مرکزی سیکرٹری جبار خان اتمانخیل، صوبائی صدر عبدالقہار خان ودان نے اپنے بیان میں کہا ہے کہ پشتونخوا میپ پشتون قومی جرگہ کی میزبان ہوگی، جنوبی پشتونخوا کے عوام کو جرگہ کی موجودہ حالات کے تناظر میں انتہائی اہمیت کا حامل ہے... (بقیہ 9 اندرونی صفحہ 3 پر)

ڈگری کالج چمن کے پرنسپل عجیب خان مروت کے حوالے سے کئی برسوں سے جو مختلف شکایات سامنے آرہی ہیں

مبینہ بدانتظامی، غیر حاضری، اختیارات کے ناجائز استعمال اور مالی بے ضابطگیوں کے الزامات شامل ہیں، بیان

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علماء اسلام نظریاتی بلوچستان کے جاری کردہ پریس ریلیز میں وزیر اعلیٰ بلوچستان، چیف سیکرٹری بلوچستان، ڈی جی نیب، ڈائریکٹر اینٹی کرپشن، وزیر تعلیم بلوچستان اور سیکرٹری تعلیم بلوچستان سے اپیل کی گئی کہ ضلع چمن کے ڈگری کالج چمن سے متعلق عوام کے بڑھتی ہوئی شکایات اور تحفظات کے پیش نظر ڈگری کالج چمن کے پرنسپل عجیب خان مروت کے حوالے سے کئی (بقیہ 10 اندرونی صفحہ 3 پر)

امریکا کا عراق کے کردستان ریجن کی فوجی امداد ختم کرنیکا منصوبہ

واشنگٹن (آن لائن) امریکا نے عراق کے کردستان ریجن کی فوجی امداد ختم کرنیکا منصوبہ بنالیا، برطانوی (بقیہ 13 اندرونی صفحہ 3 پر)

اوستہ محمد پولیس کو 15 نئے موٹر سائیکل فراہم، گشت کا نظام مزید مؤثر بنانے کا فیصلہ

نئے وسائل عوام کے تحفظ اور امن کیلئے بھرپور استعمال کریں، ایس پی حافظ معاذ الرحمان

اوستہ محمد (اے این این) وزیراعلیٰ بلوچستان کی ہدایات پر صوبائی وزیر لائیو اسٹاک سردار زادہ فیصل خان جمالی کی خصوصی کاوشوں اور آئی جی بلوچستان کے تحت نئے سی ڈی 125 موٹر سائیکل فراہم کر دیے گئے، جنہیں مختلف تھانوں اور پولیس چوکیوں کے افسران کے حوالے کر دیا گیا۔ ایس پی اوستہ محمد حافظ (بقیہ 11 اندرونی صفحہ 3 پر)

گوادر۔ ڈائریکٹر جنرل جی ڈی اے معین الرحمن خان جی ڈی اے واٹر سیکشن سے متعلق اجلاس کی صدارت کررہے ہیں۔

پشین میں 30 گھنٹوں سے بجلی کی مسلسل بندش، انجمن تاجران کا شدید احتجاج کی دھمکی

پشین (آن لائن) انجمن تاجران و دوکانداران پشین کے ضلعی صدر نصیب اللہ کاکڑ کیبزئی، چیئرمین ملک محب الرحمن، نائب صدر خواجہ عبید اللہ بازکزئی، محمد (بقیہ 14 اندرونی صفحہ 3 پر)

پٹرولیم لیوی ختم، بجلی اور روٹی کی قیمتیں کم کی جائیں، 3 ستمبر کو ملک گیر ہڑتال کا اعلان

حکمرانوں کے پاس کوئی راستہ نہیں، لیوی ختم، بجلی، روٹی سستی کی جائے، حافظ نعیم الرحمن

چیچہ وطنی (آن لائن) امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمن نے کہا ہے کہ عوام کے صبر کا پیمانہ لبریز ہو چکا، حکمرانوں کے پاس عوامی مطالبات تسلیم کرنے کے سوا کوئی راستہ نہیں۔ پٹرولیم لیوی ختم، بجلی اور روٹی کی قیمتیں کم کی جائیں، 3 ستمبر کو ملک گیر ہڑتال ہوگی، اسلام آباد کی جانب لانگ مارچ کریں گے، کوئٹہ میں کل سے (بقیہ 12 اندرونی صفحہ 3 پر)

ٹرمپ کا وینزویلا سے تیل کے تاریخ کے سب سے بڑے معاہدے کا اعلان

واشنگٹن (آن لائن) صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے وینزویلا سے تیل کے تاریخ کے سب سے بڑے معاہدے کا اعلان کرتے ہوئے کہا ہے کہ امریکہ نے وینزویلا کے 65 ارب بیرل تیل کے ذخائر کا (بقیہ 16 اندرونی صفحہ 3 پر)

پمز میں 14 بچوں کی ہلاکت نظام صحت پر بڑا سوالیہ نشان ہے: مصدق ملک

غریب اور امیر کے لیے یکساں طبی سہولیات یقینی بنانا ہوں گی، وفاقی وزیر

اسلام آباد (آن لائن) وفاقی وزیر موسمیاتی تبدیلی ڈاکٹر مصدق ملک نے پمز ہسپتال میں 14 بچوں کے جاں بحق ہونے کے واقعے پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ یہ سانحہ ملک کے نظام صحت پر ایک بڑا سوالیہ نشان ہے۔ ایسے واقعات اس وقت تک نہیں رکیں گے جب تک امیر اور غریب کے لیے صحت کی سہولیات (بقیہ 17 اندرونی صفحہ 3 پر)

علی پرویز ملک کی او جی ڈی سی ایل، پی پی ایل اور پی ایس او قیادت سے الگ الگ ملاقاتیں

حکومت سرمایہ کاری، دوستانہ اور طویل مدتی توانائی فریم ورک کی تشکیل دے رہی ہے، وزیر پٹرولیم

اہم آہنگ پٹرولیم سیکٹر تشکیل دے رہی ہے، وزیر علی پرویز ملک

کراچی (آن لائن) کراچی میں پٹرولیم انڈسٹری کے اجلاس میں متعلقہ شعبے، غیر ملکی سرمایہ کاروں اور ممتاز میڈیا نمائندگان نے شرکت کی۔ وفاقی وزیر پٹرولیم علی پرویز ملک کی اوورسیز انویسٹرز چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری اور پی ایس او کی قیادت سے الگ الگ ملاقاتیں ہوئیں۔ ملاقاتوں میں پٹرولیم سیکٹر میں سرمایہ کاری کے مواقع اور جاری اصلاحات پر تبادلہ خیال کیا گیا... (بقیہ 15 اندرونی صفحہ 3 پر)

ملک عبدالحمید مری کا ساتھیوں سمیت بلوچستان نیشنل پارٹی میں شمولیت کا اعلان

کوئٹہ (آن لائن) مری قبیلے کی معروف سیاسی و قبائلی شخصیت ملک صورت خان مری کے چھوٹے فرزند ملک عبدالحمید مری نے اپنے ساتھیوں سمیت (بقیہ 18 اندرونی صفحہ 3 پر)

پاکستان اور ہانگ کانگ میں ڈیجیٹل فنانس تعاون بڑھانے پر اہم پیش رفت

ٹوکنائزڈ ڈیجیٹل مارکیٹس، ڈیجیٹل بانڈز، فن ٹیک، اے آئی اور سائبر سکیورٹی میں اشتراک کے امکانات پر غور

اسلام آباد (آن لائن) پاکستان اور ہانگ کانگ کے درمیان ڈیجیٹل فنانس اور جدید مالیاتی ٹیکنالوجی کے شعبوں میں تعاون بڑھانے کی جانب اہم پیش رفت ہوئی ہے۔ چیئرمین پاکستان ورچوئل اثاثہ جات ریگولیٹری اتھارٹی بلال بن ثاقب نے ہانگ کانگ میں اعلیٰ سطحی ملاقاتوں کے دوران ٹوکنائزڈ ڈیجیٹل مارکیٹس، ڈیجیٹل بانڈز، ہائی اسپیڈ فن ٹیک سمیت جدید ٹیکنالوجی کے شعبوں میں دوطرفہ تعاون کے حوالے سے (بقیہ 19 اندرونی صفحہ 3 پر)

خاران گودام میں مبینہ چوری کی کوشش ناکام، 3 مسلح ملزمان گرفتار، اسلحہ برآمد

کوئٹہ (آن لائن) خاران پولیس نے گودام میں نقب زنی کی کوشش ناکام بناتے ہوئے 3 ملزمان کو گرفتار کرکے اسلحہ اور ایمونیشن برآمد کرلیا۔ پولیس کے (بقیہ 21 اندرونی صفحہ 3 پر)

برطانیہ میں پناہ گزینوں کے باعث بیٹیوں کو گھر میں رکھنے کی ہدایت کا خط جعلی نکلا

لندن (آن لائن) برطانیہ میں سوشل میڈیا پر ایک خط تیزی سے وائرل ہوا جس میں مبینہ طور پر جنوب مشرقی لندن کی بیکسلے بورو کونسل کی جانب سے شہریوں کو پناہ گزینوں کے باعث اپنی بیٹیوں کو گھروں کے اندر رکھنے کی ہدایت کی گئی تھی۔ حکام نے اس خط کو جعلی قرار دے دیا ہے۔ اگست کے آخر میں ایک ویڈیو بورڈ پر چلائے جانے پر شیئر کی گئی جس میں ایک خاتون بیکسلے بورو کونسل کے لوگو والا خط دکھاتے ہوئے اسے پڑھ رہی تھیں۔ خاتون نے (بقیہ 20 اندرونی صفحہ 3 پر)

مستونگ اور بالخصوص کھڈ کوچہ کے عام عوام کو حکومت تکلیف میں ڈال رہی ہے، مرکزی سیکرٹری جنرل جمعیت (ف)

حکومت جبری طور پر لوگوں کو گھر چھوڑنے پر مجبور کر رہی ہے، مولانا عبدالغفور حیدری

کسی مناسب جگہ پر خیمہ بستی قائم کرے، لوگوں کے کھانے پینے کا انتظام کرے اس کے بعد لوگوں کو خیمہ بستی میں منتقل کرے

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علماء اسلام پاکستان کے مرکزی سیکرٹری جنرل مولانا عبدالغفور حیدری نے کہا ہے کہ مستونگ اور بالخصوص کھڈ کوچہ کے عام عوام کو حکومت تکلیف میں ڈال رہی ہے اور ان کو اپنے گھروں کو چھوڑنے کا کہہ رہی ہے، بچوں کے لیے رہائش کا کوئی انتظام بھی نہیں ہے۔ حکومت کا یہ رویہ، یہ ظلم اور زیادتی ہٹلر کو بھی پیچھے چھوڑ رہا ہے۔ وزیراعلیٰ شیش محل میں بیٹھ کر بے گناہ بلوچ (بقیہ 22 اندرونی صفحہ 3 پر)

رکھنی اسسٹنٹ کمشنر فہد حسین عمرانی نے ڈاکٹر اور طبی عملے کی غیر حاضری کی شکایت پر بنیادی مرکز صحت کا دورہ کر رہے ہیں

اب شہر میں کوئی مرغا نہیں بنے گا، مرغا بننے کا وقت ختم ہوگیا، مرتضیٰ وہاب

کراچی (آن لائن) میئر کراچی مرتضیٰ وہاب کا کہنا ہے کہ اب شہر میں کوئی مرغا نہیں بنے گا، مرغا بننے کا وقت ختم ہوگیا۔ کراچی میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے میئر کراچی نے کہا کہ اب کام، ترقی اور تعمیر کا وقت ہے، انہوں نے کہا کہ ضلع کورنگی میں پہلے صرف ایم کیو ایم کا کنٹرول اور راج ہوا کرتا تھا، اب (بقیہ 23 اندرونی صفحہ 3 پر)

کراچی: وفاقی وزیر پیٹرولیم علی پرویز ملک اوورسیز انویسٹرز چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری قیادت سے ملاقات کر رہے ہیں

بجلی کی کمی، رات کے پیک آورز میں تین گھنٹے تک عارضی لوڈ مینجمنٹ

آر ایل این جی عدم دستیابی، 3600 میگاواٹ بجلی کی، عارضی پیک آورز میں استعمال پر توجہ بڑھائیں

اسلام آباد (آن لائن) بجلی کی ترسیلی کمپنیوں کے مطابق ملک میں گزشتہ رات آر ایل این جی کی عدم دستیابی اور کارکردگی میں اضافے کے باعث 3 ہزار 600 میگاواٹ بجلی کی کمی کا سامنا کرنا پڑا، جبکہ منگلا سے بجلی کی پیداوار میں بھی 195 میگاواٹ کی کمی... بجلی صارفین کے لیے پیک آورز میں ڈیڑھ سے 3 گھنٹے تک عارضی لوڈ مینجمنٹ کی گئی... (بقیہ 24 اندرونی صفحہ 3 پر)

سہیل آفریدی کی آیت نور کے گھر آمد، ملزمان کو کڑی سزا دینے کی یقین دہانی

ہری پور (آن لائن) ہری پور میں وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا سہیل آفریدی آیت نور کے گھر پہنچ گئے، جہاں انہوں نے آیت نور کے والدین سے ملاقات کی اور فاتحہ خوانی کی۔ آیت نور کے والد نے کہا کہ ہری پور میں سب کا شکریہ ادا کرتا ہوں، سب میرے ساتھ (بقیہ 25 اندرونی صفحہ 3 پر)

جدید ٹیکنالوجی کے ذریعے مالیاتی نظام کو مزید مضبوط بنایا جا رہا ہے، شزا فاطمہ

ڈیجیٹلائزیشن کے ذریعے مختلف شعبوں میں شفافیت اور عوامی اعتماد کو فروغ دیا جا رہا ہے، انٹرویو

اسلام آباد (آن لائن) وزیر مملکت برائے انفارمیشن ٹیکنالوجی شزا فاطمہ نے کہا ہے کہ جدید ٹیکنالوجی کے ذریعے مالیاتی نظام کو مزید مضبوط بنایا جا رہا ہے۔ حکومت ڈیجیٹل معیشت کے فروغ کے لیے مؤثر اقدامات کر رہی ہے۔ ایک انٹرویو میں شزا فاطمہ نے کہا کہ عوام کو جدید ڈیجیٹل مالیاتی نظام سے منسلک کرنا حکومت کی ترجیح ہے جبکہ ڈیجیٹلائزیشن کے ذریعے مختلف شعبوں میں شفافیت اور عوامی اعتماد کو فروغ دیا جا رہا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ ڈیجیٹل پالیسی کے فروغ اور مالیاتی نظام کی ڈیجیٹل تشکیل پر خصوصی توجہ دی جا رہی (بقیہ 26 اندرونی صفحہ 3 پر)

کراچی چیمبر میں بلال اظہر کیانی کی تاجروں سے ملاقات، آسان ٹیکس اسکیم پر بریفنگ

کراچی (آن لائن) وزیر مملکت برائے خزانہ و ریلوے بلال اظہر کیانی نے کراچی چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کا دورہ کیا اور تاجروں و صنعت کاروں کے نمائندوں سے تفصیلی ملاقات کی۔ اجلاس میں کراچی، حیدرآباد اور سکھر کی تاجر برادری کا نمائندوں (بقیہ 30 اندرونی صفحہ 3 پر)

پاکستان نے 1,200 ارب روپے کی سب سے بڑی قبل از وقت قرض ادائیگی کردی

قرضوں کا مجموعی حجم 5,920 ارب روپے سے تجاوز کرگیا، تقریباً 6,000 ارب روپے بنتا ہے

اسلام آباد (آن لائن) پاکستان نے 1,200 ارب روپے کا قرض مقررہ مدت سے پہلے ادا کردیا، جسے اب تک کی سب سے بڑی واحد قبل از وقت قرض ادائیگی قرار دیا جا رہا ہے۔ دستیاب تفصیلات کے مطابق اس ادائیگی کے بعد (بقیہ 31 اندرونی صفحہ 3 پر)

نیویارک، سربراہ آر ایس ایس کی تقریر سے قبل تنظیم کے خلاف احتجاج

آر ایس ایس مسلمانوں، سکھوں، دلتوں اور عیسائیوں کے خلاف نفرت اور تشدد کو فروغ دینے میں ملوث رہی ہے، مظاہرین

نیویارک (آن لائن) بھارتی انتہا پسند ہندو تنظیم آر ایس ایس کے سربراہ کی تقریر سے قبل نیویارک میں تنظیم کے خلاف احتجاجی مظاہرہ کیا گیا۔ مظاہرین نے الزام عائد کیا کہ آر ایس ایس مسلمانوں، سکھوں، دلتوں اور عیسائیوں کے خلاف نفرت اور تشدد کو فروغ دینے میں ملوث رہی ہے... (بقیہ 29 اندرونی صفحہ 3 پر)

اوستہ محمد، علاقے کی تعمیر و ترقی اور عوام کی خدمت اولین ترجیح ہے، میر محمد نعیم خان عمرانی

اوستہ محمد (آن لائن) جمعیت علمائے اسلام ضلع اوستہ محمد کے جنرل سیکرٹری اور وارڈ نمبر 23 سے نومنتخب کونسلر نعیم خان عمرانی نے میونسپل کارپوریشن اوستہ محمد کے وائس چیئرمین کے پاس اپنی کامیابی کا نوٹیفکیشن جمع کروایا۔ اس موقع پر اوستہ محمد پریس کلب کے صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے میر محمد نعیم خان عمرانی (بقیہ 28 اندرونی صفحہ 3 پر)

شیرانی کے ہیڈ کوارٹر مانی خواہ میں ایک اہم اور باوقار کھلی کچہری کا انعقاد

عوام کے خادم اور ان کے مسائل کا حل ہمارا اولین فرض ہے، ڈی سی کلیم اللہ کاکڑ

شیرانی (آن لائن) شیرانی کے ہیڈکوارٹر مانی خواہ میں ایک اہم اور باوقار کھلی کچہری کا انعقاد کیا گیا، جس کی سربراہی ڈپٹی کمشنر شیرانی کلیم اللہ کاکڑ نے کی۔ کھلی کچہری میں ضلع کے مختلف سرکاری محکموں کے افسران اور ذمہ داران نے شرکت کی تاکہ عوام کو درپیش مسائل براہ راست سنے جائیں اور ان کے حل کے لیے عملی اقدامات کیے جا سکیں۔ کھلی کچہری کا بنیادی مقصد عوام اور ضلعی انتظامیہ کے درمیان براہ راست رابطے کو مزید مضبوط بنانا، شہریوں کی شکایات سننا اور ان کے مسائل کا بروقت ازالہ کرنا اور مختلف سرکاری محکموں سے متعلق عوامی مشکلات کو متعلقہ افسران تک پہنچانا تھا۔ اس موقع پر مانی خواہ اور ضلع شیرانی کے مختلف علاقوں سے (بقیہ 27 اندرونی صفحہ 3 پر)

ٹوکنائزڈ ڈیجیٹل مارکیٹس، ڈیجیٹل بانڈز، فن ٹیک، اے آئی اور سائبر سکیورٹی میں اشتراک کے امکانات پر غور

پاکستان اور ہانگ کانگ میں ڈیجیٹل فنانس تعاون بڑھانے پر اہم پیش رفت

ہانگ کانگ پاکستانی ٹیکنالوجی کمپنیوں اور عالمی سرمایہ کاروں کے درمیان ایک اہم پل کا کردار ادا کرسکتا ہے، بلال بن ثاقب

اسلام آباد (آن لائن) پاکستان اور ہانگ کانگ کے درمیان ڈیجیٹل فنانس اور جدید مالیاتی ٹیکنالوجی کے شعبوں میں تعاون بڑھانے کی جانب اہم پیش رفت ہوئی ہے۔ چیئرمین پاکستان ورچوئل اثاثہ جات ریگولیٹری اتھارٹی بلال بن ثاقب نے ہانگ کانگ میں اعلیٰ سطحی ملاقاتوں کے دوران ٹوکنائزڈ ڈیجیٹل مارکیٹس، ڈیجیٹل بانڈز، ہائی اسپیڈ فن ٹیک سمیت جدید ٹیکنالوجی کے (بقیہ 32 اندرونی صفحہ 3 پر)

ڈپٹی کمشنر قلات انجینئر عائشہ زہری گورنمنٹ گرلز ڈگری کالج قلات میں تدریسی سرگرمیوں کا جائزہ لے رہی ہیں۔

برآمدات بڑھانے کیلئے نجی شعبے کو فعال کردار ادا کرنا ہوگا، ہارون اختر خان

وزیراعظم اور فیلڈ مارشل کی قیادت میں پاکستان آگے بڑھ رہا ہے، میڈیا سے گفتگو

لاہور (آن لائن) وزیراعظم کے مشیر ہارون اختر خان نے کہا ہے کہ ملکی برآمدات میں نمایاں اضافے کے لیے حکومت کے ساتھ نجی شعبے کو بھی آگے بڑھ کر اپنا کردار ادا کرنا ہوگا، پائیدار معاشی ترقی کے لیے سیاسی استحکام ناگزیر ہے۔ لاہور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے ہارون اختر خان نے کہا کہ حکومت کاروباری (بقیہ 33 اندرونی صفحہ 3 پر)

اسمگلنگ کیس، انجیرہ میں پولیس کا چھاپہ، اسلحہ، گاڑیاں اور منشیات برآمد

کوئٹہ (آن لائن) ڈی آئی جی پولیس قلات رینج وزیر خان ناصر نے کہا ہے کہ خضدار کے علاقے انجیرہ میں اسمگلنگ کیس کے سلسلے میں پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے متعدد افراد کو گرفتار کرکے ڈبل سے منشیات بھاری مقدار میں اسلحہ اور ایمونیشن برآمد کرلیا، تاہم کیس کا مرکزی ملزم ظہور رئیسانی تاحال پولیس کی گرفت میں نہیں آسکا، میڈیا سے (بقیہ 34 اندرونی صفحہ 3 پر)

ایپکس جلوس مستونگ میں جشن عید میلاد النبی عقیدت و احترام سے منایا گیا

کوئٹہ (اے این این) کانک اور گرد و نواح میں 12 ربیع الاول کا دن انتہائی جوش و جذبے سے منایا گیا۔ (بقیہ اندرونی صفحہ 3 پر)

بلوچستان حکومت کا معذور افراد میں ٹنگ پروگرام تحت ٹرائی سائیکلیں تقسیم جاری

کوئٹہ (آن لائن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز احمد بگٹی کی ہدایت اور خصوصی ہدایات پر پارلیمانی (بقیہ اندرونی صفحہ 3 پر)

تحصیلدار انٹرویوز ملتوی کرنا امیدواروں کے مستقبل سے کھلواڑ ہے، راجب بلیدی

دوسرے صوبوں کے ڈومیسائل پر کی جانے والی تمام غیر قانونی تقرریوں کے عمل پر سدباب کیا جائے

تحصیلدار کی آسامیوں کے ملتوی شدہ انٹرویوز کا فوری دوبارہ آغاز کیا جائے، بیان

کوئٹہ (آن لائن) راجب خان بلیدی ایڈووکیٹ (سابق وائس چیئرمین بلوچستان بار کونسل، سابق ممبر جوڈیشل کمیشن آف پاکستان و موجودہ ممبر بلوچستان بار کونسل) نے اپنے ایک اہم اخباری بیان میں بلوچستان پبلک سروس کمیشن (BPSC) کی جانب سے تحصیلدار کی آسامیوں کے انٹرویوز کے اچانک التوا کی شدید الفاظ میں (بقیہ 37 اندرونی صفحہ 3 پر)

نال میں موٹر سائیکلوں کی تیز سرچ لائٹس شہریوں کے لیے پریشانی کا باعث

کوئٹہ (آن لائن) نال میں موٹر سائیکلوں کی تیز سرچ لائٹس شہریوں کے لیے پریشانی کا باعث، انتظامیہ سے کارروائی کا مطالبہ۔ نال موٹر سائیکلوں پر تیز سرچ لائٹس کا استعمال، سامنے سے آنے والے شہری مشکلات سے دوچار۔ نال شہر میں بعض موٹر سائیکل سواروں کی جانب سے بلاجواز انتہائی تیز سرچ لائٹس (بقیہ 38 اندرونی صفحہ 3 پر)

مستونگ باغات سے متعلق وزیراعلیٰ کے ریمارکس تشویشناک ہیں، عبدالرحمن رفیق

حکومت دہشت گردوں کا تعاقب کرے عوام کو اجتماعی سزا دینے کی دھمکی ناقابل قبول ہے

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ کے امیر شیخ الحدیث مولانا عبدالرحمن رفیق، جنرل سیکرٹری حاجی عین اللہ شمس، سینئر نائب امیر مولانا خورشید احمد، ڈپٹی سیکرٹری جنرل حاجی بشیر احمد کاکڑ، حافظ شبیر احمد مدنی، حاجی رحمت اللہ کاکڑ، سید حاجی عبدالواحد آغا، حافظ مسعود احمد، حاجی محمد قاسم خلجی، حاجی ولی محمد بڑیچ، ملک اللہ مینگل اور شاہ زاہد مشوانی نے وزیراعلیٰ بلوچستان کے مستونگ کے باغات سے متعلق ریمارکس کو سختی سے مسترد کرتے ہوئے کہا ہے کہ دہشت گردی کے کسی واقعے کو بنیاد بنا کر پوری آبادی، زمینداروں اور محنت کشوں کو (بقیہ 39 اندرونی صفحہ 3 پر)

حب سٹی پولیس کی کارروائی موٹر سائیکل چوری گروہ کے 3 ملزمان گرفتار

کوئٹہ (آن لائن) حب سٹی پولیس نے موٹر سائیکل چوری کرنے والے گروہ کے 3 ملزمان کو گرفتار کرکے ان کے قبضے سے 2 مسروقہ موٹر سائیکلیں برآمد کرلیں۔ پولیس کے مطابق گزشتہ دنوں حب سٹی پولیس کے عملے نے کارروائی کرتے ہوئے موٹر سائیکل چوری میں ملوث تین ملزمان کو گرفتار کرکے (بقیہ 40 اندرونی صفحہ 3 پر)

خان محمد ابراہیم سنجرانی کے بھائی، سابق چیئرمین سینیٹ و رکن صوبائی اسمبلی محمد صادق سنجرانی اور میر اعجاز سنجرانی کے والد خان آصف خان سنجرانی مرحوم کی پہلی برسی میں سیاسی، قبائلی عمائدین اور علماء کرام شریک ہیں

چیف ایڈیٹر، پبلشر، پرنٹر ... روزنامہ تعمیر وطن ... فون: 2824878 موبائل نمبر: 03337867133 ای میل: tameerewatan33@gmail.com twnisb@gmail.com